الا ان اولیاء اللہ لا خوف علیہم ولا ہم یحزنون

الحمد للہ والمنۃ کہ کتاب مستطاب

پیراہن یوسفی

ترجمہ دفتر چہارم

مثنوی مولوی معنوی

از طبع معارف آگاہ

مولوی محمد یوسف علی شاہ چشتی نظامی گلشن آبادی ملک مالوہ

در مطبع منشی نولکشور واقع لکھنؤ حلیۂ طبع پوشید

باہتمام بی۔ بی۔ کپور سپرنٹنڈنٹ

قیمت ؎ ۳ر

فهرست مضامین پیراهن یوسفی دفتر چهارم

بیمن توفیق خالق کون و مکان و فضل خلاق زمین و زمان

عجب نسخۂ نادر ہے یہ ترجمہ ٭ سخن کی لطافت کو ہے مکتفی ٭ جو تھا سارے عالم کو ہر دل عزیز ٭ رکھا نام

پیراہن یوسفی

ترجمہ دفتر چہارم

مثنوی معنوی

از تصنیف معارف آگاہ مولوی محمد یوسف علیشاہ ولد محمد جلال الدین خان صاحب ملقب بہ اکابر میاں چشتی نظامی گلشن آبادی مد ظلہ العالی

مطبع نامی منشی نول کشور لکھنؤ میں بہ حسن زیبائی طبع و شائع

بسم اللہ الرحمن الرحیم

پیراہن یوسفی — مثنوی معنوی

ای ضیاء الحق حسام الدین توئی — کہ گذشت از مہ بنورت مثنوی
ہمتِ عالی تو ای مرتجی — میکشد این را خدا داند کجا
گردنِ این مثنوی را بستہ — میکشی آن سو کہ تو دانستہ
مثنوی پویان کشندہ ناپدید — ناپدید از جاہلی کش نیست دید
مثنوی را چون تو مبدا بودہ — گر فزون گردد توش افزودہ
چون چنین خواہی خدا خواہد چنین — می دہد حق آرزوی متقین
کان للہ بودہ در ما مضے — تا کہ کان اللہ لہ آمد جزا
مثنوی از تو ہزاران شکر داشت — در دعا و شکر کف ہا بر فراشت

اے ضیاء الحق حسام الدین توئی — ماہ پر غالب ہے تجھسے مثنوی
ہمتِ عالی تری اے مہربان — اسکو کھینچے ہے خدا جانے کہان
باندھی گردن مثنوی کی تونے ہے — جس طرف تو چاہے اسکو کھینچ لے
مثنوی دوڑے کشندہ ناپدید — ہے نہان جاہل سے کب ہے اسکو دید
مثنوی کا جو کہ تو مبدا ہوا — بڑھ گئی اسکو بڑا تونے کیا
جیسا تو چاہے وہی چاہے خدا — دیتا ہے حق آرزوے اتقیا
کان للہ جو کہ تو پہلے ہوا — تا کہ کان اللہ لہ آئی جزا
تجھسے صدہا شکر رکھے مثنوی — ہاتھ اٹھائے بس دعا میں اور بھی

بسم اللہ الرحمن الرحیم ۱ اے ضیاء الحق حسام الدین الخ ۲ شعر اے حسام الدین تو ہی ہے کہ تیرے سبب یہ مثنوی ماہ پر غالب ہوئی یہ تیری ہمت عالی اسکو کھینچتی ہے خدا جانے کہاں تک تونے مثنوی کی گردن باندھی ہے تو جس طرف اسکو کھینچے دیتی یا رسول اللہ صلعم تم ہی تو ہو کہ تمہارے پر تو سے یہ مثنوی ایسی روشن ہوئی کہ نور ماہ پر غالب ہو کہ تمہاری ہمت اسکو خدا جانے کہاں تک کھینچے گی کیونکہ تمنے گردن مثنوی کی باندھی کہ از معنی ہر دم سوا پیدا ہوتے ہیں یہ نہیں معلوم کہ انتہا اسکی کہاں تک ہے آگے راز مثنوی کے پیدا ہونے کا بیان ہے فافہم ۱۲ ۳ مثنوی الخ ۴ شعر مثنوی روڑتی جاتی ہے اور کھینچنے والا اس کا پیدا نہیں ایسے جاہل سے پوشیدہ ہے کہ اسکو دید نہیں ہے جو کہ تو مثنوی کا مبدا ہے وہ بڑھ گئی کہ اسکو تونے بڑا کیا ہے ۱۲ ۵ جیسا کہ الخ ۲ شعر جیسا کہ تو چاہتا ہے وہی خدا چاہتا ہے کیونکہ آرزو متقیون کی خدا دیتا ہے جو کہ واسطے اللہ کے پہلے ہو پس اللہ واسطے اسکے ہے کہ یہ جزا آئی یعنی بظاہر مثنوی رواں ہے مگر اس کے کھینچنے والے کو کوئی نہیں دیکھتا ہے وہ تم ہو کہ معنی مین بیان فرماتے ہین جو کہ تم اسکے مبدا ہو اسواسطے یہ مثنوی بڑھ گئی پس تمہارا چاہنا عین خدا کا چاہنا ہے بموجب حدیث کے من کان اللہ کان اللہ لہ یعنے جو کوئی کہ واسطے اللہ کے ہوگیا پس اللہ اس کے واسطے ہوگیا پس تمہارا فرمانا عین خدا کا فرمانا ہے آگے مثنوی کا بیان ہے فافہم ۱۲ ۶ یعنے الخ ۵ شعر تم سے مثنوی صد شکر رکھتی ہے اور دعا ہاتھ اٹھاتی ہے مثنوی کو جو حق نے خاک کر تمہارا پایا فضل کہو کے ۱۲ لطف زیادہ کیا کیونکہ شکر سے وعدہ لطف کا سوا ہے جیسے کہ مزد سجدے کی قرب خدا ہے چنانچہ ترجمہ سجدہ کرو اور اللہ کے نزدیک ہو عبدہ جسم کا قرب حق سے جز زیادہ ہو تو از راہ عجز کے ہاد رہا ہے وہ جو کرو فسر سے کب جو ۱۲ ۵ ہو کہ واسطے اللہ کے ۱۲ ۵ پس ہو واسطے اس کے اللہ ۱۲

در لب گفتش خدا شکر تو دید / فضل کرد و لطف فرمود و مزید
وانکه شاکر را زیادت وعده است / آنچنان که قرب مزد سجده است
گفت واسجد واقترب یزدان ما / قرب جان شد سجدهٔ ابدان ما
گر زیادت می شود زین رو بود / نز برای پوش و های و هو بود
با تو ماچون رز بتابستان خوشیم / حکم داری هین بکش تا می کشیم
خوش بکش این کاروان را تا بحج / ای امیر صبر و مفتاح الفرج
حج زیارت کردن خانه بود / حج رب البیت مردانه بود
زان ضیا گفتم حسام الدین ترا / که تو خورشیدی و این دو وصفها
کاین حسام و این ضیا هر دو یکیست / تیغ خورشید از ضیا باشد ولیک
نور زان ماه باشد وین ضیا / آن خورشید این فرو خوان از نبا
شمس را قرآن ضیا خواند ای پدر / وان قمر را نور خواند این را نگر
شمس چون عالی تر آمد خود ز ماه / پس ضیا از نور افزون دان بجاه
بس کس اندر نور مه منهج ندید / چون بر آمد آفتاب آن شد پدید
آفتاب اعراض را کامل نمود / لاجرم بازارها در روز بود
تا که قلب و نقد نیک آید پدید / تا بود از غبن و از حیله بعید
تا که نورش کامل آمد بر زمین / تاجران را رحمة للعالمین
لیک بر قلاب مبغوض است سخت / زانکه زو شد کاسد او را نقد و رخت

اسکو شاکر حق نے جو پایا ترا / فضل کر کے لطف اور زیادہ کیا
کہ ہے وعدہ لطف شاکر سے سوا / مزد سجدے کی ہے جیسے قرب خدا
بولا عہ اسجدوا واقترب وہ کبریا / قرب جاں ہے سجدہ اپنے جسم کا
جو زیادہ ہو تو اس صورت سے ہو / پائے وہو اور کروفر سے کب وہ
تجھسے سلہ ہم گرمی سے جوں انگور خوش / حکم تو دے ہو دیں ہم بادہ کش
لیکے چل اس کاروان کو تا بحج / اے امیر صبر عسہ مفتاح الفرج
حج زیارت کرنا بیت اللہ کا نام / حج رب البیت مردوں کا ہے کام
اے سٹہ حسام الدین ضیا تجکو کہیں / کہ تو شمس اور دو یہ تیرے صفت ہیں
یہ حسام اور یہ ضیا بس ایک ہے / تیغ خور کی ہے ضیا سے جان لے
نور ملک مہ ضیا خورشید کی / لیک ہے یہ پڑھ لے قرآن سے اخی
شمس کو قرآن میں فرمایا ضیا / اور قمر کو نور حق نے ہے کہا
شمس جو آیا ہے برتر ماہ سے / نور سے برتر ضیا کو جان لے
نور مہ میں رہ نہیں دیکھے یوں / جبکہ نکلا شمس وہ ظاہر ہوئی
خور نے خوب اسباب کو دکھلا دیا / اس لئے بازار کو دن میں رکھا
خوب آ کھوٹا کھرا معلوم ہو / تا نہ دھوکا کھائے اور مفہوم ہو
نور اس کا کامل آیا کہ زمیں / تاجروں کو رحمة للعالمین
پر دغا بازوں پہ بازار سخت ہے / کیونکہ اسکا کھوٹا پن ظاہر کرے

سلہ قولہ تجھسے الخ یہ شعر تجھسے خوش ہیں جیسے گرمی سے انگور تو ترجمہ حکم دے تاکہ ہم باو کش ہوں یعنی تیری گرمی کی فیضان سے ہم مست ہوں اس کاروان کو لیکر چل حج تک اسے امیر ترجمہ صبر کو کشایش کی کنجی ہے حج بیت اللہ کی زیارت کرنیکا نام ہے اور حج رب البیت مردوں کا کام ہے یعنی امیر مجھکو خدا سے ملا دے کہ یہی حج مردوں کا ہے بس یہ مثنوی تیری شکر گزاری ہو آگے ضیاء الحق حسام الدین کا بیان ہے کہ وہ دونوں نام حضرت رسول مقبول صلعم کے ہیں جیسا ترجمہ سٹہ اے حسام الدین الخ دو شعر اے حسام الدین تجکو ضیا کہیں تو شمس ہے اور یہ دونوں تیرے وصف ہیں یہ حسام الدین اور وہ ضیا ایک ہے ضیا تیغ خورشید کی ہے جان ہے نور ملک سے ماہ اور ضیا خورشید کی ہے جیسا کہ یہ تو پڑھ دے قرآن سے کہ شمس کو ضیا قرآن میں فرمایا اور قمر کو نور حق نے کہا ہے جبکہ شمس برتر ماہ سے آیا ہے ضیا کو نور سے برتر پایا ہے یعنی ضیا و حسام دونوں کے معنی ایک ہیں کیونکہ ضیا کی شکل تیغ کی صورت ہوتی ہے چونکہ خدا انکو شمس اور رسول اللہ کو ماہ اور صحابہ کو نجم اہل تصوف کہتے ہیں مولانا جناب رسول مقبول صلعم کو مثنوی میں ضیا و مہ تعبیر کرتے ہیں اور ضیا کے معنی قائم و مظہر لنیرہ یعنی قائم ساتھ ذات اپنی کے اور دکھانے والی واسطے دوسرے کے اور نور اس ضیا کو کہتے ہیں کہ قائم بالغیر ہے پس ضیا جو ہر ہے نور حق سبکو ضیا نہیں رہتی ہے اور دوسرے کو دکھاتی ہے اور نور خود جلتا ہے پس ضیا و قرص خورشید ہے ایک ایسے خدا اور رسول کی ہے ایک ہے چونکہ اس دفتر میں وحدت کا بیان ہے پس خود رسول کا ایک ہونا فرماتے ہیں آگے اسکا بیان ہے فافہم سٹہ قولہ الخ ۵ شعر نور ماہ میں راہ کوئی نہیں دیکھتا ہے جبکہ شمس نکلا وہ راہ ظاہر ہو خورشید نے اسباب کو خوب دکھلا دیا سو اسلئے بازار کو دن میں رکھتا ہے تاکہ کھوٹا کھرا خوب معلوم ہو اور دھوکا نہ کھائے اور خوب مفہوم ہو نور کامل شمس کا آیا زمین تک اور تاجروں کو رحمة للعالمین ہوا لیکن دغا بازوں پر بار و سخت ہے کیونکہ انکا کھوٹا پن ظاہر کرتا ہے یعنی نور شمس نبوت اولیاء اللہ رحمة للعالمین ہے اور ریاکاروں کو سخت بار ہے کہ انکا کھوٹا پن کھلتا ہے آگے اس کے حقائق ہیں فافہم ۱۲ عہ سجدہ کرو نزدیک ہو ۱۲ عسہ صبر کی کنجی کشادگی کی ہے ۱۲ رحمت واسطے عالم کے ہیں ۱۲

پس عدوے جان صرافست قلب　　دشمن درویش کہ بود غیر کلب
انبیا با دشمنان بر می تنند　　پس ملائک رب سلم می زنند
کاین چراغے را کہ ہست آن نوروار　　از تف و دمہائے دزدان دور دار
دزد قلاب ست خصم نور بس　　زین دواے فریاد رس فریاد رس
روشنی بر دفتر چارم بریز　　کافتاب از چرخ چارم کرد خیز
ہین ز چارم نور دہ خورشید وار　　تا بتابد بر بلاد و بر دیار
ہر کس افسانہ بخواند افسانہ ایست　　وانکہ دیدش نقد خود مردانہ ایست
آب نیل است و بقبطی خون نمود　　قوم موسیٰ را نہ خون بود آب بود
دشمن این حرف این دم در نظر　　شد ممثل سرنگون اندر سقر
اے ضیاء الحق تو دیدی حال او　　خود نمودت باسخ افعال او
دیدۂ غیبت چو غیب است اوستاد　　کم مبادا زین جہان این دید و داد
آن حکایت را کہ نقد وقت ماست　　گر تمامش میکنی اینجا رواست
ناکسان را ترک کن بہر کسان　　قصہ را پایان بر و مخلص رسان

۵۱ جان صرافون کا دشمن ہی قلب　　دشمن درویش کب ہو غیر کلب
انبیا دشمن سے جبکہ لڑتے ہین　　بس ملائک رب سلم کہتے ہین
اُن چراغون کو کہ وہ رکھتے ہین نور　　رکھ تو دم اور پھونک سے چورونکے دور
ہین دغا و چور خصم نور بس　　تو بچا ان دو سے اے فریاد رس
۵۲ روشنی تو چوتھی دفتر پر بڑھا　　کہ فلک چوتھے سے خورشید اب چلا
نور اس چوتھے سے جون خورشید دے　　تاکہ چمکے شہر اور اقلیم سے
جسنے افسانہ پڑھا افسانہ ہے　　جسنے دیکھا نقد اسے مردانہ ہے
قبطیون کو خون تھا جو آب نیل　　سبطیون کو خون نہ تھا وہ آب نیل
۵۳ دشمن ان حرفونکو اسدم دیدہ مین　　سرنگون اور مسخ رو دوزخ مین ہین
حال انکا اے ضیا تم کو کھلا　　دو جواب آنکے برے افعال کا
آنکھ تیری غیب کی ہے اوستاد　　اس جہان سے کم نہ ہو یہ دید و داد
جو حکایت میری نقد وقت ہے　　یان تمام اب اسکو کرنا چاہئیے
۵۴ پس بدونکو چھوڑ نیکون کے لئے　　پورا کر قصہ کو اور مخلص وہ دے

تمامی حکایت آن عاشق کہ از عسس بگریخت در باغ و معشوق را دران باغ یافت و بر عسس دعائے خیر میکرد از شادی کہ عسیٰ ان تکرہوا شیئا

آخری حکایت اُس عاشق کی کہ شحنہ سے باغ مین بھاگا اور معشوق کو اُس باغ مین پایا اور شحنہ کو خوشی سے دعائے خیر کرتا تھا عسیٰ

۵۱ بان آخ ہم شعر نہ کھو یعنی صرافون کا دشمن ہے جیسے کلب درویش کا دشمن ہے بلکہ انبیا دشمن سے لڑتے ہین ملائک رب سلم کہتے ہین آگے دعا ملائک کا بیان ہے ان چراغون کو کہ وہ نور رکھتے ہین دم اور پھونک چورون کی سے اُن کو دور رکھو کیونکہ دغاباز و چور دشمن نور کے ہین ان دونون سے تم بچا اے فریاد رس یعنی اولیاء اللہ کو ریاکارون سے خدا محفوظ رکھے آگے مثنوی کا بیان ہے فافہم ۱۲ ۵۲ روشنی آخ ہم شعر نور روشنی کا چوتھے دفتر پر بڑھا کہ اب خورشید چوتھے آسمان کے نور مانند خورشید کے دے تاکہ شہروں اور اقلیمون پر چمکے جسنے مثنوی کو افسانہ پڑھا اسکو افسانہ ہے جسنے نقد دیکھا اسے مردانہ ہے آگے اسکی مثال ہے قبطیون کو آب نیل خون تھا یعنی غافل اس مثنوی کو کہانی جانتے ہین پس جیسے آب نیل سبطیون کو نہ تھا یعنی غافل اس مثنوی کو کہانی جانتے اور کامل اسکو نقد مال جانتے ہین پس جیسے آب نیل کا قبطیون کو خون اور سبطیون کو آب معلوم ہوتا تھا ایسے مثنوی کاملون کو نقد اور ریاکارون کو قصہ و کہانی دیتی ہے آگے اسکا حال بیان ہے فافہم ۱۲ ۵۳ دشمن آخ ہم شعر ان حرفون کو دشمن اسدم دیدہ مین سرنگون و مسخ رو دوزخ مین ہین اے ضیا انکا حال تمکو کھلا جسنے خود جواب ان کے قول کا دیا تیری آنکھ غیب کی اُستاد ہے اس جہان سے یہ دید و داد کم نہو یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس مثنوی کے دشمنون کا حال تم پر کھلا ہے کیونکہ تمہاری آنکھ غیب کی اوستاد ہے پس تمہاری داد اس جہان سے کم نہ ہو جیو وہ حکایت میری نقد وقت ہے یہان اسکو تمام کرنا چاہیے ۱۲ ۵۴ پس آخ اشعر پس الی آخرہ بدون کو نیکون کے لئے چھوڑ کر قصہ پورا کر اور مخلص کو لے یعنی جیسے اس عاشق چیدہ کو دفعۃً معشوقہ ملی یہی حال میرا ہو چنانچہ آخر حکایت عاشق کی آگے کی جاتی ہین فافہم ۱۲ عسیٰ اے میرے پروردگار سلامت رکھ ۱۲ ـ

وہو خیر لکم

این حکایت گر نشد آنجا تمام چارمین جلدست آرش در نظام
اندران بودیم کان شخص از عسس راند اندر باغ از خوف او فرس
بود اندر باغ آن صاحب جمال کز غمش این در عنا بد ہشت سال
سایۂ او را نبود امکان دید ہمچو عنقا وصف او را می شنید
جز یکے لقیہ کہ اول از قضا بر وے افتادہ شد اورا دلربا
بعد ازان چندانکہ میکوشید او خود مجالش می نداد ان تند خو
نے بلابہ چارہ بودش نے بمال سیر چشم و بے طمع بود آن نہال
عاشق و ہر پیشہ و ہر مطلبے حق بیالود اول کارش لبے
چون در افتادند اندر جستجو بعد ازان در بست کابین جست او
ہم بران بو می تنند و میروند ہر دمے راجی و آئس می شوند
ہر کسے را ہست امید برے کہ کشادندش دران روزے دری
باز در بستندش و آن در پرست بر ہمان امید آتش پا شدست
چون در آمد خوش دران باغ آن جوان خود فرو شد پا بگنجش ناگہان
مر عسس را ساختہ یزدان سبب تا ز بیم او دود در باغ شب
بیند آن معشوقہ را او با چراغ طالب انگشتری در جوے باغ

ان تکرہوا شیئاً وہو خیر لکم

گر حکایت نے ہوئی اس جا تمام جلد چوتھی مین تو کر اسکو تمام
اسمین تھا کہ باغ کے اندر گیا خوف شحنہ سے وہ عاشق باوفا
باغ کے اندر تھی وہ صاحب جمال جسکے غم سے تھا بلا مین آٹھ سال
اُسکا سایہ دیکھنا ممکن نہ تھا مثل عنقا سنتا وہ اسکی ثنا
جز جھلک کہ اک قضا سے پڑ گئی اُسکے اوپر بس دل اسکا لیگئی
بعدہ کرتا تھا کوشش جتنی وہ نے مجال اسکو دیتی تندخو
نے خوشامد سے تھا چارہ نے بمال سیر چشم اور بے طمع تھا وہ نہال
عاشق ہر پیشہ و مطلب کا جو ہے حق نے پہلے چاٹ دیدی ہے اُسے
جب تلاش اس عشق میں کرنے لگے بعدہ در باندھے خدمت اس لیے
بس اسی امید پر خدمت کرین یاس اور امید وہ ہر دم رکھیں
ہر کسی کو ہے امید بہتری کہ اسی دن اُسنے در کھولا تھی
پھر کیا در بند وہ مشتاق در بس ہوا مضطر اسی امید پر
باغ میں خوش خوش جو آیا وہ جوان گنج پہ پاؤں پڑا بس ناگہان
کر دیا شحنہ کو حق نے اک سبب باغ مین تا ڈر سے جائے وہ شب
دیکھا معشوقہ کو اس نے باچراغ کہ انگوٹھی ڈھونڈھے اندر جوے باغ

سلہ حکایت دوم جلوہ یار مین سے حکایت آخر ۵ شعر اگرچہ اس جا حکایت تمام نہیں ہوئی چوتھے دفتر میں اسکو تمام کر اس بات مین کہ باغ کے اندر گیا خوف کوتوال سے وہ عاشق باوفا وہ صاحب جمال باغ میں تھی کہ جسکے غم مین آٹھ برس سے بلا مین تھا اُسکا سایہ دیکھنا نا ممکن تھا مثل عنقا کے وہ اسکی ثنا سنتا تھا سو ایک جھلک کہ از راہ قضا پڑ گئی اور یہ اُسکا مائل ہوا تھا جب کہ عاشق خوف کوتوال سے باغ مین گیا وہ معشوقہ اسکو وہان مل گئی یعنی مولانا اپنا حال اس پیرایہ مین بیان کرتے ہین کہ مین حرکاری کیا ہے جو بند یار تھا کہ یکایک سیر باغ یعنی وہ یار مجکو مل گیا آگے رجوع بقصہ ہے فافہم ۱۲ سلہ بعدہ تا آخر ۷ شعر بعد کو جتنی کوشش کرتا تھا وہ تندخو اسکو مجال نہین دیتی تھی نہ اسکو خوشامد و نہ مال سے چارہ تھا کیونکہ بیانے طمع و سیر چشم وہ نہال تھا آگے اس کے حقائق ہین جو کوئی عاشق ہر پیشہ کے مطلب کا ہے حق نے اول اسکو چاٹ دلائی ہے جب وہ تلاش عشق مین کرنے لگے بعدہ دروازہ بند کیے اور خدمت اس سے لے پس اس امید پر خدمت کرین امید و ناامیدی ہر دم وہ رکھین کیونکہ ہر ایک کو امید بہتری ہے کہ اسی دن اس نے خود ہی دروازہ کھولا ہے پھر دروازہ اُسنے بند کیا کہ وہ مشتاق در مضطر ہو اس امید پر یعنی حق تعالیٰ عاشق ہر پیشہ و مطلب کو اول قدرے بات دیتا ہے کہ وہ عاشق اس امید پر کوشش خدمت کرتا ہے پھر تھوڑا سا در کھول کر بند کرتا ہے کہ عاشق زیادہ مضطر و بیقرار رہتا ہے آگے رجوع بقصہ ہے فافہم ۱۲ سلہ باغ مین تا آخر ۵ شعر باغ مین جو خوش خوش وہ جوان آیا ناگہان گنج پر پاؤن جا پڑا حق نے شحنہ کو ایک سبب کر دیا تاکہ خود وہ شب باغ مین جائے شب کو معشوقہ کو اُسنے چراغ لئے دیکھا کہ انگوٹھی وہ باغ مین ڈھونڈھتی تھی پس دعاے کوتوال کو ملاتا تھا شکر خدا سے از راہ ذوق کے کہا گئے مین جو میرے برا کیا کوتوال کو جیس حصہ زرے اسکا ہو خدا یعنی خوف کو کوتوال کو حق تعالیٰ نے ایک سبب کر دیا کہ معشوقہ اسکو باغ مین ملگئی پس حق کی شکر کرتا تھا اور کوتوال کو دعا دیتا تھا آگے اس دعا کا بیان ہے فافہم ۱۲ سلہ قریب ہے کہ بُرا جانتے ہو تم جس چیز کو حالانکہ وہ چیز تمھارے لئے بہتر ہے ۱۲

پس قرین میکند از ذوق آن نفس	باشہاے حق دعاے آن عسس	پس ملاتا تھا وہ شحنہ کی دعا	ذوق دل سے پاشناے کبریا
کو زیان ساکرزشم مس را از گریز	بست چندان سیم و زر بروے ریز	بھاگتے ہین جو بُرا مین نے کہا	بس حصے زر عسس کو دے خدا
از عوانی مر ورا آزاد کن	آنچنان کہ شادم او را شاد کن	کوتوالی سے اُسے آزاد کر	جیسا مین ہون شاد اُسکو شاد کر
عدد ارش این جہان و آن جہان	از عوانی و سگی اش وا رہان	اس جہان اور اُس جہان مین نیک کر	رکھ سگی و شحنگی سے دور تر
گرچہ خوی آن عوانست اے خدا	کہ ہمارہ خلق را خواہد بلا	گرچہ اس شحنہ کی عادت ہے خدا	کہ وہ چاہے خلق پر لاتا بلا
گر خبر آید کہ شہ جرمی نہاد	بر مسلمانان شود او زفت شاد	گر کسی کو شہ نے مجرم کر دیا	ہو مسلمانو نپہ وہ خوش بس ہوا
ور خبر آید کہ شہ رحمت نمود	از مسلمانان فگند او را بجود	گر کسی پر شاہ نے رحمت کری	اور مسلمانون سے اُسپر جود کی
ماتمے در جان او افتد ازان	گیر وش قولنج ازین غم در زمان	اسکی جان مین ایسے اک ماتم پڑے	اسکو ہو قولنج اسدم رنج سے
صد چنین ادبار دارد این عوان	زین بلا فریاد رس اے مستعان	ایسے سو ادبار وہ شحنہ رکھے	اس بلا سے تو بچا یارب اُسے
او عوان را در دعا در می کشد	کز عوان او را چنان راحت رسد	وہ دعا کرتا ہے شحنہ کے لئے	کہ اُسے شحنہ سے راحت آئی نہ
بر ہمہ زہر و برو تریاق بود	آن عوان پیوند آن مشتاق بود	سب پہ زہر اور اسپہ وہ تریاق تھا	باعث وصل اُسکا جو شحنہ ہوا
پس بد مطلق نباشد در جہان	بد بہ نسبت باشد این را ہم بدان	بس جہان مین کوئی مطلق بد نہین	ہوتا اک نسبت سے بد ہے کر یقین
در زمانہ ہیچ زہر و قند نیست	کان یکے را پا دگر را بند نیست	نے زمانے مین کوئی ہے زہر و قند	ایک کو پا دوسرے کو ہے بند
مر یکے را پا دگر را پاے بند	مر یکے را زہر و دیگر را چو قند	پاؤن اک کو دوسرے پاے بند	زہر اک کو دوسرے مثل قند
زہر مار آن مار را باشد حیات	نسبتش با آدمی آمد ممات	زہر سانپون کا ہے سانپون کو حیات	آدمی کی نسبت آیا وہ ممات
خلق آبی را بود دریا چو باغ	خلق خاکی را بود آن درد و داغ	خلق آبی کو ہے دریا مثل باغ	خلق خاکی کو ہے وہ درد اور داغ

سلہ٥ کوتوالی الخ ٢ شعر اُسے کوتوالی سے آزاد کر جیسا کہ مین شاد ہون اُسے شاد کر اس جہان اور اُس جہان مین نیک کر سگی و شحنگی سے دور رکھ فافہم ١٢ سلہ٥٢ اگرچہ الخ ان شعر اگرچہ شحنہ کی عادت ہے کہ وہ خلق پر بلا لانا چاہتا ہے اگر اس کو خبر ہو کہ شاہ نے مجرم کیا وہ مسلمانون پر خوش ہوا اگر خبر ہو کہ شاہ نے رحمت کی اور مسلمانون سے اس شحنہ پر بخشش کی اس بات سے اُس کی جان مین ماتم ہوا اور اسدم اسکو قولنج ہو رنج سے ایسے سو ادبار وہ شحنہ رکھتا ہے اسے رب اس بلا سے آپ اُسکو بچا یعنے کوتوال شہر مخلوق کی برائی پر خوش ہوتا ہے اور بہتری پر ناخوش تو اے خدا ان ادبار و... سے اُس کوتوال کو اس ظلم ... نجات دے پس شامت ... کہ کوتوالی بدتر کام ہے دنیا سے ہر انسان کو اس سے بچنا چاہیئے ... آگے ہے فافہم ١٢ سلہ٥٣ وہ دعا الخ ... شعر وہ دعا کوتوال کے واسطے مانگتا تھا کہ اسکو کوتوال سے راحت ملی ہے کیونکہ کوتوال سب پر زہر اور اُسپر وہ تریاق تھا کہ جو ... پس اس کا ... آگے اسکے حقائق ہین پس جہان مین مطلق نہین ہے ایک نسبت سے بد ہوتا ہے تو یقین کر زمانے مین کوئی نہ زہر ہے نہ قند ہے ایک کو پاؤن دوسرے کو قید ہے ایک کا پاؤن دوسرے کا پاے بند ہے ایک کو زہر دوسرے کو قند ہے آگے اسکی مثال ہے زہر سانپ کا اُس کو حیات ہے اور نسبت آدمی کے موت ہے مخلوق آبی کو دریا باغ ہے اور مخلوق خاکی کو درد و داغ ہے یعنی زمانہ مین کوئی مطلق نیک ہے اور نہ مطلق بد ہے بلکہ ہر ایک شے من وجہ نیک من وجہ بد ہے کہ ایک شخص کو وہ نیک ہے اور دوسرے کو بد ہے چنانچہ آگے اس کی مثال ہے فافہم ١٢

همچنین بر می شمر اے مرد کار — نسبت این از یکی تا صد هزار
زید اندر حق آن شیطان بود — در حق آن دیگرے انسان بود
این بگوید زید صدیق سنی ست — وان بگوید زید گبر کشتنی ست
زید یک ذاتست بر آن یکجهان — او بر این دیگر همه رنج و زیان
گر تو خواهی کو ترا باشد شکر — پس ورا از چشم عشاقش نگر
منگر از چشم خودت آن خوب را — بین بچشم طالبان مطلوب را
چشم خود بر بند زان خوش چشم تو — عاریت کن چشم از عشاق او
بلکه زو کن عاریت چشم و نظر — پس بچشم او بروے او نگر
تا شوی ایمن ز سیری و ملال — گفت کان اللہ لہ زان ذوالجلال
چشم او من باشم و دست و دلش — تا رهد از مدبری ها مقبلش
هرچه مکروه ست چون او شد دلیل — پیش محبوب حبیب است و خلیل

اس طرح سے گر بنے تو اے مرد کار — نسبت اسکی ایک سے تے ہزار
زید حق میں ایک کے شیطان ہو — دوسرے کے حق میں وہ انسان ہو
یہ کہے صدیق و لائق زید ہے — وہ کہے گبر اور احمق زید ہے
ذات اک ہو زید اک اسپر جہان — دوسرے پر ہے زبس رنج و زیان
گر تو چاہے کہ وہ شکر ہو تجھے — چشم سے عشاق کے دیکھا تو اُسے
تو خودی کی آنکھ سے مت دیکھ اُسے — دیکھ معشوقہ کو چشم عشق سے
بند کر چشم اپنی اس خوش چشم سے — عاریت عاشق سے اسکی چشم لے
بلکہ اس سے عاریت لے چشم کو — اُسکا منہ اس آنکھ سے پس دیکھ تو
تا ہو ایمن تو ملال و رنج سے — بولا کان اللہ لہ حق اس لئے
چشم و دل اور ہاتھ اسکا ہوں میں — مدبری سے مقبل اسکے تا چھٹیں
جو کہ ہو مکروہ وہ جب ہو دلیل — آگے تو محبوب کے ہر دے خلیل

حکایت آن واعظ کہ در آغاز تذکیر دعائے ظالمان کردے

حکایت اس واعظ کی کہ شروع تذکیر میں دعا ظالموں کی مانگتا تھا

آن یکے واعظ چو بر تخت آمدے — قاطعان راہ را داعی شدے
دست بر میداشت یارب رحم ران — بر بدان و مفسدان و طاغیان
بر ہمہ تسخر کنان و اہل خیر — بر ہمہ کافر دلان اہل دیر

ایک واعظ تخت پر جب بیٹھتا — رہزنوں کی وہ دعا تھا مانگتا
ہاتھ اُٹھاتا تھا کہ یارب رحم کر — مفسدوں اور باغیوں بد فعل پر
جملہ طعنہ زن پر اہل خیر کے — جملہ کفاروں پہ اہل دیر کے

لے اس طرح الخ ۶ شعر اس طرح سے گن لے تو اے مرد کار اس کی نسبت ایک سے تا ہزار زید کے حق میں جو شیطان ہو دوسرے کے حق میں وہ انسان یہ کہے کہ زید صدیق و لائق ہے وہ کہے کہ زید گبر و احمق ہے زید ایک ذات ہے کہ اسپر باغ جہان ہے اور دوسرے پر رنج و زیان ہے ۵ اگر تو چاہے کہ وہ تجکو شکر ہو چشم عشاق سے تو اسے دیکھ اسکو تو چشم خودی سے مت دیکھ بلکہ معشوقہ کو چشم عاشقی سے دیکھ یعنی ہر ایک کو چشم عاشقی سے دیکھ نہ کہ اگر اور خوبی جان آنگے ہو فافہم ۱۲ ۵ بند کر الخ ۵ شعر اس خوش چشم سے اپنی آنکھ بند کر اور عاشق سے اس کی چشم عاریت لے بلکہ اس سے چشم کو عاریت لے اور اس آنکھ سے تو اُس کا منہ دیکھ تاکہ ایمن ہو ملال اور رنج سے حق نے کہا ترجمہ اللہ واسطے اس کے ہے یعنی جو اللہ کا ہوا بس اللہ واسطے اُس کے ہوتا ہے اُس کو ملال و رنج پھر کس سے ہوتا ہے حق تعالے فرماتا ہے کہ چشم و دل اور ہاتھ ہوں میں اُس کا تاکہ اس کے مقبل عاشق سے چھٹیں جو کہ مکروہ ہو جب وہ دلیل ہو وے آگے بیان اُس واعظ کا ہے کہ ظالموں کے حق میں اول دعا مانگتا تھا فافہم ۱۲ ۵ ایک واعظ الخ ۷ شعر ایک واعظ جبکہ تخت پر بیٹھتا تھا وہ دعا رہزنوں کی مانگتا تھا ہاتھ اُٹھاتا تھا کہ یارب رحم کر مفسدوں پر اور باغیوں و بدفعلوں پر جملہ طعنہ زن اہل خیر اور جملہ کفاران اہل دیر پر اولیا پر وہ دعا نہیں کرتا تھا سوائے خبیثوں کے دعا نہیں کہتا تھا اسکو کہتے تھے کہ یہ نہیں دستور ہے یہ بخشش نہیں ہوتی کہ گمراہ کو دعا دے واعظ نے کہا کہ ان سے نیکی میں نے پائی ہے اسواسطے انکو دعائیں کرتا ہوں اسقدر مجھپر ظلم کیا ہے کہ مجھے شر سے خیر میں ڈالا ہے یعنی جس بد کار سے کہ نیکی پہونچے وہ بہ نسبت اس کے نیک و بد نہیں ہے پس اُس کے واسطے دعا کرنا لازم ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

می نکردی او دعا بر اصفیا　　می نکردی جز خبیثان را دعا
مر و را گفتند کاین معہود نیست　　دعوت اہل ضلالت جود نیست
گفت نیکوئی ازینہا دیدہ ام　　من دعاشان زین سبب بگزیدہ ام
خبث و ظلم و جور چندان ساختند　　کہ مرا از شر بخیر انداختند
ہر گہی کہ رو بدنیا کردمے　　من ازایشان زخم و ضربت خوردمے
کردمے از زخم آن جانب پناہ　　باز آوردندمے گرگان براہ
چون سبب ساز صلاح من شدند　　پس دعاشان بر منست اے ہوشمند
بندہ می نالد بحق از درد خویش　　صد شکایت میکند از رنج نیش
حق ہمی گوید کہ آخر رنج و درد　　مر ترا لابہ کنان و راست کرد
این گلہ زان نعمتے کن کت زند　　از در ما دور و مطرود ت کند
در حقیقت ہر عدو داروی تست　　کیمیائے نافع و دلجوی تست
کہ ازو اندر گریزے در خلا　　استعانت جوئے از فضل خدا
در حقیقت دوستانت دشمن اند　　کہ ز حضرت دور و مشغولت کنند
ہست حیوانے کہ نامش اشغر است　　کو بزخم چوب زفت و لمتر است
تا کہ چوبش میزنی بہ می شود　　او ز زخم چوب فربہ می شود
نفس مومن اشغری آمد یقین　　کہ بزخم چوب زفتست و سمین
زین سبب بر انبیا رنج و شکست　　از ہمہ خلق جہان افزون ترست

اولیا پر وہ نہ کرتا تھا دعا　　جز خبیثون کے نہ کہتا تھا دعا
اسکو کہتے یہ نہیں دستور ہے　　نے یہ بخشش کہ دعا گمرہ کو دے
بولا اُنسے نیکی مین نے پائی ہے　　کرتا ہوں انکو دعائیں اس لئے
اسقدر مجھپر کئے بس ظلم ہین　　کہ مجھے بس شر سے ڈالا خیر مین
جبکہ[1] منھ دنیا کی جانب کرتا مین　　زخم و صدمہ انسے بس پاتا تھا مین
زخم سے لیتا مین اس جانب پناہ　　گرگ مجھ کو پھیر کر لاتے براہ
جو مری اصلاح کے باعث ہوئے　　بس دعا انکی ہے مجھپر اسلئے
روتا با حق بندہ از درد خویش ہے　　سو شکایت کرتا رنج نیش سے
حق کہے آخر کہ رنج و درد نے　　کردیا تا چار او رسید ہا تجھے
یہ گلہ نعمت سے تو کر کہ تجھے　　در سے مردود اور جدا اپنے کرے
ہے حقیقت[2] مین عدو تیری دوا　　کیمیائے نافع اور دلجو ترا
کہ تو خلوت گہ مین بھاگے اس سے ہی　　اور مدد ڈھونڈھے خدا کے فضل سے
دوست دشمن ہین حقیقت مین ترے　　کہ خدا سے رکھتے غافل ہین تجھے
ایک حیوان کہ ہے نام اسکا ہے　　چوب جبتک کھا رہا وہ پھولی ہے
پھولتی ہی لکڑی کی وہ چوٹ سے　　ضرب سے وہ چوب کے فربہ بنے
نفس مومن ہے ویسا اک جانور　　کہ وہ فربہ ہووے زخم و رنج سے
انبیا[3] پر رنج و آفت بس سوا　　جملہ مخلوقات سے ہے در کما

[1] جبکہ الخ * شعر جبکہ مین دنیا کی جانب منھ کرتا زخم و صدمہ اُن سے پاتا زخم سے اسکے جانب مین پناہ لیتا گرگ مجکو پھیر کر راہ پر لاتے جو یہ لوگ میری اصلاح کے باعث ہوئے بس انکی دعا مجھپر اسواسطے لازم ہے آگے اس کے حقائق ہین بندہ روتا ہے ساتھ حق کے اپنے درد سے اور شکایت کرتا ہے رنج نیش سے آخر حق کہے کہ رنج و درد نے تجھے ناچار کردیا اور سیدھا یہ گلہ نعمت سے کر کہ تجھے میرے دروازے سے مردود اور جدا کرے یعنی رنج و درد سے تو راستی پر آیا اور یہ گلہ تو جو کرتا ہے تو نعمت سے کر کہ وہ انسان کو غافل کرتی ہی اور آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲ [2] حقیقت الخ شعر حقیقت مین عدو تیری دوا ہے کیمیا نافع اور دلجو تیرا ہے کہ تو اس سے خلوتگاہ مین بھاگتا ہے مدد ڈھونڈھتا ہے خدا کے فضل سے دوست حقیقت مین دشمن ہین تیرے کہ خدا سے غافل تجھکو رکھتے ہین یعنی دشمن بہتر ہے دوست سے کہ دشمن کے سبب سے یاد حق ہوتی ہے اور دوست سے غفلت آگے اس کی مثال ہے ایک حیوان کہ اسکا نام ساہی ہے اور وہ پھولتی ہے ضرب لاٹھی سے جب تک لاٹھی مارتے ہین اور پھولتی رہتی آگے اسکے حقائق ہین تو نفس مومن کو ایک ساہی جان کہ زخم و رنج سے وہ فربہ ہووے یعنی مومن پر جسقدر رنج و آفت آتی ہے وہ درست ہوتا ہے کہ پیدائش نفس کی واسطے اسی کے ہے آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲ [3] انبیا پر الخ * شعر انبیا پر رنج و آفت سوا ہوتی ہے تمام مخلوقات سے اور انکی جان بہت جلد سے فربہ ہوتا ہے کہ وہ بلا کوئی بشر نہین دیکھا ہے آگے مثال ہے پوست دار رہتے لاکش ہوتا ہے جیسے ادھوری طائف کی پوشش بہتر ہوتی ہے اگر سیر و تلخ و تیز نہین ہوتی ہے تو وہ ناپاک و بدبو کرتا ہے بس تو آدمی کو اُس چمڑے کے مانند جان کہ رطوبت سے بدبودار اگر ان ہوا اُس کی مالش سے تلخ تیز سے تا لطیف و پاک وہ ہووے ۱۲

تا زجا نہا جان شان خند زفت تر	کہ ندیدند آن بلا قومے دگر	انکی جان جانوں سے ہی بس فربہ تر	کہ نہ دیکھے وہ بلا کوئی بشر
پوست از دارو بلاکش می شود	چون ادیم طایفی خوش می شود	پوست دار دے بلاکش ہوے ہر	جیسے طائف کی ادھوڑی خوش ہے
ورنہ تلخ وتیز مالیدے درو	گندہ گشتی ناخوش ونا پاک بو	گرنہ ملتے ایسے تلخ وتیز کو	سڑتا اور ناپاک بدبو کرتا وہ
آدمی را نیز چون آن پوست دان	از رطوبتہا شدہ زشت وگران	آدمی کو مثل اس چمڑے کے جان	کہ رطوبت سے ہوا بد اور گران
تلخ وتیز و مالشش بسیار دہ	تا شود پاک ولطیف وبا فرہ	مالش اسکو بس دے تلخ وتیز سے	تا لطیف اور پاک ہووے جان لے
ور نمی تانے رضا دہ اے عیار	کہ خدا رنجت دہد بے اختیار	گرنہ[١] ہو سکتا ہو راضی اسپہ یار	کہ تجھے حق رنج دے بے اختیار
کہ بلاے دوست تطہیر شماست	علم او بالاے تدبیر شماست	کہ بلائے[٢] دوست ہے پاکی تجھے	اسکا علم افزون تری تدبیر سے
چون صفا بیند بلا شیرین بود	خوش شود دارو چو صحت بین شود	جو صفائی دیکھے شیرین ہو بلا	اور جو صحت پائے اچھی ہو دوا
برد بیند خویش را در عین مات	پس بگوید اقتلونی یا ثقات	بُرد دیکھے خود کو اندر عین مات	بس کہے تو اقتلونی یا ثقات
این عوان اور حق غیرے سود شد	لیک اندر حق خود مردود شد	غیر کے حق مین یہ شحنہ سود ہے	لیکن اپنے حق مین خود مردود ہے
رحم ربانی ازو ببریدہ شد	کین شیطانی برو پیچیدہ شد	رحم ربانی بس اس سے اُٹھ گیا	کینہ شیطانی بس اس سے مل گیا
کارگاہ خشم گشت وکین وری	کینہ دان اصل ضلال وکافری	کارگہ وہ خشم وکینہ کا ہوا	جان کینہ جڑ ہے ظلم وکفر کا

سوال کردن شخصے از عیسےٰ علیہ السلام کہ در وجود از ہمہ اصعب چیست

سوال کرنا ایک شخص کا عیسیٰ علیہ السلام سے کہ وجود مین سب سے سخت زیادہ کیا ہے

گفت عیسیٰ را یکے ہشیار سر	چیست در ہستی زجملہ صعب تر	پوچھا عیسیٰؑ سے کسی ہشیار نے	سخت تر دنیا مین سب سے کون ہے
گفتش اے جان صعب تر خشم خدا	کہ ازان دوزخ ہمی لرزد چو ما	بولے[٣] اے جان سخت تر خشم خدا	دوزخ اس سے کانپے جون مین کانپتا

سلہ اگر تو اسپر راضی نہین ہو سکتا کہ تجھ کو حق رنج دے بے اختیار یعنی جب کہ رنج وبلا باعث پاکی انسان ہے تو اپنے جسم کو خود رنج ریاضت سے اُنس دے کہ پاک ہو اگر خود نہیں دے سکتا ہے تو اس بات پر راضی ہو کہ حق بے اختیار تجکو رنج دے کہ تا تصفیہ قلب تجکو حاصل ہو باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ سٹہ کہ بلا آلخ یہ شعر کہ بلائے دوست سے تجکو پاکی ہو کیونکہ اسکا علم افزون ہے تیری تدبیر سے جو تو صفائی دیکھے بلا شیرین ہو اور جو صحت پائے دوا اچھی ہوئے عین مات سے خود بُرد دیکھے تو کہے ترجمہ قتل کرو تم مجکو اے ثقو غیر کے حق مین یہ کوتوال سود ہے لیکن اپنے حق مین خود مردود ہے رحم خدا کا اس سے اُٹھ گیا اور کینہ شیطانی اس سے مل گیا وہ کارگاہ خشم وکینہ کا ہو جان لے کہ کینہ ظلم کفر کی جڑ ہے ایک ہوشیار نے عیسیٰ علیہ السلام سے کہا کہ سخت تر دنیا مین سب سے کون ہے یعنی کوتوال بنسبت غیر کے نافع اور بسود ہے اور اپنی نسبت مردود ہے کیونکہ رحم حق اس سے اُٹھ گیا ہے اور خشم وکینہ اس مین بھرا ہوا ہے آگے بُرائی خشم کا بیان ہے فافہم ۱۲ سٹہ بولے آلخ یہ شعر عیسیٰ علیہ السلام نے کہا کہ اے جان خشم خدا سخت تر ہے دوزخ اُس سے بھاگتا ہے میرے مانند کہا کہ کظم اپنا خشم چھوڑ زمانہ مین ترجمہ کہا تا غصہ کا اب تجھ کو امن ہے آگ روک اور خشم حق کو یاد کر کوتوال خشم کی ایک کان ہے کیونکہ وہ درندون سے خشم بڑھ کے رکھتا ہے اس کو کچھ امید نہین ہے رحمت سے مگر جب اس صفت کو وہ چھوڑ دے اگر چہ عالم ان سے چارہ نہین رکھتا ہے ولیکن یہ بات گمراہ کر دینے کی ہے آگے مثال ہر گندگی عالم کو چارہ نہین ولیکن گندگی معین نہین ہوتی ہے یعنی یا کاران دنیا کو افعال بد سے کچھ چارہ نہین ہے لیکن اس سے یہ ہو سکتا ہے کہ وہ ان فعلون کو چھوڑین کہ شاید راستی پر آجائیں گے قصہ خیانت عاشق کا بیان ہے فافہم ۱۲

گفت زین خشم خدا چہ بود امان	گفت ترک خشم خویش اندر زمان	بولا کیونکر خشم حق سے ہو امان	بولے اپنا چھوڑ خشم اندر زمان
کظم غیظ است اے پسر خط امان	خشم حق یاد آور و در کش عنان	کظم غیظ اب امن ہے تجھکو پسر	روک باگ اور خشم حق کو یاد کر
پس عوان کہ معدن این خشم گشت	خشم زشتش از سبع ہم در گذشت	بسکہ شحنہ خشم کی کان ہے	خشم بڑھ کے وہ درندون سے کچھ
چہ امید ستش برحمت جز مگر	باز گردد زان صفت آن بے ہنر	کیا امید اسکو ہے رحمت سے مگر	اس صفت کو چھوڑ دے وہ بے ہنر
گرچہ عالم را از ایشان چارہ نیست	این سخن اندر ضلال افگندنیست	گرچہ عالم اُنسے نے چارہ رکھے	بات یگمراہ کر دینے کی ہے
چارہ نبود ہم جہان را از چنین	لیک نبود آن چنین بار معین	گندگی سے چارہ عالم کو نہین	گندگی لیکن نہ ہو مار معین

قصہ خیانت کردن عاشق و بانگ زدن معشوق — قصہ خیانت کرنا عاشق کا اور آواز دینا معشوق کا

باز گو احوال آن خستہ جگر	در میان باغ آن رشک قمر	پھر کہو[1] احوال اس دلسوز کا	باغ میں جو رشک مہ کے ساتھ تھا
چونکہ تنہا ایش بدید آن سادہ مرد	زود او قصد کنار و بوس کرد	دیکھا جو احمق نے تنہا یار کو	جا با اُس سے دوڑ کر ہمبوس ہو
بانگ بر وی زد بہیبت آن نگار	کہ مرو گستاخ ادب را ہوش دار	ڈانٹا اسکو اُس گھڑی دلدار نے	کہ نہ بڑھ گستاخ ادب کو جان لے
گفت آخر خلوت است و خلق نے	آب حاضر تشنہ ہمچون من شے	بولا خلوت ہے نہ کوئی خلق ہو	آب حاضر اور تشنہ مجھسا ہے
کس نمی جنبد درینجا جز کہ باد	کیست حاضر کیست مانع زین گشاد	کوئی یان چلتا نہیں ہے جز ہوا	حاضر اور مانع ہے کون اس عیش کا
گفت اے شیدا تو ابلہ بودۂ	ابلہے وز عاقلان نشنودۂ	بولی[2] اے شیدا تو احمق ہو گیا	تو ہے احمق عاقلون سے نے سنا
باد را دیدی کہ می جنبد بدان	باد جنبانیست اینجا باد ران	تونے دیکھا باد کو حرکت جو ہے	بے ہلانے والے کے کب وہ ہلے
مروحہ تصریف صنع ایزدش	زد بران باد و ہمی جنباندش	اپنا[3] پنکھا صنعت اللہ نے	باد پر مارا کہ وہ حرکت کرے
جزو بادے کہ بحکم ما درست	باد بیزن تا نجنبانی نجنبست	باد جزوی اپنے جو قبضہ میں ہے	تا نہیں پنکھا ہلائین نہ چلے
جنبش این جزو بادای سادہ مرد	بے تو و بے باد بیزن سر نکرد	اس ہوا جزوی کی حرکت کو کبھی	بے ترے پنکھے کو سنے جاری رکھی

[1] پھر کہو الخ ۵ شعر پھر قصہ کہو اُس دلسوز کا جو باغ مین اُس رشک ماہ کے ساتھ تھا جو احمق نے یار کو تنہا دیکھا چاہا کہ اُس سے دوڑ کر ہم بوس ہو اُس دم اُس کو ڈانٹا دلدار نے کہ اے گستاخ مت بڑھ ادب کو جان لے وہ بولا کہ خلوت ہے اور کوئی مخلوق سے نہین ہے آب حاضر اور میرے مانند تشنہ کوئی یہان بجز ہوا نہین چلتا ہے حاضر و مانع کون اس عیش کا ہے آگے جواب معشوق ہے فافہم ۱۲

[2] بولی الخ ۴ شعر معشوقہ نے کہا کہ اے شیدا احمق ہوگیا ہے اور تو احمق ہے اور عقلمندون سے نہین سنا ہے تونے دیکھا ہے کہ جو باد کو حرکت ہے بلا ہلانے والے کے کہان ہلتی ہے آگے اس کی مثال ہے ۱۲

[3] اپنا الخ ۳ شعر صنعت اللہ نے اپنا پنکھا ہوا پر مارا کہ وہ حرکت کرے باد جزوی کہ جو اپنے قبضے مین ہے جب تک پنکھا نہ ہلائین نہ چلے اس ہوا جزوی کی حرکت کو بغیر تیرے پنکھے کے جاری نہ رکھے یعنی یہ ہوا جزوی بغیر حرکت تیرے پنکھے کے نہین ہلتی ہے پس وہ ہوا کل بغیر پنکھے صنعت حق کے کب حرکت کر سکتی ہے آگے اس کا بیان ہے ۱۲

جنبش باد نفس کاندر لب است — تابع تصریف جان و قالب است

گاه دم را مدح و پیغامی کند — گاه دم را هجو و دشنامی کند

پس بدان احوال دیگر بادها — که ز جزوی کل همی بیند نُها

باد را حق گه بهاری میکند — در دیش زین لطف عاری میکند

بر گروه عاد صرصر می کند — باز بر هودش معطر می کند

میکند یک باد را زهر سموم — مر صبا را میکند خرم قدوم

باد دم را بر تو بنهاد او اساس — تا کنی هر باد را بر وی قیاس

دم نمیگردد سخن بی لطف و قهر — بر گروهی شهد و بر قومیست زهر

مروحه جنبان پی انعام کس — از برای قهر هر پشه مگس

مروحهٔ تقدیر ربانی چرا — پر نباشد ز امتحان و ز ابتلا

چونکه جزو باد دم یا مروحه — نیست الا مفسده یا مصلحه

این شمال و این صبا و این دبور — کی بود از لطف و انعام دور

یک کف گندم ز انباری ببین — فهم کن کان جمله باشد همچنین

کل باد از برج باد آسمان — کی جهد بی مروحهٔ آن بادران

بر سر خرمن بوقت انتقاد — نه که فلاحان ز حق جویند باد

تا جدا گردد ز گندم کاهها — تا به انبار رود یا چاهها

جنبش باد نفس کہ لب میں ہے — بس ہے وہ قبضہ میں جسم و جان کے

مدح اور پیغام دم کو گہ کرے — ہجو اور دشنام دم کو گہ کرے

دوسری بادوں کا بھی احوال جان — جزو سے کل کو عقل دیکھے ہے تو مان

باد کو کرتا بہاری حق کبھی — اور خزاں میں کرتا عاری حق کبھی

کرتا ہے صرصر وہ قوم عاد پے — ہود پر کرتا معطر اُس کو ہے

کرتا ہے اک باد کو زہر سموم — اور صبا کو کرتا ہے شادی قدوم

اُس نے پھر دم کو رکھا ہے تیرے پاس — تا کرے ہر باد کو اُس پر قیاس

دم سخن ہوتا نہیں بے لطف و قہر — اک گروہ پر شہد دیگر پر ہے زہر

ایک پر پنکھا کرے انعام کو — قہر ہر مکھی و مچھر پر ہے وہ

پنکھا تقدیر خدا کا کیوں نہ ہو — امتحان سے پر تم اسکو جان لو

جزو باد دم و یا پنکھے کی ہے — مفسد اک ہے یا وہ مصلح جان لے

یہ شمال اور یہ صبا اور یہ دبور — کب ہوا لطفوں اور انعاموں سے دور

گیہوں ایک مٹھی تو دیکھ انبار سے — ایسے ہی اُن سب کو تو بس جان لے

باد کل اُس برج بادی سے چلے — کب بغیر اُس پنکھے والے کے ہلے

خرمنوں پر وقت کرنے صاف کے — نے ہوا چاہتے ہیں دہقان حق سے

تا جدا ہو جائیں گیہوں گھاس سے — تا بھریں انبار کھتے اور کنوئے

ف ۱ جنبش الخ ۸ شعر جنبش باد نفس کہ لب میں ہے وہ جسم و جان کے قبضے میں ہے گاہ دم کو مدح و پیغام کرتا ہے و گاہ دم کو ہجو و دشنام کرتا ہی تو دوسری بادوں کا بھی احوال جان کہ جزو سے کل کو عقل دیکھتی ہے آگے اس کے حقائق ہیں کبھی حق باد کو بہاری کرتا ہے اور کبھی خزاں میں عاری کرتا ہے وہ صرصر کرتا ہے قوم عاد پر اور ہود پر معطر اسکو کرتا ہے ایک ہوا کو سموم کرتا ہے اور صبا کو شادی قدوم کرتا ہے پھر اُس نے دم کو تیرے پاس رکھا ہے کہ تا ہر باد کو اُس پر قیاس کرے دم بغیر لطف و قہر کے سخن نہیں ہوتا ہے ایک گروہ پر شہد اور دوسرے پر زہر ہے یعنی باد نفس تیرے اختیار میں ہے اسی طرح یہ باد حق کے اختیار میں ہے کہ جب چاہتا ہے باد سموم کرتا ہے اور جب چاہتا ہے باد صبا کرتا ہے پس تو باد نفس سے اس باد کی حرکت کو جان لے کہ اس باد کے ساتھ کوئی ہلانے والا ہے پس صفت موصوف کو خدا جاننا توحید ہے باقی حال اسکا آگے ہے فافہم ۔

ف ۲ ایک پر الخ ۶ شعر ایک پر انعام کو پنکھا کرے کہ وہ قہر ہے ہر مکھی و ہر مچھر پر تقدیر خدا کا پنکھا کیوں نہ امتحان سے پر ہو تم اسکو جان لو باد جزوی دم و پنکھے کی ہے کہ مفسد و یا مصلح ہے یہ شمال اور یہ صبا اور یہ دبور کب الطافوں اور انعاموں سے دور ہو آگے مثال ہے ایک مٹھی گیہوں تو دیکھ انبار سے ایسے ہی تو ان سب کو جان کے باد کل اسی برج بادی سے چلے کب بغیر اسکے پنکھے والے کے ہلے یعنی جیسے ہوا جزوی دیکھنے کی مفسد و مصلح ہوتی ہے اسیطرح باد شمال دبور لطف و قہر سے کب دور ہوتی ہے پس ہوائے جزوی سے تو کل کو جان لے کہ مشت نمونہ از خروارے آگے اسکی مثال ہے فافہم ۔ ف ۳ خرمنوں پر الخ ۲ شعر وقت صاف کرنیکے خرمنوں پر کیا دہقان ہوا نہیں چاہتے آسمان سے تاکہ گیہوں گھاس سے جدا ہو جائیں تاکہ بھریں انبار اور کھتے اور کنوئیں جو کہ باد کے چلنے میں ہیں سکو تو دیکھ کہ ہوا چاہتے ہیں دوسرے شمال درد زہ میں باد چلنے کی ایسی ہی ہے اگر نہیں آتے تو فریاد یا دعا کریں اگر نہیں جانتے کہ اسکا ہلانے والا وہ ہے تو کیوں زاری بادگیند کسواسطے ہے گدھے اور تعویذ بھی ہر کسی سے چاہتے ہیں دردزہ کی تکلیف میں تیسری مثال اہل کشتی کی آپ ہی ہے جو باد ڈھونڈتے ہیں انکے سچے بیان ہیں انشاء اللہ باقی مثال آگے ہے فافہم ۔

چون بماند دیر آن باد و زان — جملہ را بینی ز حق لابہ کنان
ہمچنین در طلق آن باد و لاد — گر نیاید بانگ دعو آید کہ داد
گر مید انند کش رانندہ اوست — باد را پس کردن زاری چہ خوست
رقعہ تعویذے خواہند نیز — در شکنجہ طلق زن از ہر عزیز
اہل کشتی ہمچنان جویاے باد — جملہ خواہانش ازان رب العباد
ہمچنین در درد دندانہا ز باد — دفع میخواہی بسوز د اعتقاد
از خدا لابہ کنان آن جندیان — کہ بدہ باد ظفر اے حکم ران
پس ہمہ دانستہ اند این الیقین — کہ فرستد باد رب العالمین
پس یقین در عقل ہر دانندہ ہست — اینکہ با جنبندہ جنبانندہ ہست
گر تو او را می نہ بینی در نظر — فہم کن آنرا باظہار اثر
تن بجان جنبد نمی بینی تو جان — لیک از جنبیدن تن جان بدان
گفت او گر ابلہم من در ادب — زیرکم اندر وفا و در طلب
گفت ادب این بود کہ خود دیدہ شد — آن دگر را خود ہمی دانی تو لد
خود ادب این بود آن دیگر دغین — زین بتر باشد کہ دیدیمش یقین
ہر چہ زین کوزہ تراود بعد ازین — یک نمط خواہد بدن جملہ چنین

باد کے چلنے میں جو کچھ دیر ہو — سب کو تو دیکھے کہ چاہیں باد کو
دردِ زہ میں ایسے ہی جننے کے یاد — گر نہ آئے تو کریں فریاد و داد
گر ہلانے والا نے جانے اُسے — گر نہ زاری باد کی پھر کس لئے
گنڈہ اور تعویذ بھی بس چاہتے ہیں — ہر کسی سے دردِ زہ کے رنج میں
اہل کشتی ایسی ہی ڈھونڈھے ہیں باد — اسکے سب خواہاں ہیں یا رب العباد
دردِ [1] میں دانتوں کے یوں ہی باد سے — دفع چاہتے ہیں کہ سوزش ہے
اہلِ [2] لشکر عجز کرتے حق سے ہیں — کہ ظفر کی باد اے حق دے ہمیں
سب نے جانا ہے اسے اب بالیقین — بھیجتا ہے باد رب العالمین
عاقلوں کی عقل میں آئی یہ بات — پھیرنے والا یہ ہے پھرتے کے ساتھ
گر نظر سے تو نہ دیکھے ہے اُسے — جان اثر کے پیدا ہونے سے اُسے
تن کو حرکت جان سے ہے دیکھے تو جان — تن کی حرکت سے وہ تو جانکو جان
بولا میں احمق ادب میں ہوں اگر — ہوں وفا میں زیرک و ہشیار تر
بولا [3] یہ ہی تھا ادب کہ جو دکھا — ایسے ہی بس جان لے تو دوسرا
خود ادب یہ تھا وہ پنہاں دوسرے — دیکھے بس ہم نے کہ بدتر ہوئینگے
جو کچھ اس کوزہ سے ٹپکے اور بھی — اک طرح پر ہوئینگے بس وہ سبھی

قصہ صوفی کہ بخانہ آمد و زن را با بیگانہ دید

قصہ اس صوفی کا کہ گھر میں آیا اور عورت کو غیر کے ساتھ دیکھا

[1] درد میں الخ ا شعر یوں ہی درد میں دانتوں کے باد سے دفع چاہتے ہیں کہ سوزش نہ ہو فافہم ۱۲

[2] اہل لشکر الخ ۵ شعر اہل لشکر حق سے عجز کرتے ہیں کہ اسے حق ظفر کی باد ہم کو دے سب نے جانا ہے اسے بالیقین کہ حق بھیجتا ہے باد کو عقل میں عاقلوں کی یہ بات آئی ہو کہ پھیرنے والا ہے پھرنے والے کے ساتھ اگرچہ تو نظر سے اُس کو نہیں دیکھتا ہے اثر کے پیدا ہونے سے اُس کو جان لے تن کو حرکت جان سے ہے تو جان کو نہیں دیکھتا لیکن تن کی حرکت سے تو جان کو جان لے یعنی ہر شے کو حرکت ہوا سے ہے اور ہوا کو حرکت حق سے ہے پس پھیرنے والے کے ساتھ پھیرنے والا موجود ہے اور اہل عقل اس بات کو جانتے ہیں اگر تو نہیں اُس کو دیکھ سکتا ہے تو اُس کے اثر سے جان لے کہ تن کو حرکت جان سے ہے اسی طرح باد کی حرکت حق سے ہے آگے رجوع بقصہ ہے فافہم ۱۲ [3] بولا الخ ۴ شعر عاشق نے کہا کہ اگر میں ادب میں احمق ہوں لیکن وفا میں زیرک و ہوشیار تر ہوں معشوقہ نے کہا یہی ادب تھا کہ جو دیکھا ہے ایسے ہی تو دوسرے کو جان لے یعنی وفا کو خود یہ ادب تھا اور دوسرے پوشیدہ ہیں جنہے دیکھے کہ وہ بدتر ہوئیں گے جو کچھ اس کوزے سے ٹپکے اور بھی ایک طرح پر ہوئیں گے وہ بھی یعنی جب کہ ادب میں تو احمق ہے تو وفا میں کب ہوشیار ہوگا کیونکہ جو کچھ کوزے سے ٹپکتا ہے اور بھی ویسا ہی ٹپکے گا یعنی جبکہ ایک صفت بد ہے تو اور صفتیں بھی بد ہوویں گی جیسے قصہ صوفی اور اس کی عورت کا چنانچہ اس کا بیان آگے ہے فافہم ۱۲

صوفی آمد بسوے خانہ روز — خانہ یک در بود و زن با کفش دوز
جفت گشتہ با حریف خویش زن — اندران یک حجرہ از وسواس تن
چون بزد صوفی بجد در چاشت گاہ — ہر دو در ماندند نے حیلہ نہ راہ
ہیچ معہودش نبد کو آن زمان — سوے خانہ باز گردد از دکان
قاصدًا آن روز بیوقت آن مروع — از خیالے کرد با خانہ رجوع
اعتماد زن بر او کو ہیچ بار — این زمان تا خانہ ناید روزگار
اعتمادش بود از روے قیاس — خانہ نتوان کرد در کوے قیاس
آن قیاسش راست نامد از قضا — گرچہ ستار ہست ہم بدہد سزا
چونکہ بد کردی بترس ایمن مباش — زانکہ تخم ست و برویاند خداش

ایک[۱] صوفی آیا اپنے گھر بروز — گھر تھا اک در کا و زن با کفش دوز
تھی وہ ہم صحبت پس اپنے یار سے — اندر اُس حجرے کے بس تو جان لے
کوٹا در صوفی نے آکر چاشتگاہ — دو نون گھبرائے نہ حیلہ اور نہ راہ
نے مقرر وقت اُسکا تھا دلے — گھر کو آیا جو کہ وہ دکان سے
آیا وہ بیوقت قصدًا اُس زمان — بدگمانی کے سبب سوئے مکان
اعتماد اُس زن کو تھا کہ وہ غبی — دن کو اُس وقت آتا نے گھر کو کبھی
اعتماد اُس کو تھا از راہ قیاس — چاہیئے رہنا نہ ہمراہ قیاس
وہ قضا سے نے قیاس آیا بجا — گرچہ ہے ستار پر دیوے سزا
جو بُرا تو نے کیا ہے ڈر نہ ہو — کہ اُگاتا ہے خدا اُس تخم کو

در بیان آنکہ حق تعالیٰ بندہ را بہ گناہ اول رسوا نکند

بیان مین اُسکے کہ حق تعالیٰ بندے کو اول گناہ مین رسوا نہین کرتا ہی

چند گاہے او بپوشاند کہ تا — آیدش زین پس پشیمانی حیا
چون عمرؓ آن شاہ و میر مومنان — داد دزدے را بجلاد و عوان
بانگ زد آن دزد کاے میر دیار — اولین بارست جرمم زینہار
گفت امیرش حاشا للہ کہ خدا — بار اول قہر راند در جزا
بارہا پوشد پئے اظہار فضل — باز گیرد از پئے اظہار عدل

چند[۲] دفعہ وہ چھپاتا ہے کہ تا — آئے اسکو اُس سے بس شرم و حیا
عہد مین حضرت عمرؓ فاروق کے — کر دیا جلاد قائم چور پے
چور بولا اے امیر المومنین — جرم پہلا ہے مرا اے امن دین
میر[۳] بولے حاشا للہ کہ خدا — قہر کرتا پہلی بار اندر جزا
بارہا پنہان کرے از راہ فضل — اور پھر پکڑے ہے وہ از راہ عدل

[۱] ایک صوفی الخ ۹ شعر ایک صوفی گھر دن کو آیا گھر ایک دروازہ کا تھا اور عورت کفش دوز کے ہم بغل تھی و ہم صحبت تھی اپنے یار سے اُس حجرے مین تو جان لے صوفی نے دروازہ کو کوٹا چاشت کے وقت دونون گھبرائے کہ نہ حیلہ تھا اور نہ راہ تھی وہ وقت مقرر اس کا نہ تھا کہ جو وہ گھر کو آیا دکان سے وہ قصدًا بے وقت اُس روز آیا بسبب بدگمانی کے سوے مکان اُس عورت کو اعتماد تھا کہ وہ غبی دن کو اس وقت نہین آتا تھا گھر کو کبھی اعتماد اُس کو از راہ قیاس کے تھا پس ہمراہ قیاس کے رہنا نہ چاہیئے وہ قضا کار قیاس بجا نہ آیا اگرچہ حق ستار ہے ولیکن جزا بھی دیتا ہے آگے حقائق ہین جو تو نے بُرا کیا ہے ڈر مت ہو کہ حق اُس تخم کو اُگاتا ہے یعنی تو قیاس پر اپنے اعتماد مت کر اگرچہ حق عیب کو چھپاتا ہے ولیکن رسوا بھی کرتا ہے چنانچہ اس کا بیان آگے ہے فافہم ۱۲ [۲] چند دفعہ الخ ۳ شعر چند دفعہ وہ چھپاتا ہے کہ تا اس کو شرم و حیا اس سے آئے حضرت عمرؓ کے عہد مین جلاد قائم کر دیا ایک چور پر چور نے کہا کہ اے امیر المومنین میرا جرم اول ہے تو امن دین کی مجکو دے ۱۲ [۳] میر بولے الخ ۳ شعر امیر نے کہا کہ حاشا خدا پہلے ہی بار قہر کرتا ہے بارہا پوشیدہ کرتا ہے از راہ فضل کے اور پھر پکڑتا ہے از راہ عدل کے تاکہ یہ دونون صفت ظاہر ہووین وہ خوش کرے اور یہ ڈرائے بے گمان یعنی فضل خوش کرنے اور عدل ڈرائے آگے رجوع بقصہ ہے فافہم ۱۲

تاکہ این ہر دو صفت ظاہر شود　　آن مشر گردد این منذر شود
بارہا زن نیز آن بد کردہ بود　　سہل بگذشت آن وسہلش مینمود
آن نمیدانست عقل پای سست　　کہ سبو دائم زجو ناید درست
آنچنانش تنگ آورد آن قضا　　کہ منافق را کند مرگ فجا
نے طریق و نے رفیق و نے امان　　زانکہ عزرائیل شد در قصد جان
آنچنان کان زن دران حجرہ جفا　　خشک شد او و حریفش ز ابتلا
گفت صوفی با دل خود کای دو گبر　　از شما کینہ کشم لیکن بصبر
لیک نادانستہ آرم آن زمان　　تاکہ ہر گوشے ینوشد این نہان
از شما کینہ کشد پنہان محق　　اندک اندک ہمچو بیماری دق
مرد دق باشد چو یخ ہر لحظہ کم　　لیک پندارد بہر دم بہترم
ہمچو گفتارے کہ میگیرندش او　　غرہ آن گفت کاین گفتار کو
نیست در سوراخ گفتار ای عمو　　کشتہ او مغرور تر زین گفتگو
این ہمیگویند و بندش می نہند　　او خوش آسودہ کہ از من غافلند
ہیچ پنہان خانہ آن زن را نبود　　سمج و دہلیز و رہ بالا نبود
نے تنورے کہ دران پنہان شود　　نے جوالے کہ حجاب آن شود
ہمچو عرصہ پہن روز رستخیز　　نے گو و نے پشتہ نے جائے گریز
گفت یزدان وصف آن جائے حجیج　　بہر محشر لاتری فیہا عوج

تاکہ یہ دونون صفت ہوین عیان　　وہ کرے خوش یہ ڈراوے بیگمان
بارہا[١] عورت نے بدکاری کری　　سہل گزرا سہل جانا اسکو بھی
نے وہ ناقص عقل جانے کہ بھلا　　جو سے نے نکلے سبو ثابت سدا
ایسا تنگ اسکو قضا نے کر دیا　　جیسے کافر کو کرے مرگ فجا
نے رفیق و نے امان نے رہ ملے　　کیونکہ عزرائیل قصد جان رکھے
ایسے[٢] ہی اُس گھر مین وہ زن پھنس گئی　　تھی بلا سے خشک وہ اور یار بھی
سوچا صوفی دل مین کہ ان گبر سے　　اپنا بدلا لون ولیکن صبر سے
پر یہ ہون انجان مین اسدم کہ تا　　نے سنے کوئی یہ خفیہ ماجرا
تھوڑا تھوڑا کینہ اُنسے لون نہان　　جیسے دق والا گھلے ہر اک زمان
مثل یخ گھلتا ہے دق والا سدا　　پر وہ ہر دم جانتا ہے ہون بھلا
اُس چرگ کی مثل کہ پکڑین اُسے　　آپ بے غم کہ چرگ کس جا یہ ہے
نے چرگ سوراخ مین یان کوئی ہے　　وہ ہوا مغرور تر اس بات پے
باندھ لیتے ہین وہ یہی کہتے ہین　　وہ خوش آسودہ کہ غافل مجھسے ہین
کوئی[٣] پوشیدہ نہ جا اُس زن کو تھی　　زینہ نے تہخانہ اور نے کوٹھری
نے تنور اک کہ وہ اُسمین ہو نہان　　نے کوئی خرجی کہ پردہ ہو وہان
مثل اک میدان محشر کے صفا　　نے گڑھا نے ٹیلہ نے جانے کی جا
واسطے محشر کے وصف اس جائے کا　　لاتری فیہا عوج حق نے کہا
نہین دیکھیگا اس مین عوج لا

١ بارہا الخ ۲ شعر عورت نے بارہا بدکاری کی سہل گزرا اور اسکو بھی سہل جانا وہ ناقص عقل نہین جانتی ہے کہ جو سے سبو ثابت نہین نکلتا ہے ہمیشہ قضا نے اسکو ایسا تنگ کر دیا جیسے مرگ مفاجات سے کفار نہ رفیق نہ امان وہ نہ راہ ملے کیونکہ عزرائیل قصد جان کا رکھتا ہے یعنی موت ناگہانی کفار کو بد ہے اور مومن کو نیک ہے کیونکہ موت ناگہانی مین جو خیال ہوتا ہے انسان اُسی خیال مین جاتا ہے فرصت توبہ کی نہین پاتا ہے اسواسطے کفار کو بد ہے اور مومن جو کہ ہر دم خیال یار مین رہتا ہے وہ خیال اسکو بہتر ہے اسواسطے مومن کو نیک ہے بقول بحر العلوم باقی حال اسکا آگے ہے فافہم ۲ ایسے ہی الخ ۹ شعر وہ عورت اُس گھر مین ایسی ہی پھنس گئی اور بلا سے وہ خشک تھی اور یار بھی سوچا کہ مین دو گبر سے اپنا بدلہ لون ولیکن صبر سے پر اسدم انجان مین ہو رہون کہ تا کوئی یہ پوشیدہ ماجرا نہ سنے کینہ تھوڑا تھوڑا پوشیدہ لون جیسے دق والا ایک زمانے مین گھلتا ہے مثل برف کے دق والا گھلتا ہے ہمیشہ دیکن وہ ہر دم جانتا ہے کہ مین اچھا ہون آگے اسکی مثال ہے اُس چرگ کے مانند کہ اُسے پکڑین اور وہ اس بات پر بے غم ہو کہ چرگ کہان ہے یہان چرگ سوراخ مین کوئی نہین ہے اور وہ مغرور تر ہوا اس بات پر یہان تک کہ وہ باندھ لیتے ہین اور یہی کہتے ہین اور وہ خوش آسودہ ہوتا ہے کہ مجھسے غافل ہین ... دنیا ہر دم بلا مین پھنستے جاتے ہین اور خود جانتے ہین کہ ہم ویسے ہی آزاد ہین آگے رجوع بقصہ ہے فافہم ۳ کوئی الخ ٥ شعر کوئی چھپانے کی جا اس عورت کو نہ تھی نہ زینہ اور نہ تہخانہ و کوٹھری نہ تنور کہ اُس مین پوشیدہ ہو اور نہ کوئی خرجی کہ وہان پردہ ہو مثل میدان محشر کے صفا نہ گڑھا نہ ٹیلا نہ جگہ جانے کے واسطے محشر کے اس جگہ کا وصف حق نے کہا ترجمہ کہ نہین دیکھیگا اُس مین عوج چادر اس کے منہ پر ڈال کہ مرد کو عورت کرے ... چادر کھولا آگے معشوق کے چھپانے کا حال ہے فافہم ۲

چادر خود را برو افگنده زود ‖ مرد را زن کرد و در را بر گشود

چادر اپنی اسکے منھ پر ڈال کر ‖ مرد کو زن کرکے کھولا جلد در

معشوق را زیر چادر نہان کردن جہت تلبیس و بہانہ و مکر کہ اِنَّ کَیْدَکُنَّ عَظِیْمٌ

بتحقیق مکر عورتون کا بڑا ہوتا

معشوق کو نیچے چادر کے چھپانا واسطے مکر و فریب بہانے کے کہ اِنَّ کَیْدَکُنَّ عَظِیْمٌ

زیر چادر مرد رسوا و عیان ‖ سخت پیدا چون شتر بر نردبان

از تعجب گفت صوفی چیست این ‖ ہرگز این را من ندیدم کیست این

گفت خاتونیست از اعیان شہر ‖ مر ورا از مال و اقبال ست بہر

در ببستم تا کسے بیگانہ در ‖ در نیاید زود نادانانہ بر

گفت صوفی چیستش یک خدمتی ‖ تا بر آرم بے سپاس و منتے

گفت خواہش خویشی و پیوستگی است ‖ نیک خاتونیست حق داند کہ کیست

یک پسر دارد کہ اندر شہر نیست ‖ خوب و زیرک چابک و کسب کیست

خواست دختر را ببیند زیر دست ‖ اتفاقاً دختر اندر مکتب است

باز گفت ار آرد باشد یا سبوس ‖ میکنم او را بجان و دل عروس

گفت صوفی ما فقیر و زاد کم ‖ قوم خاتون مالدار و محتشم

کے بود این کفو ایشان در زواج ‖ یک در از چوب و دیگر از عاج

کے بود ہمرنگ فقر و احتشام ‖ چون شود ہمجنس یاقوت و رخام

جامہ نیمے اطلس و نیمے پلاس ‖ عیب باشد نزد ارباب شناس

با کبوتر باز کے شد ہم نفس ‖ کے شود ہمراز عنقا ہم مگس

مرد[۱] چادر کے تلے ظاہر دکھے ‖ ایسا ظاہر اونٹ جیسے بام پے

بولا[۲] صوفی ہون مین حیران کون ہے ‖ اسکو نے دیکھا کبھی یان کون ہے

بولی بی بی ہے یہ اہل شہر سے ‖ مال اور دولت سے آسودہ یہ ہے

در کیا تھا بند بیگانہ کوئی ‖ گھس نہ اندر آئے نادانہ کوئی

بولا صوفی خاطر اسکی کیا کرین ‖ منت بے شکر اسپر تا رکھین

بولی خواہش رشتہ کرنے کی اسکے ‖ نیک زن ہے جانے حق کہ کون ہے

اک[۳] پسر رکھے کہ یان بے مثل ہے ‖ خوبرو چالاک و ہشیاری رکھے

چاہے دختر کو دیکھنا خفیہ وسلے ‖ اتفاقاً دختر اب مکتب مین ہے

پھر کہا لا آٹا یا بھوسی ہو گر ‖ دولہن اسکو مین کرون دل سے مگر

بولا صوفی ہم فقیر اور مایہ کم ‖ قوم بی بی کی امیر اور محتشم

کفو انکی کب ہو یہ جوڑا ہو گر ‖ ایک ہاتھی دانت اک لکڑی کا در

فقر و[۴] حشمت کب بھلا ہمرنگ ہو ‖ مرمر و یاقوت کب ہمسنگ ہو

جامہ آدھا اطلس آدھا ٹاٹ کا ‖ اسکو دانا جانتے ہین سب برا

کب کبوتر ساتھ ہوئے باز کے ‖ مکھی کب عنقا سے ہمرازی رکھے

۱؎ مرد الخ ا شعر مرد چادر کے نیچے ظاہر دکھتا تھا ایسا ظاہر کہ جیسے اونٹ بام پر ۱۲

۲؎ بولا صوفی الخ ۵ شعر صوفی نے کہا کہ مین حیران ہون کہ یہ کون ہے اسکو نہیں دیکھا کبھی یہان بولی کہ یہ بی بی اہل شہر سے ہے مال و دولت سے یہ آسودہ ہے دروازہ بند کیا تھا کہ کوئی بیگانہ گھس نہ آئے نادانون کے مانند صوفی نے کہا کہ اسکی کیا خاطر کرین تا منت بے شکر اسپر رکھین عورت نے کہا کہ اس کو خواہش رشتہ داری کرنے کی ہے نیک عورت ہے مگر خدا جانے کون ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

۳؎ اک پسر الخ ۵ شعر ایک لڑکا رکھتی ہے کہ بے مثل ہے خوبرو و چالاک و ہوشیار ہے دختر خفیہ دیکھنا چاہتی ہے ولیکن دختر اتفاقاً مکتب کو گئی ہے پھر کہا کہ اگر آٹا یا بھوسی ہو ولیکن مین اس سے شادی کرون گی دل سے صوفی نے کہا کہ ہم فقیر دام کم رکھتے ہین قوم بی بی کی امیر و محتشم ہے اگر یہ جوڑا ہو تو کفو ان کی کب ہو جیسے ایک در ہاتھی دانت کا اور ایک لکڑی کا آگے اس کی مثال ہے فافہم ۱۲

۴؎ فقر و حشمت الخ ۴ شعر فقر و حشمت بھلا ہمرنگ کب مرمر اور یاقوت ہم سنگ کب ہو آدھا جامہ اطلس اور آدھا ٹاٹ کا سب دانا اس کو برا جانتے ہین کبوتر کب باز کے ساتھ ہووے مکھی کب عنقا کی ہمراز ہووے کفو دونون کی زوجیت مین چاہیئے ورنہ تنگ آئین اور الفت نہ رہے یعنی زوجیت مین برابری چاہیئے کہ دونون مین موافقت چاہیئے آگے جواب عورت کا ہے فافہم ۱۲

کفو باید ہر دو جفت اندر نکاح	ورنہ تنگ آید نماند ارتیاح	کفو ہر دو زوجیت مین چاہیئے	ورنہ تنگ آئین نہین الفت رہے

گفتن زن کہ او در بند جہاز نیست مراد او ستر و صلاح است و جواب گفتن صوفی او را پنہانے

کہنا عورت کا کہ وہ جہیز نہین چاہتی ہے مراد اسکی لیاقت اور صلاحیت ہے اور جواب دینا صوفی کا اس کو معنی مین

گفت گفتم من چنین عذر سے و او — گفت زن من نیستم اسباب جو
ما زمال و زر ملول و تخمہ ایم — ما بحرص جمع نے چون عامہ ایم
ما ملولیم از قماش و زر و سیم — فارغیم و تخمہ از مال عظیم
قصد ستر ست و پاکی و صلاح — در دو عالم خود بدان باشد فلاح
باز صوفی عذر درویشے بگفت — وان مکرر کرد تا نبود نہفت
گفت زن من ہم مکرر کردہ ام — بے جہیزے را مقرر کردہ ام
اعتماد او ست راسخ تر ز کوہ — کہ ز فقرش ہیچ می ناید شکوہ
او ہمی گوید مرادم عفت ست — از شما مقصود صدق ہمت ست
گفت صوفی خود جہاز و مال ما — دید و می بیند ہویدا نے خفا
خانہ تنگے مقام یک تنے — کہ درو پنہان نماند سوزنے
باز ستر و پاکی و زہد و صلاح — او ز ما بہ داند اندر انتصاح
بہ ز ما میداند او احوال ستر — و ز پس و پیش سر و دنبال ستر

بولی[۵۱] مین نے عذر ایسے ہی سے کئے — خواہان ساماں کی نہین یہ کہتی ہے
کہ ملول اور تنگ ہین ہم مال سے — حرص جمع نے ہین جون عام کے
ہین ملول اب ہم زر و سامان سے — مال کی کثرت سے تنگی دل کو ہے
ہے ہمارا قصد پاکی و صلاح — دو نون عالم مین ہو تا اس سے فلاح
عذر صوفی نے کیا پھر فقر کا — تا بناوٹ نے اسی نے پھر کہا
بولی زن مین نے بھی اسکو پھر کہا — بے جہیزی کو مقرر کر دیا
اعتماد اسکا ہے پکا کوہ سے — فقر سے نے تنگ اسکو آئی ہے
وہ[۵۲] کہے مقصود عفت سے مجھے — صدق و ہمت چاہئے اب تمسے ہی
بولا[۵۳] صوفی مال و سامان خود مرا — دیکھا اور دیکھے ہے ذرا اس سے چھپا
خانہ تنگ اور ایک تن اسمین رہے — اور اسمین ایک سوئی نہ چھپ سکے
پھر لیاقت پاکی اور زہد کو — مجھسے بہتر جانے ظاہر ہے پہلے
مجھسے بہتر جانے وہ حال ستر — آگے پیچھے سر و دنبال ستر

[۵۱] بولی الخ ۱ شعر عورت نے کہا کہ مین نے ایسے ہی عذر کئے یہ کہتی ہے کہ مین خواہان سامان کی نہین ہون کہ ہم مال سے ملول وتنگ ہین اور عام کے مانند ہمین حرص جمع کی نہین ہے اب ہم ملول ہین زر و سامان سے مال کی کثرت سے دل کو تنگی ہے ہمارا قصد پاکی و صلاح ہے تاکہ دو نون عالم مین اس سے فلاحیت ہو پھر صوفی نے عذر فقر کا کیا تا بناوٹ نہ ہووے اس نے پھر کہا عورت نے کہا کہ مین نے اسکو پھر کہا اور بے جہیزی کو مقرر کر دیا اعتماد اس کا کوہ سے پکا ہے اس کو تنگ نہین ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ [۵۲] وہ کہے الخ ۱ شعر وہ کہتی ہے کہ مجھ کو مقصود عفت سے ہے تجھ سے صدق و ہمت چاہتی ہون ۱۲

[۵۳] بولا صوفی الخ ۲ شعر صوفی نے کہا کہ خود مال و سامان میرا دیکھا اور دیکھتی ہے اُس سے پوشیدہ نہین ہے خانہ تنگ کہ ایک شخص اُس مین رہے اور اس مین ایک سوئی چھپ نہ سکے پھر لیاقت اور پاکی اور زہد و نیکی مجھ سے بہتر وہ جانتی ہے حال ستر کا آگے پیچھے سر و دنبال ستر کا میری بے سامانی مثل خورشید کے ہے وہ صلاح و ستر سے واقف نہ رہے میرا ظاہر بے سر و سامان ہے وہ خود واقف ہے صلاح و ستر سے شرح کرنا پردہ کی بابا سے کچھ ضرور نہین ہے کہ مثال دن کے اسپر ظاہر ظہور ہے آگے اس کے حقائق ہین فافہم ۱۲

بے جہانی خود عیان ہمچون خورست — در صلاح و ستر او واقف ترست
ظاہر ما بے جہاز و خادم ست — در صلاح و ستر او خود عالم ست
شرح مستوری ز بابا خواست — چون برو پیدا چو روز روشنی ست
این حکایت را بدان گفتم کہ تا — لاف کم بافی چو رسوا شد خطا
برتراست ہم بدعوے مستزاد — این بدست اجتہاد و اعتقاد
چون زن صوفی تو خائن بودہٗ — دام مکر اندر دغا بکشودہٗ
کہ ز ہر ناشستہ رو گپ زنی — شرم داری وز خداے خویش نے

میری بے سامانی ظاہر مثل خور — وہ صلاح و ستر سے واقف ہے تر
میرا ظاہر بے سر و سامان سب — ہے وہ واقف خود صلاح و ستر سب
شرح پردہ کی نہ بابا ہے ضرور — مثل دن کے اسپہ ظاہر ہے وہ دور
میں نے اس قصہ کو اس باعث کہا — کم کرے دعوی جو رسوا ہو خطا
خالص کر تجکو بھی ہے دعوی بڑا — اعتقاد و جہد یہ ہی تھا ترا
چون زن صوفی خیانت تو کرے — دام مکر اندر دغا کھولے تو جب
مارتا گپ ہے جو تو نادان سے — شرم ہے نے اللہ سے تو کرتا ہے

بیان آنکہ غرض از بصیر و سمیع و علیم گفتن حق چیست

بیان اسکا کہ خدا کو بصیر و سمیع و علیم کہنے سے غرض کیا ہے

از پے آن گفت حق خود را بصیر — کہ بود دیدش ہر دم نذیر
از پے آن گفت حق خود را سمیع — تا ببندی لب ز گفتار شنیع
از پے آن گفت حق خود را علیم — تا نیندیشی فساد تو ز بیم
نیست اینہا بر خدا اسم علم — کہ سیہ کافور دارد نام ہم
اسم مشتق است و اوصاف قدیم — نے مثال علت اولی سقیم
ورنہ تسخر باشد و طنز و دہا — کر را سامع ضریرے را ضیا
یا علم باشد حیی نام وقیح — یا سیاہ زشت را نام صبیح

اسلئے حق نے کہا خود کو بصیر — دید اسکی تجکو ہو ہر دم نذیر
اس لئے حق نے کہا خود کو سمیع — تا تو چپ ہووے نہ کہوے کچھ شنیع
اس لئے حق نے کہا خود کو علیم — تا نہ سوچے تو فساد از راہ بیم
اسم فرضی یہ نہیں اللہ کے — کہ رکھے کافور زنگی نام ہے
اسم نکلا ہے قدیم اوصاف سے — علت اولی سا نہ بیمار ہے
ورنہ از راہ تمسخر کہتے وہ — سامع بہرے کو تو بینا کور کو
نام فرضی ہو حیا بے شرم کا — یا کہ روشن نام زنگی کا رکھا

سلہ میں نے آگے ۴ شعر اس قصہ کو میں نے اس باعث کہا کہ کم دعوے کرے جب کہ خطا رسوا ہو جائے اس کی تجھ کو بھی بڑا دعوے ہے اعتقاد و جہد کا پس اگر مثل عورت صوفی کے تو خیانت کرتا ہوا اور دام مکر تو دغا میں کھولتا ہے تو گپ مارتا ہے نادان سے اور تو شرم نہیں کرتا ہے اللہ سے یعنی تو دعوے کرتا ہے اور گپین مارتا ہے مثل زن صوفی کے اے ریاکار اور حق تعالیٰ کو سمیع و بصیر نہیں جانتا اور شرم نہیں کرتا ہے آگے خدا کے سمیع و بصیر ہونے کا بیان ہے فافہم ۱۲

سلہ اس لئے آگے ۷ شعر اس واسطے حق نے خود کو بصیر کہا کہ دید اس کی ہر دم تجھ کو ڈرانے والی ہے اس واسطے حق نے خود کو سمیع کہا تا تو خاموش رہے اور کچھ برا منھ سے نہ کہے اس واسطے حق نے خود کو علیم کہا کہ تا تو فساد نہ سوچے از راہ خوف کے یہ اسم فرضی نہیں ہیں اللہ کے جیسے کہ کافور نام زنگی کا رکھتے ہیں اسم قدیم اوصاف سے نکلا ہے علت اولی کے مانند بیمار نہیں ہے ورنہ از راہ تمسخر کے وہ کہتے سامع بہرے کو اور بینا اندھے کو نام فرضی بے شرم کا حیا ہو یا کہ نام زنگی کا روشن ہو یعنی یہ اسماء صفاتی اللہ کے باصفت ہیں فرضی نہیں ہیں اسم فرضی وہ ہے کہ صفت نہ رکھے اور نام صفاتی اس کا ہو جیسے جاہل کا نام مولوی آگے مثال اس کی ہے فافہم ۱۲

طفلک نوزاده را حاجی لقب	یا لقب غازی نهی بهر نسب	چھوٹے بچے کا رکھیں حاجی لقب	یا نسب کے واسطے غازی لقب
گر بگویی این لقبها در مدیح	چون ندارد آن صفت نبود صحیح	ان لقب کو مدح میں جو کہیں	نے صحیح ہووے صفت بن کے تعبیر
تسخر و طنزی بود آن یا جنون	پاک حق عما یقول الظالمون	ہو تمسخر طنز وہ یا اور جنون	پاک حق عما یقول الظالمون
من همیدانستمت پیش از وصال	که نکوروئی ولیکن بدخصال	میں یہی جانے تھی پہلے وصل سے	شکل نیک اور تو بد خصلت رکھے
من همیدانستمت پیش از لقا	کز ستیزه راسخی اندر شقا	میں یہی جانے تھی اندر دید سے	جنگ سے ثابت شقاوت میں ہے تو
چونکه چشمم سرخ باشد در غمش	دانمش زان درد گر کم بینمش	جیسے سرخ آنکھ اسکی غم سے ہو عیان	درد سے جانوں ہو کم بینی میں
تو مرا چون بره دیدی بی شبان	تو گمان کردی ندارم پاسبان	مجھکو مثل بھیڑ دیکھا بے شبان	تو نے جانا میں نہ رکھوں پاسبان
عاشقان از درد زان نالیده‌اند	که نظر ناجایگه مالیده‌اند	درد سے عشاق روتے ہیں اس لئے	کہ نظر رکھتے ہیں جائے غیر پے
بی شبان دانسته‌اند آن ظبی را	رایگان دانسته‌اند آن سبی را	جانتے آہو کو ہیں وہ بے نشان	قید اُن کی جانتے ہیں رائگان
تا ز غیرت تیر آید بر جگر	که منم حارس گزافه کم نگر	تا جگر پہ تیر غیرت سے لگا	کہ نگہبان میں ہوں سمجھے بڑا
کی کم از بره کم از بزغاله‌ام	که نباشد حارسی از دنباله‌ام	کب میں کم بچے سے بکری بھیڑ کے	کہ نگہبان ہو نہیں پیچھے مرے
حارسی دارم که ملکش می‌سزد	داند آن بادی که بر من می‌وزد	وہ نگہبان میرا کہ لائق اسکا ہے	اس ہوا کو جانے جو مجھ پہ چلے
سرد بود آن باد یا گرم آن علیم	نیست غافل نیست غایب ای سقیم	وہ ہوا تھی سرد یا گرم ہو علیم	نے ہے غافل اور غائب وہ سقیم
نفس شهوانی ندارد نور جان	من بدل کوریت میدیدم عیان	نفس شہوانی نہ رکھے نور جان	دیکھتی ہوں تیرا اندھاپن عیان
نفس شهوانی ز حق کر است و کور	من بدل کوریت میدیدم ز دور	نفس شہوانی ہے اندھا حق سے	تیرا اندھاپن میں دیکھوں دور سے
هشت سالت نیز من پرسیدم هیچ	کز پرت دیدم ز جهل و پیچ پیچ	آٹھ سال اس سے نہیں پوچھا تجھے	کہ جو دیکھا تھا تجھکو جہل سے
خود چه پرسم آنکه او باشد نگون	که تو چونی چون بود او سرنگون	اس سے کیا پوچھوں کہ وہ اوندھا ہے تو	کیا ہے تیرا حال کیوں ہے سرنگون

سلہ چھوٹے بچہ کا آگے شعر حاجی نام چھوٹے بچہ کا رکھیں یا غازی لقب نسب کے واسطے کریں جو کہ ان لقب کو مدح میں کہیں صحیح نہ ہووے جو کہ وہ صفت نہ رکھیں طنز و تمسخر و جنون ہو کہ حق پاک ہے ترجمہ اس چیز سے جو کہتے ہیں ظالم آگے بعد میں یہی اول وصل سے جانتی تھی شکل نیک و لیکن تو خصلت بد رکھتا ہے میں اول یہی جانتی تھی دیدت جنگ سے کہ شقاوت میں ثابت قدم ہے آگے اس کی مثال ہے جیسے سرخ آنکھ اس کی غم سے ظاہر ہو اور میں درد سے جانوں کم بینی ہے مجھکو بھیڑ کے مانند دیکھا بے چرواہا اور یعنی میں نے نگہبان حق کو اپنے ساتھ رکھتی ہوں کہ ہر دم میرے ساتھ ہے آگے اس کے حقائق ہیں اسلئے وے آگے شعر عشاق اسلئے درد سے روتے ہیں کہ نظر رکھتے ہیں صورت ظاہری پر یعنی عاشقان مجازی صورت ظاہری پر عاشق ہیں حقیقی نہیں سمجھتے ہیں اسواسطے درد فراق میں مبتلا ہیں آگے اسکی مثال ہرا آہو کو بے نگہبان جانتے ہیں تا غیرت سے تیر جگر پہ لگا کہ میں نگہبان ہوں تو بات دیکھ آگے رجوع بمقصد ہے میں بکری و بھیڑ کے بچے سے کب کم ہوں کہ نگہبان میرے پیچھے نہ ہو نگہبان میرا ہے کہ ملک اسکا ہے وہ اس ہوا کو جانے کہ جو مجھ پہ چلتی ہے وہ ہوا سرد یا گرم تھی وہ علیم غافل و غائب نہیں ہے یعنی وہ خدا میرا نگہبان ہے اور وہ ہوا کو جانتا ہے کہ جو مجھ پر چلتی ہے اور نہ غافل و غائب نہیں ہے بلکہ حال آگے بیمار سقیم نفس شہوانی آگے ہے شعر نفس شہوانی نور جان نہیں رکھتا ہے میں دیکھتی ہوں تیرا اندھاپن ظاہر نفس شہوانی حق سے اندھا ہے میں تیرا اندھاپن دور سے دیکھتی ہوں آٹھ برس تجھکو اسواسطے نہیں پوچھا کہ تجھکو جہل سے بھرا دیکھا اس سے کیا پوچھوں کہ جو مثل گھوڑے کے اوندھا کیا ہوا ہو کیوں سرنگون ہے یعنی اے عاشق ظاہری نفس شہوانی رکھتا ہے اور حق سے اندھا ہے میں نے اسواسطے تجھکو نہیں پوچھا اگر تو نہیں جانتا ہو کہ مجھ میں کون ہے اور میں کیا ہوں آگے استغناء اور بیان جاننا

مثل آنکہ دنیا گلخن وتقوی حمام تو انگران سرگین کشانند

مثال اسکی کہ دنیا بھٹی و تقوی حمام اور توانگر گوبر اٹھانے والے ہین

شہوت دنیا مثال گلخن است / کہ ازو حمام تقوی روشن است
لیک قسم متقی زین تون صفاست / زانکہ در گرمابہ است و در نقاست
اغنیا مانند سرگین کشان / بہر آتش کردن گرمابہ بان
اندر ایشان حرص بنہادہ خدا / تا بود گرمابہ گرم و با نوا
ترک این تون گیر و در گرمابہ ران / ترک تون را عین آن گرمابہ دان
ہر کہ در تون است او چون خادم است / مر ورا کو صابر است و حازم است
ہر کہ در حمام شد سیمای او / ہست پیدا بر رخ زیبای او
تونیان را نیز سیما آشکار / از لباس و از دخان و از غبار
ور نہ بینی روش بویش را بگیر / بو عصا آمد برای ہر ضریر
ور ندانی بو در آرش در سخن / از حدیث نو بدان راز کہن
پس بگوید تونیی صاحب ذہب / بیست سلہ چرک کردم تا بشب
حرص تو چون آتش است اندر جہان / باز کردہ ہر زبانہ صد دہان
پیش عقل این زر چو سرگین ناخوش است / گرچہ چون سرگین فروغ آتش است
آفتابی کو دم از آتش زند / چرک تر را لائق آتش کند

مثل بھٹی خواہش اس دنیا کی ہے / گرم وہ حمام تقوی کو رکھے
متقی گھورے سے لیکن صاف ہے / کیونکہ وہ حمام مین پاکی رکھے
مثل گوبر کش ہین یہ سارے غنی / آگ روشن کرتے ہین حمام کی
انکے اندر حرص رکھی حق نے ہے / گرم تا حمام انسے بس رہے
چھوڑ گوبر اور رہ حمام پے / چھوڑنا گوبر کا نزد حمام ہے
جو ہے گوبر مین وہ جون خادم کے ہے / خاص اسکا جو کہ ہشیاری رکھے
جو گیا حمام مین اسکی عیان / ہے چمکتی رخ پہ پیشانی نہان
گھورے والونکی بھی پیشانی نہان / ہے دھوئین سے اور لباسون سے عیان
گر نہ دیکھے انکا منہ بو انکی سے / بو عصا آئی ہے اندھون کیلئے
گر نہ جانے بو تو اس سے کر سخن / تو سخن اسکے سے سن از ہر ...
کہوے گوبر والا جو دولت ہے / گندگی کے بیس برس لایا ہون گھر
حرص تیری مثل آگ عالم کے ہے / ہر دہن سے شعلہ سو ظاہر ہے
عقل کے آگے یہ زر گوبر سا ہے / گرچہ گوبر آگ کو روشن کرے
شمس وہ کان آگ کا جو دم بھرے / گیلا گوبر آگ کے لائق کرے

سلہ مثل بھٹی الخ ۱ شعر خواہش دنیا کی مثل گلخن کے ہے کہ حمام تقوی کو وہ گرم رکھتی ہے ولیکن متقی گھورے سے علیحدہ ہے کیونکہ وہ پاکی رکھتا ہے آگے اس کے حقائق ہین فافہم ۱۲ سلہ مثل گوبر کش الخ ۳ شعر یہ سب غنی مثل گوبر کش کے ہین کہ آگ روشن حمام کی کرتے ہین حق نے انکے اندر حرص رکھی ہے تاکہ حمام ان سے گرم رہے گوبر چھوڑ اور راہ حمام کی لے کہ گوبر کا چھوڑنا عین حمام ہے جو گوبر مین ہے وہ مثل خادم کے ہے خاص اس کسی کا کہ جو ہوشیاری کرتا ہے یعنی توانگران خادم اہل اللہ کے ہین کہ انکی خدمت زر و مال سے کرین تاکہ وہ مال و سے فارغ ہوکر شاغل بحق رہین آگے خادمان اللہ کا بیان ہے فافہم ۱۲ سلہ جو گیا الخ ۷ شعر جو حمام مین گیا اسکی پیشانی ظاہر چمکتی ہے یہان رخسارے اور گھورے والون کی بھی یہان پیشانی دھوئین اور لباسون سے ظاہر ہے اگر تو انکا منہ نہین دیکھتا ہے بو ان کی لے کیونکہ بو عصا آنی ہے اندھون کے واسطے اگر تو بو نہین جانتا ہے اس سے باتین کر اور نئی باتون اسکی سے راز پرانے سن یعنی اولیا اللہ اور ... کی پیشانی ظاہر ہے اگر تو پیشانی سے جان سکتا نہین ہے انسے باتین کر کہ تا تجکو معلوم ہو کہ یہ اولیا ہے یا دنیا دار ہے گوبر والا کہ جو دولت والا ہے کہوے کہ بیس برس گندگی کے مین لایا تیری حرص مثل آتش کے عالم مین ہے اور ایک دہن سے سو شعلے ظاہر کرتی ہے عقل کے روبرو یہ زر مثل گوبر کے اگرچہ گوبر آتش کو روشن کرتا ہے یعنی زر سے حرص زیادہ ہوتی ہے اور یہ زر اللہ کے نزدیک گوبر ہے وہ شمس کہان ہے کہ جو آتش کا دم بھرتا ہے اور گیلے گوبر کو آتش کے لائق کرتا ہے اور شمس نے اس سنگ کو زر کیا کہ تا گھورے مین حرص کی آتش پڑے یعنی وہ اولیا کہان ہین کہ اہل دولت کو اپنے پرتو سے حرص سے چھڑائین باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

آفتاب آن سنگ را ہم کرد زر / تا بچون حرص افتد صد شرر
آنکہ گوید مال گرد آوردہ ام / چیست یعنی چرک چندین خوردہ ام
این سخن گرچہ کہ رسوائی فزاست / در میان تونیان زین فخرہاست
آنکہ شش سلہ کشیدی تا بشب / من کشیدم بیست سلہ بے کرب
آنکہ در تون زاد وپاکی ندید / بوے مشک آرد بروے رنجے پدید
گر بتون انبار خواہی بود تو / زین زیان ہرگز نہ بینی سود تو

زر کیا اُس سنگ کو بھی شمس نے / حرص سے گھورے مین تا آتش بچے
وہ کہے گر مال کو جمع کیا / یعنی اتنی گندگی کو کھا لیا
گرچہ ان باتون سے رسوائی بڑھے / گھورے والونمین پاس سے فخر ہے
تو نے دن بھر ہین لئے چھ ٹوکرے / بیس مین نے ٹوکرے جمع کرے
پاک کب جو پیدا گھورے مین ہوا / مشک کی بو اسپہ لاتی ہے بلا
تو اگرچہ پیدا گھورے مین ہوا / اس زیان سے ہو نہ تجکو فائدا

قصۂ آن دباغ کہ در بازار عطاران از بوے عطر بیہوش شد

قصۂ اُس دبہ گر کا کہ عطارون کے بازار مین بوے عطر سے بیہوش ہوا

آن یکی دباغ در بازار شد / تا خرد آنچہ ورا در کار بُد
چونکہ در بازار عطاران رسید / ناگہان افتاد بیہوش وخمید
بوے عطرش زد زعطاران راد / تا بگردیدش سر و بر جا فتاد
ہمچو مردار او فتاد وبے خبر / نیم روز اندر میان رہگذر
جمع آمد خلق بروے آن زمان / جملہ گان لاحول گو درمان کنان
آن یکے کف بر دل او می براند / ور گلاب آن دگیرے برو فشاند
ومی ندانست کاندر مرتعہ / از گلاب آمد ورا این واقعہ
آن یکے دستش ہمی مالید وسر / وان دگر کہگل ہمی آورد تر

دبہ گر اک جو گیا بازار مین / تا خریدے اسکو جو تھین خواہشین
جو گیا بازار عطارون مین وو / گر پڑا وہ ناگہان بیہوش ہو
آئی بوے عطر اسے عطار سے / گھوما سر اُسکا گرا اک جائے پے
بے خبر مردار سا لیٹا رہا / نصف دن تک راہ مین وہ پڑا
جمع مردم اُس گھڑی اسپہ ہوگئے / پڑھتے لاحول اور دوا کرتے ہوئے
ایک سینہ اُسکا ملتا ہاتھ سے / دوسرا چھڑکے گلاب اُس شخص پے
وہ نتھے اس گندگی مین جانتے / کہ گلاب اسپر بلا لایا ہے یہ
ایک ملتا ہاتھ اُسکا اور سر / دوسرا لاتا تھا مٹی کرکے تر

سلہ وہ کہے الخ ۵ شعر وہ کہے کہ مین نے مال کو جمع کیا یعنی اتنی گندگی کو کھا لیا اگرچہ ان باتون سے رسوائی بڑھتی ہے ولیکن گھورے والون مین اس سے فخر ہے تو نے دن بھر اٹھائے چھ ٹوکرے اور بیس ٹوکرے مین نے جمع کئے پاک کب ہے جو کہ گھورے مین پیدا ہوا بوے مشک اسپر بلا لاتی ہے تو اگرچہ گھورے میں پیدا ہوا ہے اس زیان سے تجکو فائدہ نہ ہو یعنی جو دنیا کی خواہش مین گرفتار ہے کلام اولیا اللہ اسپر بلا لاتا ہی جیسے دبہ گر بوے عطر سے بیہوش ہوا آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲ سلہ دبہ گر الخ ۶ شعر ایک دبہ گر جو بازار گیا تاکہ خریدے جو اُسے خواہشین تھین جب کہ بازار عطارون مین وہ گیا ناگہان بیہوش ہو کر گر پڑا اُس کو عطر کی بو آئی عطر سے سر گھوما اور ایک جگہ پر گر کے بے خبر مردار کے مانند لیٹا رہا آدھے روز تک راہ مین اور نہین اٹھا اُس گھڑی لوگ اسپر جمع ہوگئے لاحول ولا قوۃ پڑھتے ہوئے اور دوا کرتے ہوئے ایک اُس کا سینہ ملتا ہاتھ سے دوسرا گلاب چھڑکتا اس شخص پہ باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ سلہ وہ نہ تھے الخ ۲ شعر وہ اس گندگی مین نہین جانتے تھے کہ گلاب اسپر یہ بلا لایا ہے ایک اس کا ہاتھ ملتا اور سر اور دوسرا مٹی لاتا کرکے تر ایک بخور عود اور قند باہم کرکے دیتا دوسرا اس کی پوشش کو کم کرتا ایک شخص کی حرکت کو دیکھتا تھا دوسرا اُس کی منہ کی بو سونگھتا تھا کہ گانجا یا بھنگ یا شراب کھائی ہے مردم اس کی بیہوشی سے عاجز تھے پس اُس کے عزیزون کو خبر جلدی دی کہ فلانا یہان خراب پڑا ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

آن بخور و عود و شکر زد بہم / وان دگر از پوشش میکرد کم
ایک بخور و عود و قند دیتا بہم / دوسرا پوشش کو اتارتا اسکی کم

وان دگر نبضش کہ تا چون میجہد / وان دگر بو از دہانش می ستد
نبض کی حرکت کو اک تھا دیکھتا / دوسرا بو اُس کے منہ کی سونگھتا

تا کہ می خوردست یا بنگ و حشیش / خلق درماندند اندر بیہشیش
تا کہ کیا کھایا بھنگ یہ کھائی ہے / مردم عاجز اسکی بیہوشی سے تھے

پس خبر بردند خویشان را شتاب / کہ فلان افتادہ است آنجا خراب
پس خبر دی اسکے اپنون کو شتاب / کہ فلانا یان پڑا ہے بس خراب

کس نمیداند کہ چون مصروع گشت / یا پیہ شد کو را افتاد از بام طشت
نہ کوئی جانے کہ کیون مرگی ہوئی / یا ہوا کیا راز سے نہ آگہی

یک برادر داشت آن دباغ زفت / گربز و دانا بیامد زود تفت
دبّہ گر کا ایک بھائی تھا بڑا / ہوشیار و دانا جلد ہی آگیا

اندکے سرگین سگ در آستین / خلق را بشکافت و آمد با چنین
آستین میں لینڈی کتے کی لئے / خلق کو چیرا اور آیا اُس جگھے

گفت من رنجش ہمیدانم چیست / چون سبب دانی دوا کردن جلیست
بولا مین رنج اسکا جانون ہے کیا / جو سبب جانے دوا آسان ہو

چون سبب معلوم نبود مشکل ست / داروی رنج و در آن صد محملست
جو سبب نہ جانے مشکل اسکو ہو / رنج کی دارو کہ سو محمل رکھے

چون بدانستی سبب را سہل شد / دانش اسباب دفع جہل شد
جو سبب جانا تو آسانی ہوئی / ہوئی سبب کی عقل دافع جہل کی

گفت با خود ہستش اندر مغز و رگ / تُوے بر تُوے بوے آن سرگین سگ
سوچا وہ خود مغز مین اسکے بسی / تہ بتہ کتے کی بُو سے گندگی

تا میان اندر حدث او تا بشب / غرق دباغیست از روز طلب
تا بدن تا گندگی کے درمیان / غرق ہے دبّہ گری سے یہ جوان

با حدث کردست عادت سال و مہ / بوے عطرش لاجرم دارد تباہ
گندگی سے کی ہو عادت سال و ماہ / عطر کی بو نے کیا اسکو تباہ

پس چنین گفتست جالینوس مہ / آنچہ عادت داشت بیمار آنش دہ
پس علم کہا ہے خوب جالینوس نے / جو رکھے بیمار عادت وہ ہی دے

کز خلاف عادت ست آن رنج او / پس دواے رنجش از معتاد جو
کہ خلاف عادتون سے رنج ہو / رنج کی اُسکے دوا عادت سے ہے

چون جعل گشتست از سرگین کشی / از گلاب آمد جعل را بیہشی
جیون جعل گوبر کشون سے جو وہ تھا / عطر سے بیہوش جعل بس ہو گیا

ہم از آن سرگین سگ داروے اوست / کہ بدان آنرا ہمی معتاد اوست
وہ ہی لینڈی سگ کی دارو ہے اسکی / کہ اُسکی خود عادت ہو اُسے

سلہ نہ کوئی جانے الخ یہ شعر کوئی نہیں جانتا کہ مرگی کیون ہوئی یا کیا ہوا بھید سے نہیں آگہی دبّہ گر کا ایک بھائی بڑا تھا ہوشیار دانا جلدی آگیا آستین مین لینڈی کتے کی لئے ہوئے مخلوق کو چیرتا اور اس جگہ آیا کہا کہ مین رنج اسکا جانتا ہون جس سے ہے جو سبب جانتا ہے اُس کو دوا آسان ہے آگے اس کے حقائق ہین اور جو سبب نہ جانے اُس کو مشکل ہے رنج کی دارو کہ سو محمل رکھتی ہے جو سبب جانا تو آسانی ہوئی اور سبب کی عقل دافع جہل کی ہوئی اور آگے یہ رجوع بقصہ ہے سوچا کہ وہ خود مغز مین اُس کے بسی ہے تہ بتہ بوے گندگی کتے کی رانون تک گندگی کے درمیان دبّہ گری مین یہ جوان غرق ہی سال و ماہ اُسنے گندگی سے عادت کی ہے بوے عطر نے اسکو تباہ کیا ہے یعنے دبّہ بنانے مین جو خمیر چمڑے کا کرتے ہین تو اُسمین گندگی کتے کی بھی ڈالتے ہین اسواسطے اس دبّہ گر کے دماغ مین وہ بو گندگی سگ کی بسی ہوئی تھی نہ کہ عطر کی خوشبو جو اسباب و علامات جانتا ہے اُس کو معالجہ کرنا آسان ہے آگے اسکے حقائق ہین فافہم ۱۲ سلہ پس کہا الخ یہ شعر جالینوس نے خوب کہا ہے کہ جو بیمار کی عادت ہو وہ ہی دے کہ خلاف عادت سے رنج ہے اسکے رنج کی دوا عادت سے ہے آگے مثال ہے جو جعل کیڑے کے مانند وہ گوبر کشون سے تھا عطر سے وہ جعل بے ہوش ہو گیا وہ ہی لینڈی کتے کی اُس کی دوا ہے کہ اسکو وہ عادت ہو اسکی الخبیثات للخبیثین کو پڑھ مت آگے پیچھے سے اس بات کو جان پس گلاب وغیرہ سے ناصحان اُس کی دوا کرتے ہین کہ مقصد ظاہر ہو خبیثون کو بنانے پاک و لائق و قابل نہ ہو دے اسے شفاعت یعنی جو جس کی عادت ہے وہ ہی اسکو دیا جائے کیونکہ ترک عادت عداوت ہے آگے اس کے حقائق ہین فافہم ۱۲

الخبیثات الخبیثین را بخوان — رو و پشت این سخن را باز دان
ناصحان آید بہ عنبر یا گلاب — می دوا سازند بہر ح باب
مر خبیثان را نسازد طیبات — درخور و لائق نباشد ای ثقات
چون ز عطر وحی گشتند و گمرہ — بد فغان شان قطیر نا بکم
رنج و بیماریست ما را زین مقال — نیست نیکو وعظتان ما را بفال
گر بیاغازید نصحی آشکار — ما کنیم این دم شما را سنگسار
ما بہ لہو و لعب فربہ گشتہ ایم — در نصیحت خویش را نسرشتہ ایم
ہست قوت ما دروغ و لاف و لاغ — شورش معدہ ست ما را زین بلاغ
رنج را صد تو و افزون میکنید — عقل را دارو بافیون میکنید
گند خرک و کفر ایشان بیحد ست — ہین کہ دباغ اوفتادہ بیخود ست

الخبیثات الخبیثین کو پڑھو — آگے اور پیچھے سے جان اس بات کو
پس گلاب عنبر سے کی ناصحان — کرتے ہین دارو کہ مقصد ہو عیان
نے خبیثون کو بنائے طیبات — لائق اور قابل نہووے اے ثقات
عطر وحی سے جو ہوے گمراہ و گم[1] — تھی صدا انکی قطیر نا بکم
رنج و بیماری ہمین اس فال سے — نے تمھارا وعظ نیکو فال ہے
گر نصیحت تم کروگے آشکار — ہم کرینگے تمکو اسدم سنگسار
ہم ہوئے موٹے ہیں لہو و لعب سے — ہم نصیحت کو نہین پیدا ہوئے
قوت اپنا جھوٹ لہو و لعب ہے — معدہ شورش اس مقالت سے رکھے
پس زیادہ تر مرض کو کرتے ہیں — عقل کی افیون سے دارو کرتے ہین
بوے شرک و کفر بیحد ان کی ہے — دبہ گر بیخود پڑا ہے جان لے

معالجہ کردن برادر دباغ دباغ را بخفیہ ببوے سرگین سگ

معالجہ کرنا دبہ گر کے بھائی دبہ گر کو پوشیدہ بوے لینڈی سگ سے

خلق را میراند از وے آن جوان — تا علاجش را نبیند آن کسان
سر بگوشش کرد ہمچون رازگو — پس نہاد آن چیز بر بینی او
کو بکف سرگین سگ سائیدہ بود — داروے مغز پلیدان دیدہ بود
چونکہ بوے آن حدث را او کشید — مغز زشتش بوے ناخوش را چشید
ساعتے شد مردہ جنبیدن گرفت — خلق گفتند این فسونے بد شگفت
کاین بخواند افسون بگوشش او دمید — مردہ بود افسون بفریادش رسید

ہٹا ہٹا[2] تا خلق کو اس نے جوان — تا علاج اسکا نہ دیکھے کوئی وہان
کان پر اسکے جھکا جون رازگو — ناک پر اسکی رکھا اس چیز کو
کہ ہتھیلی پر گھسا لینڈی کو تھا — دیکھی تھی مغز پلیدون کی دوا
گندگی کی جو کہ بو اندر گئی — اسکے مغز بد نے بد بو سونگھ لی
اک گھڑی مین مردہ وہ ہلنے لگا — خلق بولی یہ عجب دم اسکا تھا
کان مین دم پڑھ کے پھونکا اسکے جو — مردہ تھا دم پہونچا اسکی داد کو

---

[1] عطر وحی آگے شعر عطر وحی سے جو گمراہ و گم ہوئے انکی یہ صدا تھی ترجمہ بد فالی کرتے ہو تم ہم سے بکہ رنج و بیماری ہے ان باتون سے کہ تمھارا وعظ نیک فال نہین ہے اگر تم نصیحت کروگے ہم تمکو اسدم سنگسار کرینگے ہم لہو و لعب سے موٹے ہوئے ہین ہم نصیحت سننے کو نہین پیدا ہوئے ہین ہمارا قوت جھوٹ و لہو و لعب ہے اس دعوت سے معدہ سوزش رکھتا ہے پس مرض کو زیادہ کرتے ہین عقل کی دوا افیون سے کرتے ہین انکی بوے شرک و کفر بیحد ہے تو جان لے کہ دبہ گر بیہوش پڑا ہے یعنی کفار کہ جنس عین بیمثل دبہ گر کے عطر وحی سے گمراہ ہوئے تھے اور لہو و لعب دنیا سے خوش ہوئے تھے اسی طرح اب غافلان نہا احکام دین نصیحت شرع مبین سے روگردان و پریشان ہوتے ہین اور مشغول اور دنیا سے خوش و راغب ہوتے ہین آگے دبہ گر کا بیان ہے فافہم ۱۲ [2] ہٹا ہٹا تا آخر ۲ شعر ہٹا ہٹا تا آخر ۹ شعر وہ جوان اس سے خلق کو ہٹاتا تھا تا کہ علاج اس کا وہان کوئی نہ دیکھے اس کے کان پر جھکا مانند رازگو کے اور اس لینڈی سگ کو اسکی ناک پر رکھا کہ ہتھیلی پر گھسا تھا لینڈی کو کہ مغز پلیدون کی دوا دیکھی تھی جب کہ گندگی کی بو اندر گئی اس کے مغز بد نے بدبو سونگھ لی وہ مردہ ایک گھڑی مین ہلنے لگا خلق نے کہا یہ عجب منتر اسکا تھا جو کان مین اس کے دم پڑھ کے پھونکا مردہ تھا کہ دم اسکی داد کو پہونچا آگے اس کے حقائق ہین فافہم

—— ❊ ——

جنبش اہل فساد آن سو بود — کہ ز ناز و غمزۂ ابرو بود
ہر کرا مشک نصیحت سود نیست — جز بدین بوی بدش بہبود نیست
مشرکان را زان نجس خواندست حق — کاندرون پشک زادند از سبق
کرم کو زادست در سرگین ابد — می نگرداند بعنبر خوی خود
چون نزد بر وی نثار رش نور — او ہمہ جسم ست نے جان چون قشور
ور ز رش نور حق قسمیش داد — ہمچو رسم مصر سرگین مرغ زاد
لیک نے مرغ خسیس خانگی — بلکہ مرغ دانش و فرزانگی
تو بدان مانی کزان نور تہی — زانکہ بینی بر پلیدی می نہی
از فراقت زرد شد رخسار و رو — برگ زرد و میوۂ نا پختہ تو
دیگ ز آتش شد سیاہ و دود فام — گوشت از سختی چنین ماندست خام
ہشت سالت جوش دادم در فراق — کم نشد یک ذرہ خامیت از نفاق
خامی و ہرگز نخواہی پخت تو — گر ہزاران بار جوشی اے عتو
غورۂ تو سنگ بستہ از مقام — غورہا اکنون مویزند و تو خام

عذر خواستن عاشق گناہ خود بہ تلبیس و فہم کردن معشوق

جنبش اہل فساد اس سمت سے ہی — غمزہ و ناز و ادا ابروے ہی
جسکو مشک پند سے نہ سود ہی — اسکو نے جز بوے بد بہبود ہی
حق نجس مشرک کو کہوے اسلئے — کہ پلیدی مین ہی پیدا قبل سے
پیدا ازلی کیڑا جو گوبر سے ہی — عادت عنبر سے نہین اسکی پہر
رش نور اسپر ہوا جو نے نثار — وہ ہی بالکل تن بیجان ہی پوست دار
کچھ جو رش نور اسے حق نے دیا — مرغ رسم مصر گوبر سے ہوا
پر نہین بدتر وہ مرغ خانہ ہی — بلکہ مرغ دانش و فرزانہ ہی
اس طرح تو بھی ہی خالی نور سے — کیونکہ نا پاکی پہ رکھتا ناک ہی
تیرا فرقت سے ہوا ہی زرد رو — زرد پتا میوہ نا پختہ ہی تو
دیگ آتش سے ہوئی دود فام — گوشت سختی سے رہا ویسا ہی خام
ہجر مین میں نے دیا جوش آٹھ سال — نے ہوا خامی کو تیرے کچھ زوال
خام ہی ہرگز نہووے پختہ تو — جوش کھاوے گر ہزارون دفعہ تو
تو ہے غورہ سخت ایسا ہی تمام — ہین مویز اب غورہ سب ہی تو ہی خام

عذر کرنا عاشق کا گناہ اپنے سے ازراہ مکر کے اور سمجھ جانا معشوق کا

سلہ جنبش الخ یہہ شعر جنبش اہل فساد کی اس طرف سے ہی غمزہ و ناز و ادا ابروے ہی جسکو مشک سے سود نہین ہی اسکو بجز بوے بد کے بہبود نہین جسے اسواسطے حق مشرک کو نجس کہتا ہی کہ پلیدی مین اول سے پیدا ہوا ہے آگے اسکی مثال ہی جو کیڑا ازلی گوبر سے پیدا ہے اس کی عادت عنبر سے نہین پہرتی ہے یعنی جنبش اہل فساد کی ادھر سے ہے پس اسکو بدبو کے سوا کب فائدہ ہو اسواسطے اللہ نے مشرک کو نجس کہا ہے کہ گوبر کے کیڑے کو گوبر سے نفع ہوتا ہے اس واسطے اہل غفلت کو دنیا سے اور دین سے ضرر ہوتا ہے فافہم ۱۲ سلہ رش نور الخ ۳ شعر چلپیدگی نور کی جو اسپر نثار نہین ہے وہ بالکل تن بے مثل پوست کے جان نہین ہی اگر چلپیدگی نور کی اسکو کچھ حق نے دی ہی وہ برسم مصر مرغ گوبر سے پیدا ہوا لیکن وہ مرغ خانہ بدتر نہو بلکہ مرغ دانش و فرزانہ ہو یعنی مشرک کہ نجس ہی جسپر چمکارہ نور الہی کا نہین ہوا وہ تن بے مغز ہو اور جسپر چمکارہ نور حق کا ہوا وہ خود بخود مثل رسم مصر کے مرغ پیدا ہوا جیسے مصر مین بیضۂ مرغ کو گوبر مین داب دیتے ہین کہ بے مادر بچے اس سے پیدا ہو جاتے ہین اسی طرح جس مشرک پر چمکارہ نور حق کا پڑا وہ خود اسی پر آگیا چنانچہ اکثر اولیا کفارون مین پیدا ہوتے ہین اور کشش الہی سے مجذوب ہو کر کمال کو پہونچے ہین آگے جو کہا بعد مسعود باغ ہی فافہم ۱۲ سلہ اس طرح الخ ۵ شعر اے عاشق تو بھی اسی طرح نور سے خالی ہی کیونکہ تو ناک ناپاکی پر رکھتا ہی تیرا اندرو فرقت سے ہوا ہی تو زرد برگ میوۂ ناپختہ ہی دیگ آتش سے سیاہ ہوئی گوشت سختی سے ویسا ہی خام ہی میں نے آٹھ برس تک ہجر سے جوش دیا تیری خامی کو کچھ زوال نہین ہوا تو خام ہی ہرگز پختہ نہوگا اگر ہزار بار تو جوش کھاوے تو غورہ سخت ایسا ہی ہے بالکل ہی سب غورہ مویز بن اور تو خام ہی یعنی اے عاشق تو نظر صورت پر رکھتا ہی اور معنی کو میرے نہین جانتا ہی مین آٹھ برس تجکو فراق مین ملاکہ تا عشق مجازی سے حقیقی کو پہونچا اور معنی کو دیکھے مگر تو ابھی تک ویسا ہی ہی آگے عذر عاشق کا بیان ہی فافہم ۱۲

گفت عاشق امتحان کردم مگیر	تا ببینم تو حریفے یا ستیر	بولا[1] عاشق امتحان مین نے کیا	فاحشہ ہے دیکھو تو یا پارسا
من ہمیدانستمت بے امتحان	لیک کی باشد خبر ہمچون عیان	تجکو جانا تھا یہی بے امتحان	پر خبر کب ہوتی ہو مثل عیان
آفتابے نام تو مشہور و فاش	چہ زیانست ار بگردم ابتلاش	تو ہے شمس اور نام تیرا ہو عیان	امتحان مین نے کیا کیا ہے زیان
انبیا را امتحان کردہ عدات	تا شدہ ظاہر ازیشان معجزات	امتحان[2] اعدا نے نبیون کا کیا	تب ہوا اظہار انھون سے معجزا
تو منی من خویشتن را امتحان	میکنم ہر روز در سود و زیان	پس تو ہین مین اور مین اپنا امتحان	کرتا ہون سود و زیان مین ہر زمان
امتحانِ چشم خود کردم بنور	ایکہ چشم بد ز چشمان تو دور	آزمایا چشم کو اپنی بہ نور	ای تری چشمون سے چشم بد ہو دور
این جہان ہمچون خرابست و تو گنج	گر تفحص کردم از گنجت مرنج	یہ جہان ویرانہ سا اور تو ہے گنج	گنج ڈھونڈھا مین نے مت کر تو رنج
زان چنین بیہودگی کردم گزاف	تا کنم با دشمنان ہر بار لاف	مین نے نادانی کی قصدًا بگزاف	دشمنون سے تا کرون ہر بار لاف
تا زبانم چون ترا نامے نہد	چشم ازین دیدہ گواہیہا دہد	وصف[3] جب تیرا زبان میری کرے	آنکھ گرمی سے گواہی اسکی دے
گر شدم در راہ حرمت راہزن	آمدم اے مہ بشمشیر و کفن	راہ حرمت مین ہوا مین راہزن	آیا ہون اے ماہ با تیغ و کفن
جز بہ شمشیر خود اے شاہم مکش	وامکش ازین از دوری ای ماہکش	مارے مت جز تیغ اپنی کے اے شاہ	دور تو اس سے نہ کر مجکو ای ماہ
جز بدست خود مبرم پا و سر	کہ ازین دستم نماند دست دگر	کاٹ ہاتھ اپنے سے سر پاؤن مرے	کر اسی ہاتھون سے نی اور ہاتھ سے
از جدائی باز میرانی سخن	ہر چہ خواہی کن ولیکن این مکن	پھر جدا ہونے کو تو کہتی ہو گر	جو تو چاہے کرو لیکن یہ نہ کر
در سخن آبادم این دم راہ شد	گفت امکان نیست چون بیگہ شد	ہو نہین آباد سخن اب رہ ملی	بولی نے ممکن کہ وہ ساعت گئی
پوستہا گفتیم و مغز آمد دفین	گر بمانم این نماند ہمچنین	مغز پنہان پوست کی باتین کہین	گر مین رہ جاؤن یہ ہو ویگا نہین
گر خطائے آمد از مادر وجود	چشم میداریم در عفو ای ودود	گر خطا مجھ سے کوئی ظاہر ہوئی	اے خدا امید رکھون عفو کی
امتحان کردم مرا معذور دار	چون ز فعل خویش گشتم شرمسار	آزمایا مین نے رکھ معذور کار	ہون مین اپنے فعل سے خود شرمسار

سلہ بولا الخ ۳ شعر عاشق نے کہا کہ مین نے تو امتحان کیا ہے کہ دیکھون تو فاحشہ ہے یا پارسا تجکو بغیر امتحان کئے بھی جانتا تھا لیکن
خبر مثل عیان کے کب ہوتی ہے تو شمس ہے اور تیرا نام عیان ہے مین نے امتحان کیا کیا نقصان ہے آگے مثال اس کی ہے فافہم ۱۲

سٹہ امتحان الخ ۵ شعر امتحان انبیا کا دشمنون نے کیا ہے تب انھون سے معجزے ظاہر ہوئے ہین پس تو مین ہون اور مین اپنا امتحان
کرتا ہون نفع و نقصان مین ہر وقت اپنی چشم کو آزمایا نور سے اے تیری چشم سے چشم بد دور ہو جیو یہ جہان مثل ویرانے کے ہے اور تو گنج ہے
مین نے اگر گنج ڈھونڈھا تو رنج مت کر مین نے قصدًا نادانی کی بجوش سے تا کہ دشمنون سے ہر دم شیخی ماریں باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

سٹہ وصف الخ ۹ شعر جب کہ میری زبان تیرا وصف کرے اور آنکھ اس کی گواہی گرمی سے دے مین حرمت کی راہ مین رہزن ہوا اے
ماہ با تیغ و کفن مین آیا ہون اے شاہ اپنی تیغ کے سوا مت مار اور اس سے دور مت کر اے ماہ میرے سر و پاؤن اپنے ہاتھ سے کاٹ اور
دوسرے کے ہاتھ سے نہین اگر جدا ہونے کو تو کہتی ہے جو تو چاہے کر و لیکن یہ مت کر مین سخن سے آباد ہون اب راہ ملی ہے بولی کہ یہ ممکن نہین
وہ ساعت گئی مغز پوشیدہ ہے اور مین نے پوست کی باتین کہین ہین اگر مین رہ جاؤن یہ نہین رہیگا یعنی یہ سلسلہ معشوق میں یہ جو کچھ مین نے
کہا ہے مغز اسکا باقی رہا ہے اگر تو چلی جائے گی اور مین رہ جاؤن گا تو یہ مغز پوشیدہ نہین رہیگا کبھی نہ کبھی ظاہر ہوگا آگے مناجات ہے اگر
کوئی خطا مجھ سے ظاہر ہوئی ہے اے خدا مین عفو کی امید رکھتا ہون مین نے آزمایا ہے تو معذور رکھ مین اپنے فعل سے خود شرمندہ
ہون آگے جواب معشوق کا ہے فافہم ۱۲

رد کردن معشوق عذر عاشق را و تلبیس او را

رد کرنا معشوق کا عذر عاشق کا اور فریب اسکے کو

[۱] در جوابش برگشاد آن ماه لب	که سو ما روزنو سوے تست شب	[۱] کھولا اُس نے جواب اسکے مین لب	کہ مین جانون روز تو جانے ہے شب
حیلهاے تیره اندر داوری	پیش بینایان چرا می آوری	حیلے بدتر درمیان انصاف کے	آگے دانایون کے لائے کس لئے
هرچه در دل داری از مکر و رموز	پیش ما رسوا و پیدا همچو روز	دل مین تو جو کچھ رکھے ہے مکر سے	آگے ظاہر ہے مرے جون روز کے
گر بپوشیمش ز بنده پروری	تو چرا بیرونی از حد می بری	مین نوازش سے چھپاتی ہون اُسے	کرتا ہے بے شرمی تو اب کس لئے
از پدر آموز کادم در گناه	خوش فرود آمد بسوے پایگاه	باپ سے تو سیکھ آدم جرم سے	کہ جھکا وہ خوب جانب پست کے
چون بدید آن عالم الاسرار را	بر دو پا استاد استغفار را	دیکھا اُسنے عالم اسرار کو	ہو گیا قائم وہ استغفار کو
بر سر خاکستر اندُه نشست	وز بهانه شاخ تا شاخ نجست	[۲] بیٹھا غمگینی کی وہ بس خاک پہ	اور بہانے سے پھرا نہ ہر جگے
ربنا انا ظلمنا گفت و بس	چونکه جانداران بدید از پیش و پس	ربنا انا ظلمنا کہتا بس	جو ملائک اُسنے دیکھے پیش و پس
دید جانداران پنهان همچو جان	دورباش از هر یکے تا آسمان	مثل جان دیکھا ملائک کا نہان	کرتے تاکیدین ہر اک تا آسمان
که هلا پیش سلیمان مور باش	تا نه بشگافد ترا این دورباش	کہ سلیمان کے تو آگے مور ہو	تا نہ مارے تجکو بس تاکید وو
جز مقام راستی یکدم مایست	هیچ لاالا مرد را چون چشم نیست	[۳] جز مقام راستی مت ٹھہر تو	چشم سا چاکر نہیں انسان کو
کور اگر از پند پالوده شود	هر دمے او باز آلوده شود	پاک ہو اندھا نصیحت سے اگر	ہر گھڑی پھر ہووے وہ آلودہ تر
آدما تو نیستی کور از نظر	لیک اذا جاء القضا عمی البصر	تو نہیں اے آدم اندھا بے نظر	لیک اذا جاء القضا عمی البصر
عمرها باید بنادر گاه گاه	تا که بینا از قضا افتد بچاه	چاہیئے اک عمر ناگہ راہ مین	تا گرے بینا قضا سے چاہ مین
کور را خود این قضا همراه اوست	که مر او را اوفتادن طبع و خوست	پس قضا اندھے کی خود ہمراہ ہے	کہ وہ گرپڑنے کی عادت کو رکھے

سلہ کھولا الخ ۱ شعر اس ماہ نے اسکے جواب مین لب کھولا کہ مین دن جانتی ہون اور تو رات جانتا ہے حیلے بدتر آگے داناوں کے انصاف مین کسواسطے لایا تو دل مین جو کچھ مکر سے رکھتا ہے میرے آگے مانند روز کے ظاہر ہین مین نوازش سے اسکو چھپاتی ہون تو بے شرمی کسواسطے کرتا ہے تو باپ سے سیکھ کہ آدم علیہ السلام جرم سے جانب پست کے جھکے یعنی عجز کیا آدم علیہ السلام نے انھون نے دیکھا کہ عالم اسرار کو وہ قائم ہو گئے استغفار پر باقی حال آگے ہے فافہم ۱ سلہ بیٹھا الخ ۲ شعر وہ خاک غمگینی کے اوپر بیٹھا اور ہر جگہ بہانے سے نہ پھرا یعنی عجز کیا اور بہانہ کیا ترجمہ ربنا ظلمنا کہا کیتے تھے کہ جو ملائک اپنے گرد دیکھے مثل جان کے مانند ملائک کو پوشیدہ دیکھا کہ تاکیدین کرتے تھے آسمان تک کہ اے آدم تو سلیمان حق کے روبرو مور ہو تا وہ تاکیدین تجکو نہ مارین آگے اس کے تحقیق ہے فافہم ۲ سلہ جز مقام الخ ۳ شعر تو مقام راستی کے سوا مت ٹھہر انسان کا کوئی چشم کے مانند چاکر نہیں ہے آگے مثال ہے اگر اندھا نصیحت سے پاک ہو ہر گھڑی وہ پھر آلودہ تر ہو اے آدم تو اندھا نہیں ہے ولیکن ترجمہ جس وقت قضا آتی ہے بینائی اندھی ہوتی ہے ایک عمر چاہیئے کہ راہ مین ناگاہ بینا قضا سے چاہ مین گرے یعنی یہ امر نادر ہے پس قضا اندھے کے ہمراہ ہے کہ وہ گرپڑنے کی عادت رکھتا ہے جو بے جانتے وہ نجاست مین گرے کہ یہ بہت سبب ہے یا آلودگی سے ہے اگر کوئی اُسکے اوپر مشک چھڑکے وہ خوشبو جانے اور اس کے احسان سے نہ جانے یعنی اہل دنیا مثل اندھوں کے ہین وہ کسی کے احسان کو نہین جانتے ہین باقی اس کا حال آگے ہے فافہم ۳ ع جس وقت قضا آتی ہے بینائی اندھی ہوتی ہے ۱۲

در حدث افتند اندر بے جیت / ز آن کہ است این بویا از آلودگی است
در کسے بندی کند مشک نثار / ہم ز خود دانند نی از احسان یار
پس دو چشم روشن ای صاحب نظر / بہتر از صد مادر است و صد پدر
خاص چشم دل کہ آن ہفتاد تو ست / پیش چشم حس کہ خوشہ چین اوست
ای دریغا رہزنان بنشستہ اند / صد گرہ زیر زبانم بستہ اند
پاے بستہ چون رود خوش راہوار / پس گران بندیست این معذور دار
این سخن اشکستہ می آید دلا / کاین سخن درست غیرت آسیا
دُر اگرچہ خرد و اشکستہ شود / توتیاے دیدہ خستہ شود
ای دُر از اشکست خود بر سر مزن / کز شکستن روشنی خواہی شدن
ہمچنین اشکستہ بستہ گفتنی ست / حق کند آخر درستش کو غنی ست
گندم ار بشکست و ز ہم در شکست / بر دکان آمد کہ نانست درست
تو ہم ای عاشق چو جرمت گشت فاش / آب و روغن ترک کن اشکستہ باش
آنکہ فرزندان خاص آدم اند / نوحۂ **انا ظلمنا** می دہند
حاجت خود عرض کن حجت مجو / ہمچو ابلیس لعین سخت رو
سخت روئی گر ورا شد عیب پوش / در ستیز و سخت روئی تو مکوش
آن ابوجہل از پیمبر معجزے / خواست ہمچون کینہ ور ترک غزے
معجزہ جست از نبی بوجہل سگ / دید نفزودش از آن الا کہ شک

بو نہ جانے وہ نجاست میں گرے / سمجھے یا آلودگی سے بو یہ ہے
گر کوئی مشک اُسکے اوپر ڈالدے / خود سے اسکے جانے نہ احسان سے
دونون آنکھیں روشن اہل دید کی / رکھتی سو مان باپ سے بہتری
خاص چشم دل کہ ستر تہ رکھے / پیش چشم حس کہ پرتو اسکی ہو
بیٹھے ہیں افسوس رہزن راہ مین / ہو زبان میری مین صد ہا بندشیں
کس طرح پاؤن بندھا رستہ چلے / پس رکھو معذور بھاری قید ہے
یہ سخن آتا ہے ٹوٹا اے دلا / کہ سخن گوہر و غیرت آسیا
گرچہ گوہر ذرہ ذرہ پس کے ہو / چشم پر آشوب کا سرمہ ہو وہ
سر نہ پیٹ اے دُر شکست اپنی سے تے / ٹوٹنے سے روشنی ہو اور تجکو
کہنے کو لائق ہے یہ ٹوٹا بندھا / آخر اسکو حق کریگا بس بھلا
گیہون گر ٹوٹا وچکی مین پسا / روٹی بہتر آکے دوکان پر بنا
تو بھی عاشق جرم جو تیرا کھلا / چاپلوسی چھوڑ رہ ٹوٹا ہوا
جو کہ بیٹے خاص کر آدم کے ہیں / نالہ انا ظلمنا کرتے ہیں
حاجت اپنی کہہ دلیلیں مت کرے / مثل ابلیس لعین منہ زور کے
عیب پوش اسکی ہے منہ زوری اگر / تو لڑائی اور منہ زوری نہ کر
مصطفےٰ سے بوجہل نے معجزا / چاہا مثل کینہ جو ترک غزا
بوجہل نے مصطفےٰ سے معجزا / دیکھا جز شک کے نہ کچھ اس سے بڑھا

سلہ دونون الخ ۲ شعر اہل دید کی دونون آنکھیں روشن ہیں کہ سو مان باپ سے بہتری رکھتی ہیں خاصکر چشم دل کی کہ ستر تہ رکھتی ہے آگے چشم حس کی کہ پرتو سکی ہے افسوس رہزن راہ میں بیٹھے ہیں زبان تیری میں صد ہا بندشیں ہیں پاؤن بندھا ہوا رستہ کس طرح چل سکے پس معذور رکھ قید بھاری ہے اے دل یہ سخن ٹوٹا آتا ہے کہ سخن گوہر ہے اور غیرت آسیا ہے اگرچہ گوہر پس کر ذرہ ذرہ ہووے ولیکن چشم پر آشوب کا سرمہ ہے یعنی اگرچہ لب میرا سخن اس مانگوئی میں شکستہ ہوتا ہے ولیکن مثل گوہر کے معنون کی آنکھوں میں سرمہ ہو کر روشنی دیتا ہے باقی حال اس کا مگے ہے فافہم ۱۲ سلہ سر نہ پیٹ الخ ۲ شعر اے گوہر اپنی شکست سے تو سر مت پیٹ شکست سے تیری روشنی بہتر ہو یہ سخن ٹوٹا بندھا کہنے کے لائق ہے آخر اسکو حق بہتر کریگا آگے اس کی مثال ہے اگر گیہون چکی میں ٹوٹا اور پسا روٹی بہتر بنا دکان پر اگرچہ تیرا جرم کھلا تو بھی اے عاشق چاپلوسی چھوڑ اور ٹوٹا ہوا رہ جو کہ آدم علیہ السلام کے خاص بیٹے ہیں تحقیق ظلم کیا ہمنے اسکا نالہ کرتے ہیں اپنی حاجت کہہ اور دلیلیں مت کر ابلیس لعین منہ زور کے مانند اگرچہ منہ زوری اسکی عیب پوش ہے مگر تو لڑائی اور منہ زوری مت کر آگے اس کے حقائق ہیں فافہم ۱۲ سلہ مصطفےٰ الخ ۴ شعر مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ابوجہل نے معجزہ چاہا مثل کینہ کے ترک غزا ہوا ابوجہل نے مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے معجزہ دیکھا اسکو شک کے کچھ نہ بڑھا لیکن صدیق نے معجزہ نہ چاہا اور کہا کہ یہ منہ سوائے سچ کب کہتا ہے آگے رجوع بقصہ ہے تجھ جیسے کو کب لائق ہے کہ غرور سے تم جیسے اولیا کا امتحان کرے یعنی مریدوں کو امتحان کرنا مرشد کا نہایت گستاخی میں داخل ہے کیونکہ صحابہ کرام صادق نے حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کا امتحان نہ کیا اور جو کچھ حضور نے فرمایا قد صدقت کہا اور جس نے امتحان کیا وہ خندق ضلالت میں پڑا جیسے ہو عیسیٰ علیہ السلام سے حال عیسے کا چنانچہ اس کا بیان آگے ہے فافہم ۱۲

یک آن صدیق حق معجز نخواست کی رسد ہمچو توے را کز منی	گفت این ہم خود دگر گویم عجب است امتحان ہمچو من یارے کنی	پر نہ چاہا معجزہ صدیق نے کب ہے تجھ جیسے کو لائق کبر سے	بولا یہ منہ کب ہوا حق کے کہ امتحان تجھ جیسے دلبر کا کیے

گفتن جہودی علی علیہ السلام را کہ اگر اعتماد بر حفظ اللہ تعالیٰ داری از سر این کوشک خود را بینداز وجواب دادن آن حضرت او را

کہنا جہودی کا علی علیہ السلام کو کہ اگر تم اعتماد اوپر حفظ خدا کے رکھتے ہو اس بام پر سے اپنے کو گرا دو اور جواب دینا آن حضرت کا اُس کو

مرتضی را گفت روزے یک عنود	کو ز تعظیم خدا آگہ نبود
بر سر بامے و قصرے بس بلند	حفظ حق را واقفی اے ہوشمند
گفت آرے او حفیظ است و غنی	ہستی ما را ز طفلی و منی
گفت خود را اندر افگن ہین ز بام	اعتمادے کن بحفظ حق تمام
تا یقین گردد مرا ایقان تو	و اعتقاد خوب با برہان تو
پس امیرش گفت خامش کن برو	تا نگردد جانت از جرأت گرو
کی رسد مر بندہ را کو با خدا	آزمایش پیش آرد ز ابتلا
بندہ را کی زہرہ باشد کز فضول	امتحان حق کند اے گیج گول
آن خدا را میرسد کو امتحان	پیش آرد ہر دمے با بندگان
تا بما ما را نماید آشکار	کہ چہ داریم از عقیدہ در سرار
ہیچ آدم گفت حق را کہ ترا	امتحان کردم درین جرم و خطا

مرتضیٰ[1] سے اک جہودی نے کہا	کہ نہ وہ تعظیم حق تھا جانتا
قصر بالا پر و اوپر بام کے	حفظ حق سے آشنائی ہے تجھے
بولے ہاں وہ ہی محافظ ہے مرا	عالم طفلی جوانی میں سدا
بولا پھینک اپنے کو تو اس بام سے	اعتماد اب حق کے کر تو حفظ پے
تا یقین مجکو ترے ایقان کا ہو	اور عقیدہ خوب با برہان کا ہو
مرتضیٰ بولے کہ چپ رہ دور ہو	تا نہ تیرے عجز میں جان ہو گرو
لائق[2] بندہ نہیں کہ حق سے وہ	آزمائے آزمایش کرکے *
ہووے کب بندہ کو طاقت اے گدھے	امتحان حق کا فضولی سے کرے
امتحان لائق ہے اُس اللہ کو	کہ کرے ہر وقت بس بندے سے وہ
تا ہمارا ہمکو کھلاوے عیان	کہ عقیدہ رکھتے ہم کیا ہیں نہان
کچھ کہا آدم نے حق کو کہ ترا	اس خطا میں امتحان میں نے کیا

[1] مرتضی را گفت الخ ۲ شعر ایک جہودی نے مرتضیٰ رض سے کہا کہ وہ تعظیم حق نہیں جانتا تھا قصر بلند پر اور بام پر تو حفاظت حق کی جانتا ہے فرمایا کہ ہاں وہی میرا محافظ ہے عالم طفلی و جوانی میں ہمیشہ کہا کہ تو اپنے کو اس بام پر سے پھینک دے اور اعتماد حق کی حفاظت پر کر تاکہ مجکو تیرے ایقان کا یقین ہو اور عقیدہ خوب برہان سے ہو مرتضیٰ علیہ السلام نے کہا کہ چپ رہ اور دور ہو تاکہ عجز میں تیری جان گرو نہ ہو باقی حال اسکا آگے ہے فافہم ۱۲ [2] لائق بندہ الخ ۷ شعر بندے کو لائق نہیں ہے کہ وہ حق سے آزمائش کرکے آزمائے بندے کو کب طاقت ہووے کہ امتحان حق کا فضولی سے کرے اللہ تعالیٰ کو امتحان لائق ہے کہ وہ ہر وقت بندے کا کرے تاکہ ہمارا ہمکو کھلا دے عقیدہ کہ ہم کیا پوشیدہ رکھتے ہیں آدم علیہ السلام نے کچھ بھی کہا حق کو کہ اس خطا میں میرا امتحان ہو رہے [illegible]

[illegible]

تا بہ جنبم غایت حلمت شہا ۔ دہ کرا باشد مجال این کرا
عقل تو از بسکہ آمد خیرہ سر ۔ ہست عذرت از گناہ تو بتر
آنکہ او افراشت سقفِ آسمان ۔ تو چہ دانی کردن او را امتحان
ای ندانستہ تو شر و خیر را ۔ امتحان خود را کن آنگہ غیر را
امتحانِ خود چو کردی ای فلان ۔ فارغ آئی ز امتحان دیگران
چون بدانستی کہ شکر دانہٗ ۔ پس بدانی کاہل شکر خانہٗ
پس بدان بے امتحانی کہ الٰہ ۔ شکری نفرستدت ناجائے گاہ
این بدان بے امتحان از علم شاہ ۔ چون سری نفرستدت در پایگاہ
ہیچ عاقل افگند درِّ ثمین ۔ در میان مستراح پرچمین
زانکہ گندم را حکیم آگہے ۔ ہیچ نفرستد بانبار کہی
شیخ را کہ پیشوا و رہبر است ۔ گر مریدے امتحان کرد او خر است
امتحانش گر کنی در راہ دین ۔ ہم تو گردی ممتحن ای بے یقین
جرأت و جہلت شود عریان و فاش ۔ او برہنہ کی شود زین افتقاش
گر بیاید ذرہ سنجد کوہ را ۔ بر دَرد زان کہ ترازوش ای فتا
کز قیاس خود ترازو می تند ۔ مرد حق را در ترازو می کند
چون نگنجد او بمیزان خرد ۔ پس ترازوے خرد را بر درد
امتحان ہمچون تصرف دان درو ۔ تو تصرف بر چنان شاہی مجو

دیکھون تیرے حلم کی تا انتہا ۔ واہ کسکو یہ مجال اب ہو روا
عقل تیری بسکہ آئی خیرہ سر ۔ عذر تیرا جرم سے تیرے بتر
سلہ کی بلندی اس نے سقفِ آسمان ۔ جانے کیا تو اس کا کرنا امتحان
تو نے جانا حال نے شر خیر کا ۔ امتحان کر اپنا تب کر غیر کا
اے فلان جو امتحان اپنا کیا ۔ امتحان سے دوسرون کے چھٹ گیا
جانا تو نے گر مین ہون دانہ شکر ۔ جان تو ہون مانک خانہ شکر
جان تو بے امتحان کہ وہ الٰہ ۔ تجھ شکر کو وہ نہ بھیجے بے جگہ
جان یہ بے امتحان با علم شاہ ۔ تو ہے سر تجکو نہ بھیجے پاؤن کی جا
سلہ کوئی عاقل ڈالتا گوہر کہے ۔ پائخانے مین نجاست جو رکھے
اس لئے گیہون کو عقلائے ذکی ۔ گھاس کے ڈھیر مین ڈالین کبھی
شیخ کو کہ ہے وہ رہبر پیشوا ۔ گر مرید اب آزمالے ہے گدھا
راہِ دین مین امتحان اسکا کرے ۔ اور اسکا ممتحن بھی تو بنے
جہل و جرأت تیری ظاہر ہو کھلے ۔ وہ برہنہ کب ہو اس تلاش سے
ذرہ گر آئے وہ تولے کوہ کو ۔ پھاڑ ڈالے بس ترازو ہی کو وہ
کہ قیاس اپنے کو میزان کرتا ہی ۔ مرد حق کو تولتا ہے فکر سے
نے سمائے عقل کی میزان مین وہ ۔ پھاڑ ڈالے عقل کی میزان کو
سلہ امتحان مثل تصرف اسمین جان ۔ مت تصرف چاہ شہ پر ایجوان

سلہ کی بلندی الخ ۶ شعر جو اس نے سقف آسمان بلند کی تو اس کا امتحان کرنا کیا جانے تو نے حال خیر و شر کا نہیں جانا امتحان اپنا کر تب غیر کا کر آگے اس کے حقائق ہین اے فلانے جو اپنا امتحان کیا تو دوسرون کے امتحان سے چھوٹا تو نے جانا کہ مین دانہ شکر ہون تجھ کو کہ بغیر امتحان کئے وہ الٰہ تجھ شکر کو بے جگہ نہ بھیجے گا علم شاہ کا اگر تو سر ہے تجکو پاؤن کی جا نہ بھیجے گا یعنی جب کہ تو نے اپنا امتحان کیا تو دوسرون کے امتحان کو تو چھوڑا کیونکہ جب تو علم حق مین دانہ شکر ہے تو وہ تجھے بے جگہ نہ بھیجے گا یعنی جب کہ حق کے نزدیک تیرا درجہ اعلیٰ ہو وہ تجکو ادنیٰ جگہ نہ بھیجے گا آگے اس کی مثال ہے فافہم ۱۲ سلہ کوئی الخ ۸ شعر کوئی عاقل گوہر کو ڈالتا ہو پائخانہ مین کہ وہ نجاست رکھتا ہے اس لئے حکما گیہون کو گھاس کے ڈھیر مین کبھی ڈالتے نہیں مین شیخ کو کہ وہ رہبر و پیشوا ہے اگر مرید اسکا امتحان کرے گدھا ہو راہ دین مین تو اسکا امتحان کرے اور ممتحن بھی تو اسکا بنے جہل و جرأت تیری ظاہر ہووے اور کھلے اور مرشد اس تلاش سے برہنہ نہ ہووے آگے اس کی مثال ہے اگر ذرہ آئے اور کوہ کو تولے وہ اسکی ترازو پھاڑ ڈالے کہ تو اپنے قیاس کو میزان کرتا ہے اور مرد حق کو فکر سے تولتا ہے وہ نہ سمائے عقل کی میزان مین بلکہ پھاڑ ڈالے وہ میزان کو یعنی تیرا قیاس مثل ذرہ کے ہو اور شیخ مانند کوہ کے ہو پس ذرہ کوہ کو کب تول سکتا ہو اسیطرح تو شیخ کا امتحان کب لے سکتا ہو کہ اسکا پایان ہو فافہم ۱۲ سلہ امتحان الخ ۲ شعر امتحان کو مثل تصرف کے تو شیخ مین جان اور تصرف کو تو تم پرست چاہ پس شیخ تصرف کی تلاش پر کریگا امتحان کے واسطے اگر امتحان دیدہ و دانستہ سے ہو تو نہین جانتا ہے کہ وہ فلک نے تجکو دینے ہین اس نعمت کی کیا قدر ہو کہ جو بیان ہو پس آگے اس صورت کے کہ جو میان ہے ہو اس امتحان کا وسوسہ آئے بد قسمت جان لے کہ وہ تجکو مارے جو اپنے وسوسے آئین تو جلدی خدا کی طرف جھک سجدہ کر باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

چون تصرف کرد خواہد نقشہا	بر چنان نقاشش بہر ابتلا	پس تصرف نقش کیا نقاش پہ	بس کریگا امتحان کے واسطے
امتحانے گر بدانست وبدید	کہ ہم نقاش آن بروے کشید	امتحان جو دیکھا وگردانست ہے	سے کہ وہ نقاش نے تجکو دیے
چہ قدر باشد خود این صورت کہ بست	پیش صورتہا کہ در علم ویست	قدر اس صورت کی کیا جو باندھے	آگے اس صورت کے جو کہ واہب کے
وسوسۂ این امتحان چون آمدت	بخت بد دان کامد گردن زدت	وسوسہ اس امتحان کا آئے جو	جان بدقسمت کہ آئے تجکو دو
سجدہ گہ را تر کن از اشک روان	کای خدا آزاد دار ہم زین گمان	آنسوؤں[۱] سے کر تو تر سجدہ کی جا	اس گمان سے اے خدا تجکو بچا
آن زمان کت امتحان مطلوب شد	مسجد دین تو پر خروب شد	امتحان مطلوب جب تجکو ہوا	مسجد دین میں تیرے خروب آ گیا
وین چو وسواس آمدت در امتحان	بازگرد و رو بحق آر آن زمان	امتحان کا وسوسہ آئے تجھے	پھر خدا کی سو رجوع ہو یارے
تا نگہدارد ترا آن ممتحن	از گمان و امتحان انس و جن	تا نگہ وہ ممتحن تجکو رکھے	امتحان سے جن کے اور انسان کے
اے ضیاء الحق حسام الدین بیا	قصۂ داؤد برگو و بنا	اے ضیاء الحق حسام الدین آ	کہ بنا کا قصہ اور داؤد کا

قصۂ مسجد اقصے وخروب رستن وعزم کردن داؤد علیہ السلام پیش از سلیمان علیہ السلام بنائے آن مسجد را

قصہ مسجد اقصیٰ وخروب اُگنے کا اور سلیمان علیہ السلام سے اول ارادہ کرنا داؤد علیہ السلام کا واسطے بنانے اس مسجد کے

چون در آمد عزم داؤدی بتنگ	کہ بسازد مسجد اقصیٰ بسنگ	عزم[۲] داؤد آیا جو از بسکہ تنگ	کہ بنائیں مسجد اقصیٰ بہ سنگ
وحی کردش حق کہ ترک این بخوان	کہ ز دستت بر نیاید این مکان	حق نے وحی بھیجی کہ مت کر تو بیان	کہ نہیں ہے تجھسے بنے گا یہ مکان
نیست در تقدیر ما آنکہ تو این	مسجد اقصیٰ بر آری اے گزین	نے تری تقدیر میں وہ یہ کہ تو	مسجد اقصے بنائے سے نکو

۱ آنسوؤں الخ ۵ شعر سجدے کی جگہ آنسوؤں سے تر کر کہ اے خدا اس گمان سے مجکو چھڑا جب کہ امتحان تجکو مطلوب ہوا تیری مسجد دین میں خروب اُگا یعنے خروب ایک گھانس ہے کہ مکان از زمین میں پیدا ہوتی ہے کہ تاثیر سے اسکے وہ مکان ویران خراب ہو جاتا ہے جو امتحان کا وسوسہ تجھے آئے خدا کی طرف پھر اور رجوع ہو خدا کی سو تاکہ وہ ممتحن تجکو نگاہ رکھے امتحان سے جن و انسان کے اے ضیاء الحق حسام الدین آ قصہ بنا اور داؤد کا بیان کر یعنی اگر تجکو امتحان مرشد کا خیال بھی آئے تو خدا کی طرف رجوع کر اور گریہ کرکے دعا مانگ کہ حق تجکو اس خیال بد سے نجات دے ورنہ یہ خیال بمثل کاہ خروب کے ہے کہ مسجد اقصے میں اُگی چنانچہ اس کا قصہ آگے فرماتے ہیں فافہم ۱۲ قصہ نہ امتحان کرنے مرشد میں ۱۲

۲ عزم الخ ۶ شعر داؤد علیہ السلام کا ارادہ جو کہ از بس تنگ آیا کہ مسجد اقصیٰ بنائیں سنگ سے حق نے وحی بھیجی کہ یہ بنا مت کر یہ مکان تجھ سے نہیں بنے گا تیری تقدیر میں نہیں ہے کہ تو مسجد اقصے بنائے داؤد علیہ السلام نے کہا کہ اے خدا میرا کیا جرم ہے کہ تو مجکو کہے مسجد مت بنا حق نے فرمایا کہ تم نے بے جرمی سے خون کیا اور خون مظلوموں کا گردن پر لیا کہ خلق نے تیرے الحان سے بیشمار جان دی اور اس کی شکار ہوئی باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

گفت جرمم چیست ای دانای راز ۔ کہ مرا گوئی کہ مسجد را مساز
بولے کیا ہے جرم میرا ای خدا ۔ کہ مجھے تو کہوے مسجد مت بنا

گفت بیجرمی تو خونہا کردۂ ۔ خون مظلومان بگردن بردۂ
بولا بیجرمی سے تو نے خون کیا ۔ خون مظلوموں کا گردن پر لیا

کہ ز آواز تو خلقے بیشمار ۔ جان بدادند و شدند آنرا شکار
خلق نے الحان سے تیری بیشمار ۔ جان دی اور ہو گئی اسکی شکار

خون بسے رفت ست بر آواز تو ۔ بر صدائے خوب جان پرواز تو
خون بہت آواز سے تیری ہوئے ۔ اور صدائے جان افزا سے ترے

گفت مغلوب تو بودم مست تو ۔ دست من بر بستہ بود از دست تو
بولا میں مغلوب و عاجز تھا ترا ۔ ہاتھ میرا ہاتھ تیرے سے بندھا

نی کہ ہر مغلوب شہ مرحوم بود ۔ نی کہ المغلوب کالمعدوم بود
نے کہ ہر مغلوب شہ مرحوم تھا ۔ نی کہ المغلوب کالمعدوم تھا

گفت ای مغلوب معدومی کہ ۔ جز بہ نسبت نیست معدوم ایقنوا
بولا اے مغلوب کب معدوم تو ۔ نی سوا نسبت کے معدوم ایقنوا

اینچنین معدوم کو از خویش رفت ۔ بہترین ہستہا افتاد و زفت
کب ہے معدوم ایسا جو خود سے گیا ۔ اور دنیاداروں سے بہتر ہوا

او بہ نسبت با صفات حق فناست ۔ در حقیقت در فنا او را بقاست
زندگی حق کی بہ نسبت وہ فنا ۔ اصل میں اسکو فنا میں ہے بقا

جملہ ارواح در تدبیر اوست ۔ جملہ اشباح در تاثیر اوست
ساری روحیں اسکی ہیں تدبیر میں ۔ سارے اعضا اسکی ہیں تاثیر میں

آنکہ او مغلوب اندر لطف ماست ۔ نیست مضطر بلکہ مختار ولاست
وہ ہمارے لطف میں مغلوب تھا ۔ نے ہے مضطر دل کا وہ مختار تھا

منتہای اختیار آنست خود ۔ کاختیارش گردد اینجا مفتقد
انتہائے اختیار آخر وہ ہے ۔ اختیار اسکا ہو گم بس اس جگہ

اختیارش گر نبودی چاشنی ۔ کے بگشتی آخر او محو از منی
اختیاروں کی نہ ہوتی چاشنی ۔ اسکو کب ہوتی وہ محو بیخودی

در جہان گر لقمہ و گر شربت است ۔ لذت او فرع ترک لذت است
کھانے پینے کی جو لذت یاں پہ ہے ۔ ترک لذت کی وہ ہے اک شاخ سے

گرچہ از لذات بے تاثیر شد ۔ لذتے بود او و لذت گیر شد
لذتوں سے بے مزہ گرچہ ہوا ۔ لذتی تھا لذتیں لینے لگا

ہر کہ او مغلوب شد مرحوم گشت ۔ در بحار رحمتش معدوم گشت
جو ہوا مغلوب مرحوم اک ہوا ۔ بحر رحمت میں وہ معدوم اک ہوا

نے چنان معدوم کز اہل وجود ۔ ہیچ بر دے چرید اندر گاہ جود
نے وہ معدوم ایسا کہ مغلوب ہے ۔ اہل تن کا بارگاہ حق میں وہ

سلہ خون بہت الخ ۶ شعر بہت خون تیری آواز سے ہوئے اور صدائے جانفزا تیری سے کہا کہ مغلوب و عاجز تیرا تھا ہاتھ میرا تیرے ہاتھ سے بندھا تھا نہیں ہے کہ ہر مغلوب شاہ کا مرحوم تھا نہیں ہے کہ ضرور کر مغلوب جیسے کہ معدوم تھا یعنی مغلوب شاہ کا معدوم ہوتا ہے حق نے فرمایا کہ اے مغلوب تو معدوم کب تھا سوا نسبت کے معدوم تھا پر وہ یعنی تو تو موجود تھا فقط نسبت سے معدوم تھا کہ نسبت عبدیت کی تیری مجھ میں فنا تھی آگے اسکے حقائق ہیں کب معدوم ایسا ہے کہ جو خود سے گیا و لیکن دنیاداروں سے بہتر ہوا زندگی حق کی وہ فنا ہے اور اصل میں اسکو فنا میں بقا ہے یعنی وہ ایسا معدوم نہیں ہے جو خود سے گیا بلکہ وہ دنیاداروں سے بہتر ہوا ہے حق کی بہ نسبت وہ فنا ہے ولیکن فنا میں اسکو بقا ہے گویا بظاہر وہ جدا ہے اور بعضے کہتے ہیں وہ ایک ہی ہیں اسی کو توحید کہتے ہیں آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲ سلہ ساری الخ ۶ شعر تمام روحیں اسکی تدبیر میں ہیں تمام اعضا اسکی تاثیر میں ہیں وہ ہمارے لطف میں مغلوب ہے مضطر نہیں ہے بلکہ مختاری رکھتا ہے آخر کو انتہا کا اختیار وہ ہے کہ اسکا اختیار گم ہو جائے اس جگہ آگے اسکی مثال ہے اختیاروں کی چاشنی اگر نہ ہوتی تو اسکو محو بیخودی کب ہوتی یہاں پر کھانے پینے کی جو لذت ہے وہ ترک لذت کی ایک شاخ ہے گرچہ لذتوں سے بے مزہ ہوا لذتی تھا کہ لذتیں لینے لگا یعنی وہ لطف حق میں فنا ہیں کہ وہ مضطر نہیں ہیں مختار ہیں اور کھانے پینے کی لذت ایک شاخ ہے ترک لذت کی آگے اس کے حقائق ہیں فافہم ۱۲
سلہ جو ہوا الخ ۵ شعر جو ہوا مغلوب ہے یکسر مرحوم ہوا اور دریائے رحمت میں ایک معدوم ہوا ایسا وہ معدوم نہیں ہے کہ مغلوب اہل تن کا ہو درگاہ حق میں بلکہ وہ مالک اہل جسم کا ہو بیگمان بے تعلق و بے ریا بے مثال و بے نشان و بے مکان وہ ایسا ہے تابان و بے شکل ہے سوال و جواب میں جیب ر ہوا اللہ جو جانتا ہے یعنی بسبب فنائیت ذات حق کے وہ مالک اہل جسم کا ہو جاتا ہے اور حسنات بھی اس سے ظاہر ہوتے ہیں پس اہل اللہ سب ایک ہیں چنانچہ اسکا بیان آگے ہے
۱۲

یک دلی گشته موجودات را	بی گمان و بی نفاق و بی ریا	بلکہ وہ ایک ہوا کل جسم کا	بے گمان اور بے نفاق و بے ریا
بیمثال و بی نشان و بی مکان	بی زمان و بی چنین و بی چنان	بے مثال و بے نشان و بے مکان	بے وہ و بے ساں وہ ایسا جان
بی شکال اندر سوال و در جواب	دم مزن والله اعلم بالصواب	بے وہ شکل اندر سوال اندر جواب	چپ رہو واللہ اعلم بالصواب

شرح انما المومنون اخوة والعلماء كنفس واحدة

خاصۂ اتحاد داؤد و سلیمان و سائر انبیا علیہم السلام کہ اگر یکے از ایشان را منکر شوی ایمان تو بہیچ نبی درست نباشد و این علامت اتحادست کہ اگر یکے خانہ ازان ہزار خانہ ویران کنی آن ہمہ ویران شود و یک دیوار قائم نماند لا نفرق بین احد من رسلہ والعاقل تکفیہ الاشارۃ این خود اشارت ہم گذشت فقط

شرح انما المومنون اخوة والعلماء كنفس واحدة

سوا اسکے نہیں کہ سب مسلمان بھائی ہیں، و علما جیسے کہ نفس واحد

خاصکر اتحاد داؤد و سلیمان و جملہ انبیا علیہم السلام کا ہے کہ اگر تو ایک کا ان میں سے منکر ہووے تو ایمان تیرا کسی نبی پر درست نہووے اور یہ ہی علامت اتحاد کی ہے ایک گھر اُن ہزار گھروں سے ویران کرے تو وہ سب ویران ہوں اور ایک دیوار قائم نہ رہے کہ لا نفرق بین احد من رسلہ والعاقل تکفیہ الاشارۃ یہ اشارہ سے بھی ئیندرا فقط

پس خطاب آمد بہ داؤد از خدا	کای گزیدن پیغمبر نیکو لقا	پس خطاب آیا طرف داؤد کے	حق سے اے پیغمبر نیکو ہے
دل مدار از این تفکر زیرچہ سہ	رہ مدہ در دل ملال و غم مخور	اس خبر سے فکر میں دل مت رکھے	مت ملال اور غم کو دل میں راہ دے
گرچہ بنا نا ید مسجد از زور تو	لیک مسجد را برآرد پور تو	نہ بنے گر تیری سعی و زور سے	پر بنے مسجد یہ تیرے پور سے

[۱] پس خطاب آمد ۹ شعر پس طرف داؤد کے خطاب آیا حق سے کہ اے پیغمبر ہمدم اس خبر سے دل فکر میں مت کر اور ملال و غم کو دل میں راہ مت دے اگرچہ تیری سعی و زور سے نہیں بنے گی و لیکن یہ مسجد تیرے پسر سے بنے گی اگرچہ تیری سعی سے یہ مقام نہ بنے و لیکن پسر تیرا اُس کو تمام کرے گا اُس کا فعل تیرا ہی فعل ہے اے حکیم مومنوں کو باہم ایک حالی ہے قدیم سے آگے حقائق میں موجود مبہت دیدہ و لیکن ایمان ایک ہے جسم انکے بہت ہیں و لیکن جان ایک ہے گاو خر کے نفس و جان بے عقل و فہم آدمی کی معنا ہی بجز آدمی کی عقل و جان سے انبیا و اولیا کی جان سوا اسکے جان حیوان کی اتحاد نہیں رکھتی ہے پس تو روح یاد رہے اتحاد دست دیاہ یعنی جان مومنوں کی ایک ہے اگرچہ جسم میں احد اپنی ورجان جو ہر کی یکتی ہی ہے چنانچہ اس کا حال آگے فرمات ہیں فافہم ۱۲

گرچہ برناید بجهدت این مقام لیک پور تو کشد آنرا تمام
کردهٔ او کردهٔ تست ای حکیم مومنان را اتصالی دان قدیم
مومنان معدود لیک ایمان یکے جسم شان معدود لیکن جان یکے
غیر فهم و جان که در گاؤ خر است آدمی را عقل و جان دیگر است
باز غیر عقل و جان آدمی هست جانے در نبی و در ولی
جان حیوانے ندارد اتحاد تو مجو این اتحاد از روح باد
گر خورد این نان نگردد سیر آن در کشد بار این نگردد آن گران
بلکه این شادی کند از مرگ آن از حسد میرد چو بیند مرگ آن
جان گرگان و سگان از هم جداست متحد جانهائے شیران خداست
جمع گفتم جانہا شان من باسم کان یکی صد جان بود نسبت بجسم
همچو آن یک نور خورشید سما صد بود نسبت بصحن خانها
لیک یک باشد همه انوار شان چونکه برگیری تو دیوار از میان
چون نماند خانها را قاعده مومنان باشند نفس واحده
فرق و اشکالات آید زین مقال لیک نبود مثل این باشد مثال
فرقہائے حد بود از شخص شیر تا به شخص آدمی زاد دلیر
لیک در وقت مثال ای خوش سیر اتحاد از راه جانبازی نگر
کان دلیر آخر مثال شیر بود نیست مثل شیر در جملہ حدود

نے بنے گر تیری سعی سے یہ تمام پر پسر تیرا کرے اس کو تمام
فعل اس کا تیرا ہے فعل اے حکیم مومنوں کو جان باہم اک قدیم
ہیں بہت مومن مگر ایمان ایک ہیں بہت جسم انکے لیکن جان ایک
گاؤ خر کے فہم اور جان سے بھلا عقل و جان ہے آدمی کی بس سوا
آدمی کی عقل و جان سے پھر سوا جان ہے اندر انبیا و اولیا
جان حیوانی نہ رکھے اتحاد چاہ مت تو اتحاد روح باد
گر یہ[1] روٹی کھائے تو وہ سیر ہو گر یہ بوجھ اٹھائے نہ وہ سر زیر ہو
بلکہ یہ خوش ہووے اسکی مرگ سے اُسکا سامان دیکھ حسد سے بس مرے
گرگ و سگ کی جان ہے آپس میں جدا متحد جانہائے شیران خدا
جمع جانوں کو کہا ان کے باسم ایک وہ سو جان ہے نسبت بجسم
جس طرح وہ نور خورشید ایک ہے صحن خانوں کی بہ نسبت سو بنے
نور انکے ایک سب ہو جائیں تب درمیان سے دور دیوار ہیں سب
جو گھروں کا اک نہ ہوئے قاعدہ مومنان ہیں مثل نفس واحدہ
لاتا ہے اک فرق اور شکل مقال یہ نہیں ہے مثل الا ہے مثال
فرق[2] بس بیحد ہے جسم شیر سے جسم انسان تک کہ جو جرأت رکھے
پر مثل کے وقت اسکو دیکھ لے اتحاد از راہ جانبازی کے ہے
وہ دلیر آخر مثال شیر تھا اور نہ مثل شیر بالکل مرتبا

[1] گر یہ آلخ ۸ شعر اگر یہ روٹی کھائے وہ سیر نہ ہو اگر یہ بوجھ اٹھائے وہ سر نہ جھکائے بلکہ یہ خوش ہووے اس کے مرنے سے اور اسکا سامان دیکھکر حسد سے مرے گرگ و سگ کی جان آپس میں جدا ہیں اور شیران خدا کی جانیں متحد ہیں انکی جانوں کو جمع کیا بسبب اسم کے آگے اسکی مثال ہے جس طرح نور خورشید کا ایک ہے اور بہ نسبت صحن خانے کے سو بنتا ہے انکے سب نور ایک ہو جائیں تب درمیان سے دیوارین دور ہو جاتی جبکہ گھروں کا ایک قاعدہ ہووے تو مومن ہیں مثل ایک نفس کے یہ بات ایک فرق و مشکل لاتی ہے یہ مثل نہیں ہے الا مثال ہے یعنی مومن کی جانوں کو جو جمع کہا باعتبار جسم کے کہا ورنہ وہ جانیں سب ایک ہیں جیسے نور خورشید کا ایک ہے بسبب صحن خانہ کے متعدد ہے کیونکہ نور خورشید صحن خانہ میں پانچ جہت سے منقسم ہے ولیکن چھٹی قسم مشترک ہے اسی طرح جان ہر جسم میں پانچ جہت سے منقسم ہے ولیکن چھٹی جہت سے مشمول ہے اور وہ چھٹی جہت رشتۂ نفس ہے کہ انسان میں جاری ہے آگے مثال کے فرق کا بیان ہے فافہم ۱۲ [2] فرق آلخ ۵ شعر جسم شیر سے فرق بیحد ہے جسم انسان تک کہ جو جسم جرأت رکھتا ہے ولیکن مثال کے وقت اسکو دیکھ لے کہ اتحاد از راہ جانبازی کے ہے وہ دلیر مثال شیر کے تھا اور کل شیر کے کل مرتبے میں نہیں تھا یہ مکان نقش متحد نہیں رکھتے ہیں کہ تا میں اُس کی مثال بیان دکھاؤں مثال ناقص ہے۔ میں ہاتھ میں لاؤں تا عقل کو حیرت سے چھڑاؤں یعنی میں نے جان و تن کو مثال دی ہے نور خورشید و صحن خانہ سے اور یہ مثل نہیں ہے کل مرتبے ہیں آگے اس کی مثال ہے فافہم ۱۲

متحد نقشے ندارد این سرا | تاکہ شعلے وانمایم من ترا
متحد نقش دکھین یہ مکان | تاکہ مثل اسکے دکھاؤں میں بیان

ہم مثال ناقصے دست آورم | تا ز حیرانی خرد را وا کنم
بھی مثل ناقص میں لاؤں ہاتھ مین | تا چھڑاؤں عقل کو حیرت سے مین

شب بہر خانہ چراغے می نہند | تا بنور آن ز ظلمت می رہند
رکھتے گھر مینا مین چراغ اب رات کو | تاکہ تاریکی سے چھوٹین اس سے وہ

آن چراغ این تن بود نورش چو جان | ہست محتاج فتیل و این و آن
تن چراغ اور نور اسکا مثل جان | یہ تو وہ محتاج بتی کی ہے جان

آن چراغ شش فتیلہ این حواس | جملگی بر خواب و خور دارد اساس
وہ چراغ شش فتیلہ ہے جو حس | کھانے اور سونے پہ رکھتے ہیں اساس

بے خور و بے خواب نزید نیم دم | با خور و با خواب نزید نیز ہم
ایکدم بے کھائے سوئے نہ جیئے | بھی اگر کھائے و سوئے تو جیئے

بے فتیل و روغنش نبود بقا | با فتیل و روغن او ہم بیوفا
تیل دیئے بتی نہو اس کو بقا | تیل و بتی سے بھی ہو وہ بیوفا

زانکہ نور علتی اش مرگ جوست | چون زید کہ روز روشن مرگ اوست
اسکا نور علتی ڈھونڈھے ہے مرگ | کب جیئے کہ روز روشن ہے مرگ

جملہ حسہای بشر ہم بے بقاست | زانکہ پیش نور روز حشر لاست
یہ بشر کی کل حسین بھی بے بقا | نور روز حشر کے آگے ہیں لا

نور حس و جان بے پایان ما | نیست کلی فانی و لا چون گیا
نور حس جان کا ہماری جان ہے | نہ ہے کل فانی و لا جون گھاس کے

لیک مانند ستارہ و ماہتاب | جملہ محو اند از شعاع آفتاب
پر ہیں مانند ستارہ و ماہتاب | محو سب اندر شعاع آفتاب

آنچنان کہ سوز و درد و زخم کیک | محو گردد چون در آید مار ایک
جیسے درد و سوز پسو کا سدا | محو ہو جاوے جو نکلے اژدہا

آنچنان کہ عور اندر آب جست | تا در آب از زخم زنبور آن رست
جیسے ننگا کودے اندر آب کے | شہد کی مکھی سے پانی مین بچے

میکند زنبور بر بالا طواف | چون بر آرد سر ندارندش معاف
اسکے سر پہ مکھیان گردش کرین | جو نکالے سر نہ اسکو چھوڑدین

[1] جو ہے الخ ۵ شعر جو تمنے دیکھا ہے آگے بلقیس کے کہنا اس سونے کے میدان سے جو چالیس منزل تم زر پر بہے اور ایسے تحفے سے تم خجل ہوئے تاکہ وہ جانے کہ ہم طامع زر کے نہین ہم کو زر بخشتا ہے زر آفرین وہ اگر چاہے تو کل خاک زمین بالکل زر ہو در ثمین ہو حق اس کے لئے کرے بروز محشر زمین کو نقرہ سے بہ سین [2] زر الخ ۵ شعر زر سے فارغ ہون کہ پُر فن ہون خاکیون کو بالکل مین زرین کرون مین تم سے کب خواہش زر کی کرتا ہون بس تم کو کیمیاگر کرتا ہون اس کو چھوڑ دو کہ وہ ملک سبا ہے بلکہ بہت ملک اس آب و گل سے علاوہ ہین وہ قید ہے کہ جس کو تم تخت کہتے ہو صدر جانا تا اور تم در پر رہ گئے یعنی اس ملک دنیا کے علاوہ اور بہت ملک ہین جس کو تم تخت کہتے ہو وہ قید ہے تم نے صدر اُس کو جانا پر حقیقت مین دروازہ پر رہ گئے ہو باقی حال اسکا آگے ہے فافہم ۱۲ [3] اپنی الخ ۷ شعر تجکو اپنی داڑھی پر شاہی نہین ہے نیک و بد پر شاہی کیونکر کر سکتا ہے تیری بے مرضی کل داڑھی سفید ہوا اپنی داڑھی سے شرم کرائے کج امید آگے اس کے حقائق ہین جو عجز کرے اس مالک ملک سے سوا اس جہان کے اور سو ملک وہ اس کو دے تجکو ذوق سجدہ کا آگے خدا کے لاکھ دولت سے بہتر ہو تو نالہ کرین نہین چاہتا ہون ملک کو ملک سجدہ کا تجکو عنایت کر بادشاہون کی مجرومی سے کبھو شراب بندگی سے بو نہ پائی ورنہ وہ مانند ادہم کے ونگ ہو کر ملک دنیا چھوڑ دیتے بیدرنگ یعنی تو عجز درگاہ باری مین کر کہ بندگی تجکو عنایت کرے اور اس ملک کے سبب سے بادشاہ بندگی سے محروم رہے باقی حال اس کا آگے ہے فافہم ۱۲

بس بنالی کہ نخواہم ملکہا — ملک آن سجدہ مسلم کن مرا
پادشاہانِ جہان از بدرگی — بو نہ بردند از شراب بندگی
ورنہ ادہم وار سرگردان و دنگ — ملک را برہم زدندے بیدرنگ
لیک حق بہرِ ثباتِ این جہان — مُہرشان بنہاد بر چشم و زبان
تا شود شیرین بریشان تخت و تاج — تا ستانند از جہانداران خراج
از خراج ار جمع آری زر چو ریگ — آخر آن از تو بماند مردہ ریگ
ہمرہِ جانت نگردد ملک و زر — زر بدہ سرمہ ستان بہرِ نظر
تا ببینی این جہان چاہیست تنگ — یوسفانہ آن رسن آری بچنگ
تا بگوید چون ز چاہ آئی ببام — جان کہ یا بشری لنا ہذا غلام
ہست در چہ انعکاساتِ نظر — کمترین آنکہ نماید سنگ زر
وقت بازی کودکان را ز اختلال — می نماید آن خزفہا زر و مال
عارفانش کیمیاگر گشتہ اند — تا کہ شد کانہا بر ایشان نژند

نالہ کر کے میں نہ چاہوں ملک کو — ملک سجدہ کا عنایت مجکو ہو
کجروی سے بادشاہوں نے کبھو — نے شراب بندگی سے پائی بو
ورنہ وہ مانند ادہم ہو کے دنگ — چھوڑ دیتے ملک دنیا بیدرنگ
[۱] پر جہان کو باقی رکھنے کے لئے — انکے مُہر ہین حق نے کین دل آنکھ پے
تاکہ ہو محبوب انکو تخت و تاج — یا وہ لیوین بادشاہون سے خراج
جمع گر تو زر خراجون سے کرے — تجھسے آخر مال میراثی رہے
ملک و زر ہمرہ نہ جان کے ہو ترے — زر کو دے بہرِ نظر سرمہ کو لے
تا تو دیکھے یہ جہان اک چہ ہے تنگ — مثل یوسف کے وہ رسی لا بچنگ
تاکہے جب چاہ سے آئے ببام — جان کہ یا بشری لنا ہذا غلام
[۲] چاہ مین معکوس ڈالی ہے نظر — وہ ہے کمتر سنگ کو جو دیکھے زر
کھیل مین لڑکون کو ناقص عقل سے — مال و زر وہ ٹھیکری دکھلائے ہے
عارف اسکے کیمیاگر ہو گئے — انکے آگے کان بس ناچیز ہے

دیدن درویشے جماعت مشایخ را در خواب و درخواست کردن روزی حلال از ایشان کہ بہ مشغول شدن کسب از عبادت می مانم و ارشاد ایشان

دیکھنا درویش کا جماعت مشائخ کو خواب مین اور چاہنا روزی حلال کا اُنسے کہ بسبب مشغولی کسب کے عبادت سے باز رہتا ہون اور ارشاد کرنا اُنکا اُس کو

[۱] پر جہان الخ ۶ شعر یکن جہان کو باقی رکھنے کے واسطے آنکھ و دل پر اُن کے حق نے مہرین کردین تاکہ تخت و تاج اُنکو محبوب ہو تاکہ بادشاہون سے وہ خراج لیوین اگر تو زر جمع خراجون سے کرے آخر تجھ سے مال میراثی رہے تیری جان کے ہمراہ ملک و مال نہ ہو دے زر کو دے اور واسطے نظر کے سرمے کو لے تاکہ تو دیکھے کہ یہ جہان ایک چاہ تنگ ہے مثل یوسف کے وہ رسی ہاتھ مین لا تاکہ جان سے جب کہ چاہ سے بام پر لائے ترجمہ اسے خوشخبری واسطے میرے کہ یہ غلام ہے یعنی تو زر کو حق کی راہ میں صرف کر اور سرمہ توحید کو حاصل کر کہ چشم باطن روشن ہو کہ بھلائی اس دنیا کی تجھپر کھلے اور مثل یوسف کے چاہ دنیا سے تجھکو نجات ہو باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

[۲] چاہ مین الخ ۳ شعر نظر الٰہی ڈالے ہے معکوس اس چاہ مین وہ کمتر ہے کہ جو سنگ کو زر دیکھے آگے اس کی مثال ہے کہ لڑکون کو کھیل مین بسبب عقل ناقص کے ٹھیکریان مال و زر دکھلائی دیتی ہین عارف خدا کیمیاگر ہو گئے اُن کے آگے کان ناچیز ہے چنانچہ مثال مین قصہ مشائخ کا فرماتے ہین فافہم ۱۲

او را بہ میوہ ہاے تلخ و ترش و شیرین شدن بدادن مشائخ آنہارا

ساتھ میوہ ہاے تلخ و ترش کے اور شیرین ہو جانا اُنکا بسبب دینے مشائخون کے

آن یکے درویش گفت اندر سحر — خضریان را من بدیدم خواب در
گفتم ایشانرا کہ روزی حلال — از کجا نوشم کہ آن نبود وبال
مر مرا سوے کہستان راندند — میوہ ہا زان بیشہ می افشاندند
کہ خدا شیرین بگردان میوہ را — در دہان تو بہمت ہاے ما
ہین بخور پاک و حلال و بے حسیب — بے صداع و نقل بالا و نشیب
پس مرا زان رزق نطقے رو نمود — ذوق گفت من خرد ہا می ربود
گفتم این فتنہ است یارب دہ نہان — بخششے دہ از ہمہ خلقان نہان
شد سخن از من دل خوش یافتم — چون انار از ذوق می بشگافتم
گفتم ار چیزے نباشد در بہشت — غیر این شادی کہ دارم در سرشت
ہیچ نعمت آرزو ناید دگر — زین نہ پردازم بجوز و نیشکر
ماندہ بود از کسب یکدو حبہ ام — دوختہ در آستین جبہ ام

بولا[سلہ] اک درویش مین نے صبح کو — خواب مین دیکھے مشائخ بس نکو
بولا مین اُنسے کہ روزی حلال — مین کہان سے کھاؤن کہ نہ ہو وبال
وہ پہاڑون مین مجھے بس لیگئے — اور میوے توڑ کر مجھکو دیئے
کہ خدا ہمت ہماری سی کرے — میٹھا اُن میوونکو بس منھ مین ترے
کھا تو یہ پاک اور حلال اور بے حساب — بے بکھیڑے اور پرتلے بے رنج و تاب
لطف اک اس رزق سے آیا مجھے — عقل گم ہوتی تھی میرے قول سے
بولا[سلہ] مین آفت ہے یہ یارب نہان — خلق سے آزاد کر مجھکو نہان
دل ہوا خوش جو سخن مجھسے کیا — جون انار از ذوق سے بس مین کھلا
بولا مین جنت مین نہ شے ہو کوئی — اس سوا شادی کے جو مجھکو ملی
دوسری نعمت کی نے خواہش مجھے — نیشکر کھاتا نہین ہون اسلئے
مبلغ اک دو رہ گئے تھے کسب کے — آستین مین میرے جبہ کے سلے

درگذرانیدن درویش کہ این زر بدین ہیزم کش دہم کہ من روزے حلال یافتم و رنجیدن ہیزم کش

درویش کے دل مین گذرنا کہ یہ روپئے ہیزم کش کو دون مین کہ مین نے روزی حلال کی پائی ہے اور رنجیدہ ہونا ہیزم کش کا

سلہ ۵۱ بولا الخ ۶ شعر ایک درویش نے کہا کہ مین نے صبح کو خواب مین بہت مشائخ دیکھے مین نے اُن سے کہا کہ روزی حلال مین کہان سے کھاؤن کہ وبال نہ ہو وہ مجھ کو پہاڑون مین لے گئے اور مجھکو میوے توڑ کر دیے کہ خدا ہماری ہمت سے میوون کو شیرین کرے تیرے منھ مین کہ تو کھا کہ یہ پاک و حلال و بے حساب ہین بے اوپر تلے پھرنے اور بے رنج و ملال کے مجھ کو اس ذوق سے ایک لطف آیا کہ عقل گم ہوتی تھی میرے کلام سے یعنی اسکی جو مین خوبیان بیان کرتا تھا تو سننے والون کی عقل میرے بیان سے گم ہوتی تھی آگے ارجع بقصہ ہے فافہم ۱۲ سلہ ۵۲ بولا مین الخ ۵ شعر مین نے کہا اے رب یہ آفت ہے یہان خلق سے مجھکو آزاد کر پوشیدہ دل خوش ہوا جو سخن مجھسے نکلا اور مانند انار کے اس ذوق سے مین کھلا مین نے کہا کہ جنت مین کوئی شے ہو سوا اس شادی کے کہ مجھکو ملی ہے دوسری نعمت کی خواہش نہین ہے اس واسطے نیشکر نہین کھاتا ہون ایک دو روپیہ کسب کے رہ گئے تھے میرے جبہ کی آستین مین سلے ہوئے یعنی اس قوت حلال کے ملنے کے سبب سے وہ خوشی ہوئی کہ جنت مین کوئی شے اسکے سوا نہ ہو آگے دو روپیہ درویش کو دینے کا بیان ہے فافہم ۱۲

آن یکی درویش ہیزم میکشید — خستۂ و ماندہ ز بیشہ می رسید
پس بگفتم من ز روزی فارغم — زین سپس از بہر رزقم نیست غم
میوۂ مکروہ بر من خوش شدست — رزق خاص جسم را آمد بدست
چونکہ من فارغ شدستم از گلو — حبۂ چندست من بر ہم بدو
بر ہم این زر را بدین تکلیف کش — تا دو سہ روزک شود از قوت خوش
خود ضمیرم را ہمی دانست او — زانکہ سمعش داشت نور از شمع ہو
بود پیشش سر ہر اندیشۂ — چون چراغی در درون شیشۂ
ہیچ پنہان می نشد از وی ضمیر — بود بر مضمون دلہا او خبیر
پس ہمی منکید با خود زیر لب — در جواب فکرتم آن بوالعجب
کہ چنین اندیشی از بہر ملوک — کیف تلقی الرزق ان لم یرزقوک
من نمیکردم سخن را فہم لیک — بر دلم میزد عتابش نیک نیک
سوی من آمد بہیبت ہمچو شیر — تنگ ہیزم را ز خود بنہاد زیر
پرتو حالی کہ از ہیزم نہاد — لرزہ بر ہفت عضو من فتاد
گفت یارب گر ترا خاصان ہند — کہ مبارک دعوت و فرخ پے اند
لطف تو خواہم کہ مینا گر شود — این زمان این تنگ ہیزم زر شود
در زمان دیدم کہ زر شد ہیزمش — ہمچو آتش بر زمین می تافت خوش
من دران بیخود شدم تا دیر گہ — چونکہ با خویش آمدم من از ولہ

ایک ہیزم کش فقیر بے نوا — آتا صحرا سے تھکا اور خستہ تھا
سوچا مین فارغ ہون اب اس رزق سے — رزق کا نہ غم ہے بعد اسکے مجھے
میوہ ناخوش مجھپہ اب خوش ہو گیا — رزق تن کا خاصکر ہاتھ آگیا
جو کہ مین فارغ ہوا ہون اکل سے — ہین یہ مبلغ چند مین دیدون ست
دو تین یہ زر اسکو بس تکلیف سے — تا یہ خوش دو تین دن ہو قوت سے
فکر سے میرے اُسے بھی تھی آگہی — سمع ہو سے شمع روشن اسکی تھی
اُسکے آگے فکر کا سر نہان — شمع تھی فانوس مین جیسے عیان
کوئی پوشیدہ نہ تھی اُس سے ضمیر — دل کے مضمونون سے تھا بس وہ خبیر
چپکے چپکے کہتا تھا خود زیر لب — بس جواب فکر مین وہ بوالعجب
ایسا اندیشہ ترا بہر ملوک — کیف تلقی الرزق ان لم یرزقوک
مین سمجھتا تھا نہین باتین و لیک — میرے دل پر غصہ کرتا نیک نیک
آیا حملہ کر کے مجھپر مثل شیر — اور رکھا لکڑی کا گٹھا سے زیر
پرتو اس حملہ کا جو مجھ پہ پڑا — لرزہ سات اندام مین میرے پڑا
بولا یارب گر ترے خاصان ہین — کہ مبارک دعوت و خوش جان ہین
کیمیا گر چاہون لطف ہووے ترا — گٹھا اب لکڑی کا زر ہووے مرا
دیکھا اُسدم لکڑیان زر ہو گئین — مثل آتش کے چمکنے وہ لگین
دیر تک مین اُس مین بیخود بن رہا — ہوش مین تا حیرت سے جبکہ مین ہوا

س۵۱ ایک ہیزم کش الخ ۲ شعر ایک فقیر ہیزم کش بینوا صحرا سے آتا تھا تھکا ہوا مین سوچا کہ فارغ ہون اس رزق کا غم نہین ہے بعد اس کے مجھ کو میوہ ناخوش آب خوش ہو گیا خاصکر رزق تن کا ہاتھ آگیا جو کہ مین فارغ کھانے سے ہوا ہون چند مبلغ ہین مین اس کو دیدون یہ زر اسکو دون کہ بہت تکلیف مین ہے تا کہ یہ دو تین دن خوش اس رزق سے میری فکر سے اُس کو آگہی تھی کہ سمع ہو سے اُس کی شمع روشن تھی یعنی وہ روشن دل تھا اسواسطے اُس کو میری فکر سے آگہی تھی آگے اس کے حقائق ہین فافہم ۱۲ س۵۲ اسکے آگے الخ ۷ شعر فکر کا بھید اس کے آگے جیسے شمع فانوس مین عیان تھی کوئی ضمیر اُس سے پوشیدہ نہ تھی دل کے مضمون سے وہ خبردار تھا چپکے چپکے ہونٹون مین وہ کہتا تھا جواب فکر میری مین وہ بوالعجب کہ ایسا اندیشہ تیرا واسطے اولیا کے ترجمہ کیونکر ملاقات کرتا تو رزق سے اگر نہ دین وہ رزق تجھ کو مین سمجھتا نہ تھا باتین ولیکن میرے دل پر وہ غصہ کرتا تھا مجھپر حملہ کر کے آیا مثل شیر کے اور لکڑیون کا گٹھا رکھا سے اتار کر پرتو اُس کے حملہ کا جو مجھپر اثر پڑا تو میرے ساتون اندام مین لرزہ پڑا آگے اسکے دعا کرنے کا بیان ہے فافہم ۱۲ س۵۳ بولا الخ ۷ شعر دل مین کہا کہ یارب اگر تیرے خاصان ہین کہ مبارک دعوت و خوش جان ہین مین چاہتا ہون کہ لطف تیرا کیمیا گر ہو کہ میرا گٹھا لکڑی کا زر ہووے اسدم دیکھا کہ لکڑیان زر ہو گئین مثل آتش کے وہ چمکنے لگین مین دیر تک اسمین بیخود رہا جب کہ حیرت سے مین ہوش مین آیا بعدہ کہا کہ اے خداوہ کیا اگر غیور ہین مین نہین چاہتا ہون شہرت پھر انکو لکڑیان کردے اسے مین بے تامل ویسی ہی جیسی کہ تھین وہ شاخ زر پھر لکڑیان ہو گئین عقل و نظر اس کام سے دنگ ہو گئی باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ع۱ کیونکر ملاقات کرتا تو رزق سے اگر نہ دین وہ رزق تجھ کو ۱۲

بعد ازان گفت ای خدا گر آن کبار	بس غیور اند و گریزان ز اشتہار	بعدہ بولا خدایا وہ کبار	گر غیور اسب ہین چاہون اشتہار
باز این را بند ہیزم ساز زود	بے توقف ہم بران حالی کہ بد	لکڑیان پھر انکو کردے ابھی مین	بے تامل ویسی ہی جیسی کہ تھین
در زمان ہیزم شدہ اغصان سر	مست شد در کار او عقل و نظر	لکڑیان پھر ہوگئین وہ شاخ زر	عقل دنگ اس کام سے ہوئی و نظر
بعد ازان بر داشت ہیزم را و رفت	سوے شہر از پیش من او تیز و تفت	بعدہ وے لکڑیان وہ چلدیا	میرے آگے شہر کی جانب گیا
خواستم تا در پے آن شہ روم	پرسم ازوے مشکلات و بشنوم	مین نے چاہا اسکے پیچھے مین چلون	پوچھون اس سے مشکلین اور مین سنون
بستہ کرد آن ہیبت او مرا	پیش خاصان رہ نباشد عامہ را	روکا اس ہیبت نے انکی تب مجھے	آگے خاصون کے نہ رہ عامون کو ہے
ور کسے را رہ شود گو سر فشان	کان بود از رحمت و از جذب شان	گر ملے رہ کہدو سر قربان کیے	کیا وہ رحمت اور جذب انکی سے ہے
پس غنیمت دار آن توفیق را	چون بیابی صحبت صدیق را	مین غنیمت جانون اس توفیق کو	پاؤ جو تم صحبت صدیق کو
نے چو آن ابلہ کہ یابد قرب شاہ	سہل و آسان در فتد آن دم ز راہ	نے جیسے اس احمق کہ پائے قرب شاہ	سہل و آسان کرے اسکو وہ تباہ
چون ز قربانی دہندش بیشتر	پس بگوید ران گاوست این مگر	دیوین قربانی سے اسکو بیشتر	کہوے یہ اک گاؤ کی ران ہے مگر
نیست این از ران گاو اے مفتری	ران گاوت می نماید از خری	گاؤ کی یہ ران نہین ہے جو تجھے	بس خری سے گاؤ کی ران دکھتی ہے
بذل شاہانست این بے رشوتے	بخشش محض است این از رحمتے	شاہ کی بخشش یہ بے رشوت کے ہے	انکی بخشش محض یہ رحمت سے ہے

تحریص کردن سلیمان رسولان را بباز گشت و ہجرت بلقیس

حرص دلانا سلیمان کا رسولون کو واسطے رجوع و ہجرت بلقیس کے

ہمچنانکہ شہ سلیمان در نبرد	جذب خیل و لشکر بلقیس کرد	جیسے لڑنے مین سلیمان نے کیا	جذب لشکر اور حشم بلقیس کا

۵۳ بعدہ آلخ ۵ شعر بعدہ وہ لکڑیان لیکر چلدیا میرے آگے شہر کی جانب گیا مین نے چاہا کہ اس کے پیچھے چلون اور پوچھون اس سے مشکلین اور مین سنون اس کی ہیبت نے روکا مجکو کیونکہ آگے خواصون کے عامون کو راہ نہین ہے آگے اس کے قائق مین گر راہ ملے کہدو کہ سر قربان کرے کہ راہ ملنا رحمت و جذب ان کے سے ہے توفیق وجذب اُنکے سے ہے اس توفیق کو غنیمت جانو کہ جو تم صحبت صدیق کی پاؤ یعنی اگر کامل کی صحبت مین تم کو راہ ملے غنیمت جانو بلکہ اسکو رحمت وجذب حق کا جانو کہ یہ عنایت حق کی ہے آگے اسکی مثال ہے فافہم ۱۲ ۵۳ نے چون آلخ ۷ شعر نہ مانند اس احمق کے ہے کہ قرب شاہ کا پاوے اور اسکو سہل و آسان تباہ کردے اسکو قربانی سے زیادہ دیوین وہ کہے کہ یہ ایک گاؤ کی ران ہے پس یہ گاؤ کی ران نہین ہے جو کہ تجھے خری سے گاؤ کی ران دکھتی ہے بغیر رشوت کے محض اُن کی بخشش رحمت سے ہے یعنی جو چیز کہ بادشاہ دے اُس کو تم حقیر شے مت جانو بلکہ اُس کو بخشش شاہ کی جانو اسی طرح اگر اولیا اللہ کی صحبت تمکو نصیب ہو وہ تم عنایت حق کی جانو اور اسکو حقیر مت جانو آگے ایسی ہی حرص دلانا سلیمان علیہ السلام کا بیان ہے فافہم ۱۲ ۵۳ جیسے آلخ ۳ شعر جیسے سلیمان علیہ السلام نے لڑنے مین کیا لشکر و حشم بلقیس کو جذب کیا اے عزیزو تم یہان جلد آؤ بحر بخشش کا موجزن و روان ہے ساحل پر ڈالتی بے خطر جوش سے ہردم موج اس کی سو کو ہر باقی حال لگے ہے فافہم ۱۲

که بیائید اے عزیزان زود زود	که برآمد موجہا از بحر جود	که تم آؤ اے عزیزو جلد یان	موجزن ہے بحر بخشش اور رواں
سوے ساحل میفشاند بے خطر	جوش موج بحر زیاں صد گہر	ڈالتی ساحل پہ ہے بس بے خطر	جوش سے بحر ہر دم سو گہر
الصلا گفتیم اے اہل رشاد	کاین زمان رضوان در جنت کشاد	الصلا کہتا ہون مین اہل صفا	کھولا در رضوان نے اب خلد کا
پس سلیمان گفت کاے پیکان زود	سوے بلقیس و بدین دین بگرود	بس سلیمان بولے جاؤ قاصدو	سوے بلقیس اور اُسے راغب کرو
بس بگوئیدش بیا اینجا تمام	زود که ان الله یدعو بالسلام	کہدو اُس سے کہ یہان آئے تمام	جلد کہ ان الله یدعوا بالسلام
ہین بیا اے طالب دولت شتاب	که فتوح است این زمان فتح باب	آؤ تو اے طالب دولت شتاب	کہ فتوحات اب ہے اور ہے فتح باب
اے که تو طالب نئہ تو ہم بیا	تا طلب یابی ازان یار وفا	ہے تو طالب گر نہین ہے تو بھی آ	تا طلب دے تجکو وہ یار وفا
ملک بر ہم زن تو ادہم وار زود	تا بیابی ہمچو او ملک خلود	مثل ادہم چھوڑ اپنے ملک کو	مثل اسکے ملک جنت پائے تو

سبب ہجرت ابراہیم ادہم قدس سرہٗ و ترک ملک خراسان

سبب ہجرت ابراہیم ادہم قدس سرہٗ و چھوڑنا ملک خراسان کا

خفته بود آن شه شبانه بر سریر	حارسان بر بام اندر دار وگیر	تخت پر سوتا تھا وہ شہ رات کو	بام پر کرتے نگہبان ہاے ہو
قصد شه از حارسان آنہم نبود	که کنند زان دفع دزدان رنود	قصد شہ یہ پاسبانون سے نتھا	کہ کرین چورون کو دفع اور جدا
وے ہمیدانست کانکہ عادلست	فارغست از واقعه امن دلست	جانتا تھا وہ کہ عادل ہے کوئی	فارغ و واقعہ سے وہ رکھے امنی
عدل باشد پاسبان کامہا	نے بشب چوبک زنان بر بامہا	پاسبان کامو نکا ہے تا عدل ہے	نے صدا نوبت کی شب کو بام پر
لیک بد مقصودش از بانگ رباب	ہمچو مشتاقان خیال آن خطاب	بانگ نوبت سے اسے مقصود تھا	مثل مشتاقان خیال اس قول کا

سلہ الصلا آلخ ۶ شعر الصلا اے اہل صفا مین کہتا ہون کہ رضوان نے دروازہ کھولا ہے جنت کا پس سلیمان علیہ السلام نے کہاکہ اے قاصدو تم جاؤ بلقیس کی طرف اور اُسے راغب کرو اُس سے کہدو کہ یہان آئے جلد تحقیق الله بلاتا ہے والسلام آگے اس کے حقائق ہین اے طالب دولت تو آجلدی کہ اب فتوحات ہین اور فتح باب ہے اسے تو اگر طالب نہین ہے تو بھی آتا کہ وہ یار وفا تجھ کو طلب دے مانند ادہم کے اپنے ملک کو چھوڑتا اُس کے مانند تو ملک جنت کا پائے یعنی اے طالب دولت سہی اولیاء الله کے جانب آؤ کہ فتوحات تم کو ملین اور اگر تجھ کو طلب نہین ہے تب بھی آؤ کہ یار وفادار تجھ کو طلب عنایت کرے جیسے ابراہیم ادہم نے رجوع کی اور یار پایا چنانچہ ان کا قصہ آگے مثال مین بیان ہے فافہم ۱۲ سلہ وہ شاہ آلخ ۵ شعر وہ شاہ تخت پر سوتا تھا شب کو اور بام پر نگہبان ہاے وہو کرتے تھے قصد شاہ کا پاسبانون سے نہ تھا کہ چورون کو دفع کرین وہ جانتا تھا کہ جو عادل ہے واقعے سے فارغ ہے اور امنی رکھتا ہے کیونکہ کامون کا پاسبان عدل ہے نہ کہ صدا نوبت کی بام پر ہے بانگ نوبت سے اسے ایک مقصود تھا نہ مثل مشتاقون کے خیال اس قول کا ہے یعنی بام پر وہ نگہبانی کے واسطے نہین بجواتا تھا بلکہ مانند عاشقون کے آواز کا مشتاق تھا کہ جو روز الست اُنھون نے یار کی آواز سنی ہے اور اس قصہ مین وہ صلا آدمی پر ہے آگے اس کے حقائق ہین فافہم ۱۲

نالۂ سرنا و تہدید دہل / چیزکے مانند بدان ناقور کل
پس حکیمان گفته اند این لحنہا / از دوار چرخ بگرفتیم ما
بانگ گردشہای چرخست اینکہ خلق / می سرایندش بطنبور و بحلق
مومنان گویند کہ آثار بہشت / نغز گردانید ہر آواز زشت
ما ہمہ اجزای آدم بودہ ایم / در بہشت آن لحنہا بشنودہ ایم
گرچہ بر ما ریخت آب و گل شکے / یاد مان آید از آنہا اندکے
لیک چون آمیخت با خاک کرب / کے دہد این زیر و آن بم آن طرب
آب چون آمیخت با بول و کمیز / گشت زامیزش مزاجش تلخ و تیز
چیزکے از آب ہستش در جسد / بول از ان رو آتشے را میکشد
گر نجس شد آب این طبعش بماند / کآتش غم را بطبع خود نشاند
پس غذای عاشقان آمد سماع / کہ درو باشد خیال اجتماع
قوتے گیرد خیالات ضمیر / بلکہ صورت گردد از بانگ صفیر
آتش عشق از نواہا گشت تیز / آنچنان کہ آتش آن جوز ریز

نالۂ[1] سرنا و دھمکا ڈھول کا / سامنے اس صور کل کے ہے ذرا
پس حکیمون نے کہا لحن و صدا / گردش افلاک سے ہمنے لیا
دور فلکی کی صدا ہے جو کہ خلق / گاتی ہے اسکو بطنبور اور حلق
کہتے مومن ہین اثر نے خلد کے / کر دیا آواز بد کو خوب ہے
جملہ ہم اجزا ہوئے آدم کے ہین / ہمنے یہ الحان سنی ہین خلد مین
آب و گل نے گرچہ شک ہمپر رکھا / یاد آتا ہمکو ہے اُس سے ذرا
خاک غم مین جو ہمین پھانسا ہم / وہ طرب کب ہمکو دے یہ زیر و بم
جیسے[2] کچھ پیشاب مین پانی ملا / تیز اور کڑوا مزاج اسکا ہوا
جو وجود اسکے مین ہو پانی ذرا / اسلئے پیشاب آتش دے بجھا
طبع وہ ہے گر نجس پانی ہوا / طبع خود سے آتش غم دے بجھا
پس غذا عشاق کی گانا ہوا / بس خیال اس مین ہو ملنے یار کا
قوت اک پکڑے خیالات ضمیر / بل دکھادے صورت اک بانگ صفیر
لحن سے بس عشق کے آتش ہو تیز / جس طرح آتش رکھے وہ جوز ریز

[1] نالہ الخ ۔ شعر نالہ سرنا و دھمکا ڈھول کا اس صور کل کے روبرو ذرا سا ہے یعنی یہ آواز مزامیر کی اُس آواز الست سے روبرو اندک ہے کیونکہ وہ آواز تمام جہان مین پُر ہے آگے حال نغمہ کا بقول حکماء کے بیان فرماتے ہین پس حکماء نے کہا کہ لحن و صدا گردش افلاک سے ہم نے لیا ہے یہ صدا دور فلک کی ہے جو کہ خلق گاتی ہے اُسکو طنبور و حلق سے یعنی حکماء نے سوچا کہ جو شے ہوا مین گردش کرتی ہے ضرور اس سے آواز پیدا ہوتی ہے جبکہ فلک گردش کرتا ہے تو ضرور اس سے آواز ہوتی ہوگی چنانچہ انھون نے رصد اسکی بنا کر آواز فلک کو سنا اور اس سے یہ چھ راگ و ۳۶ راگنیان علم موسیقی کی پیدا ہین اسلئے جسوقت وہ راگ راگنیان بہنگام گانے کے آواز فلک کے برابر ہو جاتی ہین اثر اسکا سامعین کے دلون مین پیدا ہوتا ہے آگے حال نغمہ کا بقول صوفیہ فرماتے ہین مومن کہتے ہین کہ اثر نے خلد کے آواز بد کو خوش کر دیا ہے ہم سب اجزا آدم کے ہوئے ہین ہمنے یہ الحان جنت مین سنے ہین آب و گل نے اگرچہ ہمپر شک رکھا ہے اس سے ہمکو ذرا یاد آتا ہے خاک غم مین جو ہمکو بالکل پھانسا ہے وہ طرب یہ زیر و بم ہمکو کب دے یعنی جو کہ ہماری روح نے جنت مین بشمولی روح آدم علیہ السلام کے یہ الحان سنے ہین اور وہ دنیا مین بسبب وجود خاکی کے غافل ہو گئی ہو مگر کبھی کبھی وہ آواز یاد آجاتی ہو آگے اسکی مثال ہو فافہم ۱۲ [2] جیسے الخ ۔ شعر کہ پیشاب مین کچھ پانی ملا اسکا مزاج تیز و کڑوا ہوا جو وجود پیشاب مین پانی ذرا سا ہے اسواسطے پیشاب آتش کو بجھا دیتا ہے طبیعت پانی کی وہ ہو اگرچہ پانی نجس ہوا ہو اپنی طبیعت سے آتش غم کو بجھا دیتا ہو یعنی آواز الست اس آواز مین اسی طرح سے ملی ہوئی ہو کہ وہ اپنے اثر سے عشاق مین آتش دنیا کو دفع کر دیتی ہو پس غذا عشاق کی گانا ہوا کہ اس مین یار کے ملنے کا خیال ہوتا ہے خیالات دل ایک قوت پکڑے بلکہ دکھا دے ایک صورت بانگ صفیر سے آتش عشق الحان سے تیز ہو جیسے آتش رکھتا ہو وہ جوز پھینکنے والا یعنی روح نے جو یار کی آواز پر بزم الست جس راگنی مین سنی ہو اب عاشق دنیا مین جب وہ راگنی سنتا ہو بیخودی وحد کی طاری ہوتی ہو چنانچہ محبوب الہیؒ صاحب فرماتے ہین کہ مین نے آواز الست راگنی پوربی مین سنی ہے کہ میرے کان مین بھری ہوئی ہے اور حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہین کہ مین نے وقت پائے نفس کے رحمن کی آواز رحمن کو راگنی یمن مین سنا تھا بقول بحر العلوم آگے قصہ جوز ریز تشنہ کا مثال مین اس کے فرماتے ہین فافہم ۱۲

حکایت آن مرد تشنہ کہ از سر جوزبن جوز در آب می ریخت کہ در گو بود و آب نمی رسید تا با فتادن جوز بانگ آب بشنود و او را چون سماع بانگ آب در طرب می آورد

حکایت اُس مرد تشنہ کی کہ جوز کے درخت سے پھینکتا تھا جوز پانی مین کہ گڑھے مین بھرا تھا اور وہ اس تک پہنچ نہین سکتا تھا آواز پانی کی اُس جوز کے گرنے سے سنی کیونکہ آواز پانی کی اسکو مانند راگ کے وجد مین لاتی تھی

در مغولی بود آب آن تشنہ راند　　بر درخت جوز و جوزی میفشاند
می فتاد از جوزبن جوز اندر آب　　بانگ می آمد ہمی دید او حباب
عاقلی گفتش کہ بگذار اے فتا　　جوزہا خود تشنگی آرد ترا
بیشتر در آب می افتد ثمر　　آب در پستی است از تو دور تر
بیشتر در آب می افتد بہ بین　　می برد آبش تراچہ سود ازین
تا تو از بالا فرود آئی بزیر　　آب جویش بردہ باشد ابھلیر
گفت قصدم زین فشاندن جوز نیست　　تیز تر بنگر برین ظاہر مایست
قصد من آنست کاید بانگ آب　　ہم ببینم بر سر آب این حباب

[1] تھا گڑھے مین پانی وہ تشنہ چڑھا　　جوزبن پر اور گراتا جوز تھا
پھینکتا وہ جوزبن سے اندر آب　　بانگ سنتا دیکھتا تھا وہ حباب
بولا اک عاقل کہ چھوڑ اور مو چلا　　جوز کرتا تشنگی ہے اور سوا
گرتے ہین پانی مین اکثر یہ ثمر　　پانی پستی مین ہے تجھ سے دور تر
گرتے پانی مین ہین اکثر دیکھ لے　　پانی لے جائے تجھے کیا سود ہے
جب تلک اوپر سے نیچے آئے تو　　پانی لیجائے بہا کر جوز کو
[2] بولا گرنے جوز سے نے قصد ہے　　غور کر ظاہر پہ اسکے مت رہے
قصد میرا وہ کہ آئے بانگ آب　　اور دیکھون آب پر بھی یہ حباب

[1] تھا گڑھے مین الخ ۶ شعر گڑھے مین پانی تھا اور وہ تشنہ درخت جوز پر چڑھا اور جوز گراتا تھا پھینکتا تھا وہ جوز درخت سے پانی مین آواز سنتا اور حباب دیکھتا تھا ایک عاقل نے کہا کہ چھوڑ علیحدہ ہو جوز تشنگی سوا کرتا ہے یہ ثمر اکثر پانی مین گرتے ہین و پانی پستی میں ہے تجھ سے دور تر اکثر پانی مین گرتے ہین دیکھ لے پانی بہا لے جائے اور تجھ کو کیا فائدہ جب تک کہ تو اوپر سے نیچے اترے پانی جوز کو بہا کر لے جائے آگے جواب ہے فافہم ۱۲ [2] بولا الخ ۴ شعر کہا جوز کے پھینکنے سے نہ قصد ہے تو غور کر اور اسکے ظاہر پر مت رہے میرا قصد وہ ہے کہ آواز پانی کی آئے اور بھی یہ حباب دیکھون تشنہ کو اور شغل عالم مین کیا ہے حوض کے گرد پھرنا ہمیشہ گرد مہر و گرد آب و بانگ آب مانند طواف کعبہ حاجی کے صواب ہے یعنی تشنہ کو آواز پانی کی تسکین دیتی ہے اسی طرح تشنگان یار کو آواز اس دریائے معنی کی ہے تسکین دیتی ہے اس واسطے صوفیان اہل جنت وجد و سمع سے سیراب ہوئے ہین بقول استاد ؎

کسانیکہ یزدان پرستی کنند　　بآواز دولاب مستی کنند

چنانچہ مثنوی کے پیرائے مین مولانا حال وجد و سماع کا بیان فرماتے ہین فافہم ۱۲

تشنہ را خود شغل چہ بود در جہان	گرد پاے حوض گشتن جاودان	شغل اور عالم مین تشنہ کو ہی کیا	گرد پھرنا حوض کے اوپر سدا
گرد جو گرد آب و بانگ آب	ہمچو حاجی طائف کعبہ صواب	گرد نہر و گرد آب اور بانگ آب	چون طواف کعبہ حاجی کے صواب
ہمچنین مقصود من زین مثنوی	ای ضیاء الحق حسام الدین توئی	مثنوی[1] سے میرا قصد ہی سبھی	اے ضیاء الحق حسام الدین توئی
مثنوی اندر فروع و در اصول	جملہ آن تست کردستی قبول	مثنوی اندر فروع اندر اصول	تیری ملک ہی سب کیا تو نے قبول
التجا بر تست و بر امداد تو	تکیہ بر اشفاق و بر اسعاد تو	التجا تجھ سے تری امداد سے	تکیہ تیری یاری و اشفاق پر
مثنوی اندر اصول و در فروع	میکند زیر لواے تو رجوع	مثنوی اندر اصول اندر فروع	کرتی ہی تیرے لوا کے سو رجوع
مثنوی اندر اصول و ابتدا	جملہ بہر تست و بر تست انتہا	مثنوی کی ابتدا تیرے لئے	اصل مین اور انتہا تیرے لئے
در قبول تست عز مقبلے	زانکہ شاہ جان سلطان ولی	تیری مقبولی مین عزت اسکی ہی	کیونکہ شاہ جان اور دل تو ہی ہی
در قبول آرند شاہان نیک و بد	چون قبول آرند نبود ہیچ رد	نیک و بد کو شاہ کرتے ہین قبول	رد نہین کرتے جو رکھتے ہین قبول
چون نہالے کاشتی آبش بدہ	چون کشادش دادۂ بکشا گرہ	جو نہال[2] اک بویا پانی اسکو دے	جو دیا کھلنا گرہ تو کھول دے
قصدم از الفاظ او راز تو است	قصدم از انشاش آواز تو است	قصد الفاظون سے تیرا راز ہی	قصد انشا سے تری آواز ہی
پیش من آوازت آواز خدا است	عاشق از معشوق حاشا کے جدا است	ہے تری آواز آواز خدا	حاشا کب معشوق سے عاشق جدا
اتصالے بے تکیف بے قیاس	ہست رب الناس را با جان ناس	وصل ہی بے کیف اور بے قیاس	خالق انسان کو باجان ناس
لیک گفتم ناس من نسناس نے	ناس غیر جان جان اشناس نے	پر کہا ناس اور نسناس اب کہا	ناس غیر جان بجان سے آشنا
ناس مردم باشد و کو مردمی	تو سر مردم ندیدستی دمی	ناس مردم ہے کہان ہی مردمی	دیکھا ز مردم تو دم بھر بھی کوئی
مار میت اذ رمیت خواندۂ	لیک جسمی در تجزی ماندۂ	مار میت[3] اذ رمیت کو پڑھا	پر تو ہی جسم اور قسمت مین رہا

[1] مثنوی الخ ۲ شعر مثنوی سے میرا قصد سب اے ضیاء الحق حسام الدین تو ہی ہو مثنوی اصل و شاخ مین تیری ملک ہی تو نے سب قبول کیا ہی التجا تجھ سے اور تیری امداد سے ہی تکیہ تیری یاری و اشفاق کپہ ہے مثنوی اندر اصل و فروع کے تیرے لوا کی طرف رجوع کرتی ہے مثنوی کی ابتدا اصل مین تیرے واسطے ہے اور انتہا بھی تیرے واسطے ہے تیرے قبول کرنے مین عزت اسکی ہے کیونکہ شاہ جان و دل تو ہی ہے بادشاہ نیک و بد قبول کرتے ہین جس کو قبول کرتے اُسکو رد نہین کرتے ہین یعنی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ مثنوی کل تمہارا کلام ہے تم نے اگر قبول کیا ہے اُسکو رد مت کرو باقی حال آگے ہو فافہم ۱۲ [2] جو نہال الخ ۲ شعر جو ایک نہال تو بویا اسکو پانی دے جو کھلنا دیا تو گرہ کھولدے قصد الفاظ سے تیرا راز ہے اور انشا سے قصد تیری آواز ہے تیری آواز آواز خدا ہے حاشا معشوقون سے عاشق کب جدا ہے وصل بے کیف و بے قیاس ہے خالق انسان کو ساتھ جان ناس کے لیکن ناس کہا نسناس نہین کہا کہ ناس سواے جان کے آشنا نہین ہو ناس مردم ہے مردمی کہان ہی مردم تو کوئی دم بھر نہین دیکھا یعنی حق تعالی کو ساتھ جان کے وصل بے کیف ہے مگر جان انسان کامل سے ساتھ و نہ نسناس یعنی اہل نفس کے ساتھ نہین ہے آگے حقائق اسکے ہین فافہم ۱۲ [3] مار میت الخ ۲ شعر مار میت اذ رمیت کو پڑھا لیکن تو جسم ہے اور تقسیم مین رہا پس تو ملک جسم اپنے کو مانند بلقیس کے ترک کردے سلیمان کے واسطے ترک کر اپنے قول پر مین لاحول نہین کرتا ہون بلکہ طعنہ زن کے وسواس سے مین کرتا ہون میرے کلام پر وہ طنز کرتا ہے دل مین وسواس و گمان و انکار سے مین لاحول کرتا ہون یعنی علاج نہین ہے جو تیرے دل مین ضد میرا کلام ہے جو کہ میرا کہنا خود گلو پکڑتا ہے مین چپ ہوا خود تو کہہ بعد اسکے یعنی مین اپنے قول پر لاحول نہین کرتا ہون بلکہ طعنہ زن کی بدگمانی پر کرتا ہون مین چپ ہوتا ہون تو بعد اسکے خود کہہ یعنی تو اے طعنہ زن اگر میرے کلام پر طعنہ کرتا ہو تو اب مین خاموش ہون و تحمل کرتا ہون تو کلام کر دیکھون تو کیا کہتا ہو آگے تمثیل کا بیان ہے خیال کر فافہم ۱۲ [4] نہین پھینکا تو نے جو وقت پھینکا تو نے ۱۲

ملک جسمت را چو بلقیس ای غبی
ترک کن بہر سلیمانِ نبیؑ

میکنم لاحول نے از گفت خویش
بلکہ از وسواس آن اندیشہ کیش

کو خیالے میکند در گفت من
در دل از وسواس و انکارات ظن

میکنم لاحول یعنی چارہ نیست
چون ترا در دل بضدم گفتنی ست

چونکہ گفت من گرفت در گلو
من خمش گردم تو زین پس خود بگو

ملک جسم اپنے کو جون بلقیس کے
ترک تو کردے سلیمان کے لئے

کرتا نہ لاحول اپنے قول پے
بلکہ طعنہ زن کے ہین وسواس سے

میرے کہنے پر وہ کرتا طنز ہے
دل مین وسواس و گمان انکار سے

کرتا ہون لاحول یعنی چارہ نہ
میری ضد کہنا جو تیرے دل مین ہو

جوکہ خود کہنا مرا اٹکے گلو
مین ہون چپ خود کہو بعد اسکے تو

دربیان تحمل کردن از ہر بے ادبے وطریق رفق سپردن

بیان تحمل کرنے ہر بے ادب سے اور طریق رفاقت کرنے کا

آن یکی نائی کہ خوش نے میزدست
ناگہان از مقعدش بادی بجست

نائے را بر کون نہاد او کہ ز من
گر تو بہتر میزنی بستان بزن

اے سلمان خود ادب اندر طلب
نیست الا حمل از ہر بے ادب

ہر کرا بینی شکایت میکند
کان فلان کس راست طبع و خوے بد

این شکایت گو بدان کو بدخو ست
کہ مر آن بدخوے را او بدگو ست

زانکہ خوشخو آن بود کو در خمول
باشد از بدخوی و بدطبعان حمول

لیک در شیخ این گلہ از امر خداست
نے پے خشم و ممارات و ہوا ست

آن شکایت نیست ہست اصلاح جان
چون شکایت کردن پیغمبران

ناحمول انبیا از امر دان
ورنہ حمال است بد را حلمشان

طبع را کشتند در حمل بدی
ناحمولی گر بود ہست ایزدی

ایک[1] نائی خوش بجاتا نے کو تھا
ناگہان اک گوز اس سے سر ہوا

کون پر نے کو رکھا کہ تو بجا
گر بجاتی مجھ سے ہے بہتر سوا

اے مسلمان تو طلب مین ہو ادب
پر تحمل ہے بے ادب سے ہو ادب

بس شکایت کرتا تو دیکھے جسے
کہ فلان طبع رسا خود بد رکھے

یہ شکایت[2] وہ کرے بدخو ہے
کہ وہ اُس بدخو کی بدگوئی کرے

کیونکہ وہ خوشخو ہے تنہائی مین جو
بدطبعون بدخو کا متحمل ہو وہ

شیخ مین پر شکوہ حکم حق سے ہو
نے ہے خشم و دشمنی کی راہ سے

نے وہ شکوہ بلکہ ہے اصلاح جان
جیسے شکوہ کرتے ہین پیغمبران

نے تحمل انبیا کو حکم سے
ورنہ حمال اُن کا بد حمال ہے

طبع[3] تحمل بدی کی ہو گئے ہے
نے تحمل ہے تو ہے اللہ سے

[1] ایک نائی اخ ہم شعر ایک نے نواز نے کو بجاتا تھا ناگہان ایک گوز اسکا سرہوا نے کو اس نے کون پر رکھا کہ تو بجا اگر مجھ سے سوا بہتر بجاتی ہے آگے حقائق ہین اے مسلمان طلب مین ادب نہین ہوتا ہے تحمل کرنا بے ادب سے ادب ہے پس جسکو تو شکایت کرتا دیکھے کہ فلان طبع رسا خوے بد رکھتا ہے یعنی طالب مین ادب نہین رہتا ہے گر بے ادب سے تحمل کرنا ادب ہے آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲ [2] یہ شکایت اخ ۵ شعر یہ وہ شخص شکایت کرے کہ جو بدخو ہو وہ اس بدخو کی بدگوئی کرتا ہے کیونکہ وہ شخص جو تنہائی مین ہے اور بدطبعون اور بدخو کا متحمل ہے لیکن شیخ مین جو شکوہ حکم حق سے ہے از راہ خشم و دشمنی کے نہین ہے اصلاح جان ہے جیسے انبیا شکوہ کرتے ہین انبیا کو حکم حق سے تحمل نہین ہے ورنہ انکا حلم بدی کا حمال ہے یعنی تحمل کرنا بدگوئی پر انبیا کا ۱۲ اور جو کہ تحمل نہین کرتے ہین غصہ جو ہین حکم حق سے ہوتا ہے کیونکہ وہ اصلاح جان ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ [3] طبع اخ ۴ شعر طبع انبیا کی بدی کی متحمل ہوتی ہے جو تحمل نہین ہے تو اللہ کی طرف سے ہے اے سلیمان درمیان زاغ و باز کے حلم حق ہو اور سب مرغون سے واقفیت کر بلبل گویا کے تو پر مت توڑ اور باز کو کبک سے مت لڑا تیرے حکم کے آگے بلقیس زبون ہے ترجمہ ہدایت کر قوم میری کو تحقیق وہ نہین جانتے ہین یعنی اے مرشد جو تو دانا اور احمقون مین حاجب حلم حق ہو کر جاہلان اہل دنیا سے موافق ہو اور ہدایت اُن کو کر آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲

اے سلیمان درمیان زاغ و باز — حلم حق شو باہمہ مرغان بساز
بلبل بسیار گو را پر مکن — باز را و کبک را بر ہم مزن
اے دو صد بلقیس حلمت را زبون — کاہد قومی انہم لایعلمون

اے سلیمان درمیان زاغ و باز — حلم حق ہو کر تو سب مرغوں سے ساز
بلبل گویا کے پر مت توڑ تو — مت لڑا تو باز کو اور کبک کو
تیرے حلم آگے ہو بلقیس ایک ہین — کاہد قومی انہم لایعلمان

تہدید فرستادن سلیمان علیہ السلام پیش بلقیس کہ اصرار میندیش بر شرک و تاخیر مکن کہ فی التاخیر آفات

دھمکی بھیجنا سلیمان علیہ السلام کا بلقیس کو کہ اصرار مت کر شرک پر اور تاخیر مت کر کہ تاخیر مین آفتین ہین

ہین بیا بلقیس ورنہ بد شود — لشکرت خصمت شود مرتد شود
پردہ دار تو درت را بر کند — جان تو با تو بجان خصمی کند
جملہ ذرات زمین و آسمان — لشکر حق اند گاہ امتحان
باد را دیدی کہ با عادان چہ کرد — آب را دیدی کہ این طوفان چہ کرد
آنچہ بر فرعون زد آن بحر کین — آنچہ بر قارون نمودست این زمین
وانچہ آن بابیل با آن پیل کرد — وانچہ پشہ کلۂ نمرود خورد
وانکہ سنگ انداخت داؤد بدست — گشت سہ صد پارہ و لشکر شکست
سنگ می بارید بر اعدای لوط — تاکہ در آب سیہ خوردند غوط
گر بگویم از جمادات جہان — عاقلانہ یاری پیغمبران
مثنوی چندان شود کہ چل شتر — گر کشد عاجز شود از بار بر

[سلہ] جلد آ بلقیس ورنہ ہو برا — دشمن اور باغی ہو سب لشکر ترا
پردہ دار ابتر ترے در کو کرے — جان تیری دشمنی تجھسے رکھے
[سلہ] سارے ذرات زمین و آسمان — حق کے لشکر ہین بوقت امتحان
باد کو دیکھا کیا کیا عاد سے — آب کو دیکھا کہ کیا طوفان رکھے
جو کچھ اس دریا نے فرعون پر کیا — اور زمین نے جو کہ قارون پر کیا
جو کیا ابابیل نے اس پیل سے — جو کیا مچھر نے اس نمرود سے
پھینکا جو داؤد نے اس سنگ کو — مارا لشکر تین سو ٹکڑے وہ ہو
سنگ برسے دشمنوں پر لوط کے — تا وہ غرق آب سیہ ہو گئے
ہین جمادات جہان کی یاوری — گر کہوں پیغمبروں سے جو کری
[سلہ] اسقدر ہو مثنوی کہ نہ اٹھے — وہ اگر چالیس اونٹوں پر لدے

سلہ جلد آ الخ ۲ شعر اے بلقیس جلد آ ورنہ برا ہووے باغی و دشمن سب لشکر تیرا ہووے پردہ دار تیرے دروازے کو ابتر کرے اور تیری جان تجھسے دشمنی رکھے آگے اس کے حقائق ہین فافہم ۱۲ سلہ سارے الخ ے شعر سب ذرات زمین و آسمان کے لشکر حق کے ہین وقت امتحان کے باد کو دیکھا کہ کیا کیا عاد سے و آب کو دیکھا کہ کیا کیا طوفان رکھتا ہے جو کچھ اس دریا نے فرعون پر کیا اور زمین نے جو کہ قارون پر کیا جو کیا ہے ابابیل نے اس پیل سے جو کیا اس مچھر نے نمرود پر جو داؤد نے اس سنگ کو پھینکا تو مارا لشکر کو تین سو ٹکڑے ہو کر لوط کے دشمنوں پر سنگ برسے تاکہ وہ غرق آب سیاہ ہو گئے ہین جمادات جہان کی مددگاری اگر کہوں جو پیغمبروں سے کی ہے یعنی سب موجودات جہان حق کے لشکر ہین کہ اسکے حکم سے باغیان حق کے ساتھ کیا کیا کچھ کیا آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲ سلہ اسقدر الخ ۶ شعر اسقدر مثنوی ہووے کہ نہ اٹھے اگر وہ چالیس اونٹ پر لدے جبکہ کافر پر گواہی دست و پا دیوے وہ حق کا لشکر ہووے اور یہ کافر ہووے اسے منکر ہونے والے حق سے فعل مین تو درمیان اسکے لشکر کے ہے خوف کر تیرا جزو جزو اُسکے لشکر کا لشکر مطیع ہے اب اطاعت سے وہ تیرا مطیع ہے اگر وہ کہے چشم کو پر درد ہووے اور وہ درد سو مغز تجھ سے نکالے اگر دانتوں سے کہے کہ تم وبال لاؤ تو دانتوں سے گوشمال دیکھے یعنی جیسے جماد حق کے حکم مین ہین اُسی طرح تیرے جزو جزو بھی سب حق کے لشکر ہین جسکو وہ حکم دے وہ وبال لائے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

دست بر کافر گواہی میدہد | لشکر حق میشود سر می نہد
دست کافر پہ گواہی جبکہ دے | حق کا لشکر ہووے وہ یہ سر رکھے

ای نمودہ ضد حق در فعل درس | درمیان لشکر اوئی بترس
حق سے ای ضد کرنیوالے فعل پر | درمیان لشکر کے ہو تو اسکے ڈر

جزو جزوت لشکر او در وفاق | مر ترا اکنون مطیع اند از نفاق
تیرا جز جز لشکر اسکا ہے مطیع | اب بغاوت سے وہ تیرا ہے مطیع

گر بگوید چشم را کو را افشار | درد چشم از تو برآرد صد دمار
گر کہے وہ چشم کو پر درد ہو | سو نکالے مغز تجھسے درد وہ

گر بدندان گوید او بنما وبال | پس ببینی تو ز دندان گوشمال
گر کہے دانتوں کو تم لاؤ وبال | دیکھے تو دانتوں سے از بس گوشمال

باز کن طب را بخوان باب العلل | تا ببینی لشکر تن را عمل
کھول[١] تو طب کو پڑھ باب العلل | تا تو دیکھے لشکر تن کا عمل

چونکہ جان جان ہر جزوت ویست | دشمنی با جان جان آسان کی است
جان کی جان ہر جزو کی تیری وہ ہے | دشمنی کب سہل جان کی جان سے

خود رہا کن لشکر دیو و پری | کز میان جان کنندم صفدری
لشکر دیو و پری سے تو گذر | کہ کروں میں جان میں تیرے اثر

ملک را بگذار بلقیس از نخست | چون مرا یابی ہمہ ملک آن تست
چھوڑ اسے بلقیس پہلے ملک کو | مجھکو پائے ملک وہ سب ملک ہو

خود بدانی چون بر من آمدی | کہ تو بے من نقش گرمابہ بدی
جانے تو خود پاس میرے آئے جو | نقش تھی حمام کی بے میرے تو

نقش اگر خود نقش سلطان غنیست | صورتست از جان خود بی چاشنیست
نقش ہے گر نقش سلطان غنی | ہے وہ صورت جان سے بے چاشنی

زینت او از برای دیگران | باز کردہ بیہدہ چشم و دہان
زینت اسکی دوسروں کے واسطے | آنکھ منھ بیہودہ کھولا کس لئے

اے کہ در بیگار خود را باختہ | دیگران را تو ز خود نشناختہ
تو نے[٢] اک بیگاری اپنے کو کیا | دوسروں کو خود سے نے جانا ذرا

تو بہر صورت کہ آئی بیستی | کہ منم این واللہ آن تو نیستی
آیا جس صورت پہ تو قائم رہا | کہ یہ میں ہوں واللہ نے تو وہ ذرا

یکزمان تنہا بمانی تو ز خلق | در غم و اندیشہ مانی تا بحلق
خلق سے تنہا تو گر دم بھر رہے | فکر و غم میں حلق تک تو غرق ہے

این تو کے باشی کہ تو آن واحدی | کہ خوش و زیبا و سرمست خودی
تو یہ کب ہے بلکہ وہ واحد تو ہے | کہ خوش و زیبا و سرمستی رکھے

مرغ خویشی صید خویشی دام خویش | صدر خویشی فرش خویشی بام خویش
مرغ اپنا صید اپنا اپنا دام | صدر اپنا فرش اپنا اپنا بام

جوہر آن باشد کہ قائم با خودست | آن عرض باشد کہ فرع او شدست
وہ ہی جوہر جو کہ قائم آپ ہے | وہ عرض ہے جو کہ وہ شاخ اک بنے

سـ١ـہ کھول الخ ٧ شعر تو طب کھول اور باب مرض کا پڑھ تاکہ تو لشکر تن کا عمل دیکھے تیرے ہر ایک جزو کی جان وہ ہی ہے کب دشمنی سہل ہے جان کی جان سے یعنی جان کی جان خدا ہے آگے رجوع بقصہ ہے تو لشکر دیو و پری سے گذر کہ میں تیری جان میں اثر کروں اسے بلقیس پہلے ملک کو چھوڑ دے جو تو مجھکو پائے وہ سب ملک ملک تیری ہووے تو خود کو جانے جو میرے پاس آئے کہ تو ایک نقش حمام کا بغیر میرے تھی اگر سلطان کا نقش ہے تو وہ ایک نقش ہے پس وہ صورت ہے اور جان سے بے چاشنی ہے اس کی زینت دوسروں کے واسطے ہے اور ہاتھ منھ بیہودہ کس واسطے کھولا یعنی اگر تو میرے پاس آئے تو خود کو پہچانے ورنہ تو مثل ایک نقش کے بے جان ہے باقی حال اسکا آگے ہے فافہم ١٢ سـ٢ـہ تو نے الخ ٢ شعر تو نے خود کو ایک بیگاری کہا دوسروں کو خود سے ذرا نہیں جانا یعنی وہ بھی تو ہی کہے تو جس صورت پر آیا قائم رہا کہ میں یہ ہوں اور واللہ تو وہ ذرا نہیں ہو اگر تو دم بھر میں خلق سے تنہا رہے فکر و غم میں حلق تک تو غرق ہے آگے حقائق میں یہ تو کب ہے بلکہ تو وہ واحد ہے کہ خوش و زیبا و سرمستی رکھتا ہے مرغ اپنا و صید اپنا و دام اپنا و صدر اپنا و فرش اپنا و بام اپنا وہ جوہر ہے کہ جو قائم خود ہے اور وہ عرض ہے جو ایک شاخ بنتا ہے یعنی تو خود ذات حق ہے اور خود کو مثل دوسروں کے بیگاری جانتا ہے باقی حال آگے ہے فافہم ١٢

گر تو آدم زادۂ چون او نشین / جملہ ذرات را در خود ببین
چیست اندر خم کہ اندر نہر نیست / چیست اندر خانہ کاندر شہر نیست
این جہان خم ست و دل چون جوی آب / این جہان حجرست و دل شہر عجاب

گر ہے آدم زاد تو مثل اسکے بیٹھ / جملہ ذرون کو تو اندر اپنے دیکھ
خم مین کیا ہے جو نہین ہے نہر مین / گھر مین کیا ہے جو نہین ہے شہر مین
یہ جہان خم اور دل جون نہر ہے / یہ جہان گھر اور دل چون شہر ہے

ظاہر گردانیدن سلیمان ؑ کہ خالصًا لامر اللہ جہد است در ایمان تو یک ذرہ غرضے نیست مرا نہ در نقش تو و نہ در حسن تو و نہ در ملک تو چون چشم جانت باز شود خود بہ بینی

ظاہر کرنا سلیمان ؑ کا کہ خاص واسطے اللہ کے کوشش ہے اور تیرے ایمان مین ایک ذرہ مجکو غرض نہین ہے نہ تیرے نقش مین نہ تیرے حسن مین اور نہ تیرے ملک مین جب کہ آنکھ جان تیری کی کھلے گی تو خود دیکھ لیگی

ہین بیا کہ من رسولم دعوتی / چون اجل شہوت کشم نی شہوتی
ور بود شہوت امیر شہوتم / نے اسیر شہوت روی بتم
بت شکن بودست اصل اصل ما / چون خلیل حق و جملہ انبیا
گر درآیم از رہی در بتکدہ / بت سجود آرد نہ ما در معبدہ

جلد آ کہ مین نبی ہون دعوتی / توڑون شہوت جیسے اجل نے شہوتی
گر ہو شہوت مین ہون شہوت کا امیر / نہ ہون لوٹے بت نہ شہوت کا اسیر
بت شکن ہے اصل کی اصل امری / چون خلیل اللہ اور جملہ نبی
بتکدے مین آؤن گر مین آپ سے / بت کرے معبد مین سجدہ بس مجھے

سلہ گر ہے آخ ۳ شعر اگر تو آدم زاد ہے اسکے مانند بیٹھ اور سب ذرون کو اپنے اندر دیکھ آگے اسکی مثال ہے خم مین کیا ہے جو کہ نہر مین نہین ہے گھر مین کیا ہے جو کہ شہر مین نہین ہے یہ جہان خم ہے اور دل مانند نہر کے ہے یہ جہان گھر ہے اور دل مانند شہر کے ہے یعنی جو ذات اُسکی تمام جہان مین پر ہے وہ ہی جسم انسان مین ہے مگر ہر جا ایک کے ساتھ ظہور کرتی ہے جیسے تابش آفتاب کی ہر ایک جا پر ہے مگر ذرے مین چمکتی ہے اسی طرح ذات حق کی ہر ایک شے مین ہے مگر انسان مین اور ہی چمک دکھاتی ہے الا اسکے دیکھنے کو چشم باطن چاہیئے یہ توحید ہے آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲ سلہ جلد آ آخ ۲ شعر اے بلقیس جلد آ کہ مین پیغمبر اہل دعوت ہون شہوت توڑتا ہون مانند اجل کے اور اہل شہوت نہین ہون اگر شہوت ہو مین شہوت کا امیر ہون نہ روے بت و نہ شہوت کا اسیر ہون میری اصل کی اصل بت شکن ہے مانند خلیل اللہ کے و جملہ انبیا کے بتکدے ہین اگر مین آپ سے آؤن بت معبد مین سجدہ مجھکو کرے یعنی مولانا مقام تشبیہ سے تنزیہ کی جانب جانا بیان فرماتے ہین آگے اسکے حقائق ہین بتخانہ مین احمد صلعم اور ابو جہل گئے اس جانے اور اُس جانے مین فرق ہے وہ آئین بت اُنکو سجدہ کرین اور اگر یہ آئے بت کو یہ سجدہ کرے مانند امت کے جہان شہوتی بتخانہ ایک ہے اور انبیا کفار کا گھر ہے یعنی دنیا ایک بتخانہ ہے انبیا و کفار دونون اُس مین رہتے ہین مگر فرق دونون مین اتنا ہے کہ دنیا انبیا کی تابعدار ہے اور کفار دنیا کے فرمانبردار ہین آگے اس کی مثال ہے فافہم ۱۲

فارسی	فارسی	اردو	اردو
احمد و بوجہل در بتخانہ رفت	زین شدن تا آن شدن فرقیست زفت	دیر مین بوجہل و احمد بس گئے	فرق اُس جانے مین اس جانے مین ہے
این در آید سر نہند اورا بتان	آن در آید سر نہد چون امتان	آئین وہ سجدہ کرین انکو بتان	آئے یہ سجدہ کرے جون امتان
این جہان شہوتے بتخانہ ایست	انبیا و کافران را لانہ ایست	ہے جہان شہوتی بتخانہ ایک	انبیا کفار کا کاشانہ ایک
لیک شہوت بندۂ پاکان بود	زر نہ سوزد زانکہ نقد کان بود	پر یہ شہوت بندۂ پاکان ہے	نے جلے زر کیونکہ نقد کان ہے
کافران قلب اند و پاکان ہمچو زر	اندرین بوتہ درند این دو نفر	کھوٹا زر کافر ہین پاکان مثل زر	اس کٹھالی مین ہین یہ دونون نفر
قلب چون آمد سیہ شد در زمان	زر در آمد زری او شد عیان	کھوٹا زر آئے سیہ ہو اُس زمان	زر کھرا آئے کھرا پن ہو عیان
دست و پا انداخت اندر بوتہ زر	در رخ آتش ہمی خندہ چو خور	اس کٹھالی مین وہ مارے دست و پا	اور ہنسے جون خور وہ آتش مین پڑا
جسم ما روپوش باشد در جہان	ما چو دریا زیر این کہ در نہان	تن مرا روپوش ہے اندر جہان	مثل دریا زیر کہ ہون مین نہان
شاہ دین را منگر ای نادان بطین	کین نظر کردست ابلیس لعین	شاہ دین کو دیکھ مت مٹی سے تو	کہ نظر حاصل تھی یہ ابلیس کو
کے توان اندود این خورشید را	با کفے گل تو بگو آخر مرا	کب کرے آلودہ اس خورشید کو	ایک مٹھی خاک سے کہہ مجھکو تو
گر بریزی خاک و صد خاکستر ش	بر سر نورا و بر آید بر سرش	گر تو پھینکے خاک اُس کے نور پر	خاک وہ تجھ پر پڑے وہ لوٹکر
کہ کہ باشد کہ بپوشد روے آب	طین کہ باشد کہ بپوشد آفتاب	کاہ کیا ہے کہ چھپائے روے آب	مٹی کیا ہے کہ چھپائے آفتاب
خیز بلقیسا چو ادہم شاہ وار	دود از این ملک سہ روزہ برآید	اُٹھ تو اے بلقیس ادہم کی مثال	ملک فانی کی ہوس سے نکال

بقیہ قصۂ ابراہیم ادہم روح اللہ روحہ | باقی قصۂ ابراہیم ادہم روح اللہ روحہ کا

فارسی	فارسی	اردو	اردو
بر سر تختے شنید آن نیکنام	طقطقے وہائے ہوئے شب ز بام	رات کو اُسنے سنا بس تخت پے	ہائے ہوا اور کھٹ کھٹاہٹ بام سے
گامہاے تند بر بام سرا	گفت با خود این چنین زہرہ کرا	دلمین سوچا کہ یہ طاقت کسکو ہے	کہ کرے یہ کام مشکل بام سے
بانگ زد بر روزن قصر کہ کیست	این نباشد آدمی مانا پریست	روزن خانہ سے بس آواز دی	کون ہے نے آدمی بل ہے پری

سلہ پر یہ شہوت الخ ۶ شعر و لیکن یہ شہوت پاکون کی بندہ ہے زر نہین جلتا ہے کیونکہ نقد کان ہے کافر کھوٹا زر و پاک مثل زر خالص کے ہین اس کٹھالی دنیا مین یہ دونون زر ہین اگر کھوٹا زر آئے سیاہ اسدم ہووے اور اگر کھرا زر آئے کھرا پن عیان ہووے اس کٹھالی مین وہ ہاتھ پانون مارے اور ہنسے مانند خورشید کے آتش مین پڑا میرا بدن روپوش جہان مین ہے اور مانند دریا کے زیر کاہ پوشیدہ ہون شاہ دین کو تو مٹی سے مت دیکھ کہ یہ نظر ابلیس کو حاصل تھی باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ سلہ کب کرے الخ ۴ شعر کب آلودہ کرے اُس خورشید کو ایک مٹھی خاک سے تو مجھ کو کہ اگر تو خاک اُس کے نور پر پھینکے وہ خاک تجھ پر لوٹ کر پڑے کاہ کیا ہے کہ روے آب کو چھپائے مٹی کیا چیز ہے کہ آفتاب کو چھپائے اے بلقیس تو اُٹھ ادہم کے مانند اور ملک فانی کی ہوس سر سے نکال یعنی اولیاء اللہ کو ایک بشر تو مشت خاک سے نہ جان آگے ابراہیم ادہم کا قصہ ہے فافہم ۱۲ سلہ رات کو الخ ۳ شعر رات کو اُسنے ایک تخت پر سنا ہاے ہوا و کھٹ کھٹاہٹ بام سے دل مین سوچا کہ یہ کسکو طاقت ہے کہ یہ مشکل کام بام پر کرے پس روزن خانہ سے آواز دی کہ کون ہے تو آدمی نہین بلکہ پری ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

سر فرو بردند قومے بوالعجب	ما همی گردیم شب بهر طلب
هین چه می جوئید گفتند اشتران	گفت اشتر بام بر که جست آن
پس بگفتندش که بر تخت جاه	تو همی جوئی ملاقات اله
خود همان بد دیگر او را کس ندید	چون پری از آدمی شد ناپدید
معنیش پنهان و او در پیش خلق	خلق کی بینند غیر ریش و دلق
چون ز چشم خویش و خلقان دور شد	همچو عنقا در جهان مشهور شد
جان سیمرغے که آمد سوے قاف	جملهٔ عالم ازو بافند لاف
چون رسید اندر سبا آن نور شرق	غلغلے افتاد در بلقیس و خلق
روحهاے مرده جمله پر زدند	مردگان از گور تن سر بر زدند
یک دگر را مژده میدادند هان	یک ندائے میرسد از آسمان
زان ندا دینها همی گردد گبر	شاخ و برگ دل همی گردد سبز
از سلیمان آن نفس چون نفخ صور	مردگان را وا رهانید از قبور
مر ترا بادا سعادت بعد ازین	غم گذشت والله اعلم بالیقین

چھانٹ کر اُس قوم نے کی گفتگو	ڈھونڈھتے پھرتے ہیں ہم سب رات کو
ڈھونڈھتے کیا ہو کہا ہم اونٹ کو	بولا چھت پر اونٹ کب تلاش ہو
بولے وہ کہ تخت شاہی پر سدا	کس طرح ڈھونڈھے تو ہو وصل خدا
خود وہی تھا نے کسیکو وہ دکھا	جون پری تھا آدمی سے چھپ گیا
معنی پنہان اور وہ ہے پیش خلق	خلق کب دیکھے سوائے ریش و دلق
خود سے اور مخلوق سے جو دور ہو	مثل عنقا سب میں وہ مشہور ہو
جان سیمرغ آئے جو کہ قاف کو	جملہ عالم اُس پے مارے لاف کو
جبکہ پہونچا وہ سبا میں نور شرق	شور بس کرنے لگے بلقیس و خلق
روح سب مردون کی خوش خرم ہوئی	زندگی مردون کو گور میں ملی
دیتے آپس میں مبارکبادیان	کہ یہ پہونچی ہے ندائے آسمان
رونق دین اس ندا سے کرتے تھے	شاخ دل کو سبز ابھی کرتے تھے
پس سلیمان سے وہ دم جون نفخ صور	زندہ مردون کو کرے اندر قبور
بعدہٗ تجکو سعادت ہو یہین	غم گیا واللہ اعلم بالیقین

بقیہ قصہ اہل سبا و ارشاد سلیمان عم مر آل بلقیس را کہ ہر یکی اندر خود و مشکلات

باقی قصہ اہل سبا کا اور ارشاد کرنا سلیمان عم کا قوم بلقیس کو کہ ہر ایک خود میں و مشکلات

سلہ ۵۱ چھانٹ کر آخر ۲ شعر اُس قوم نے چھانٹ کر گفتگو کی کہ ہم سب ڈھونڈھتے پھرتے ہیں رات کو کیا ڈھونڈھتے ہو کہا ہم اونٹ کو ڈھونڈھتے ہیں اس نے کہا چھت پر کب تلاش ہوتا ہے اُنھون نے کہا کہ تخت شاہی پر کس طرح ڈھونڈھتا ہے وصل خدا کا آگے اس کے حقائق ہیں خود وہی تھا اور کسیکو وہ نہ دکھا پری کے مانند آدمی سے وہ چھپا معنے پوشیدہ اُس کا اور وہ آگے خلق کے خلق کب دیکھتی ہے بجز ریش کے اور لباس کے جو خود سے و مخلوق سے دور ہو عنقا کے مانند وہ سب میں مشہور ہو یعنی بام پر جو تلاش شتر کرتی تھی وہ خود ذات تھی کہ مثل بشر ہو کر آئی تھی باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ سلہ ۵۲ جان سیمرغ آخر ۲ شعر جو جان سیمرغ کوہ قاف کو آئے تمام عالم اُس پر لاف مارتا ہے جبکہ وہ سبا میں نور شرق پہونچا پس شور کرنے لگی بلقیس و خلق اللہ یعنی جناب رسول مقبول صلعم جبکہ سبا ناسوت میں آئے سب مشتاق ہوئے و خلق مثل سبا کے شور و غل کرنے لگی مردون کی روح خوش و خرم ہوئی مُردون نے زندگی گور تن میں پائی آپس میں مبارکبادیان دینے لگے کہ یہ ندائے آسمانی پہونچی ہے رونق دین کی اُس ندا سے کرتے تھے اور اپنی شاخ دل کو سبز کرتے تھے پس سلیمان علیہ السلام سے وہ دم مانند نفخ صور کے مردون کو کرنے اندر قبور کے یعنی جناب رسول مقبول صلعم کے تشریف لانے سے دنیا میں مردہ دل زندہ ہوتے تھے بعدہ تجکو سعادت یہیں ہو غم گیا اللہ خوب جانتا ہے ساتھ یقین کے آگے قصہ اہل سبا کے حقائق میں ہے فافہم ۱۲

دین دیدہ کشایند وصید کردن ہر مرغ را بصفیر ہمان جنس مرغان

دین مین نظر کرین اور شکار کرنا ہر مرغ کا اُسی جنس کے مرغون کی صفیر سے

قصہ گویم از سبا مشتاق وار	چون[۵۱] آمد بسوے لالہ زار	کہتا ہون[۵۱] قصہ سبا مشتاق وار	جون صبا آیا بسوے لالہ زار
لاقت الاشباح یوم وصلہا	عادت الاولاد صوب اصلہا	لاقت الاشباح یوم وصلہا	عادت الاولاد صوب اصلہا
		ملاقات کی بدنون نے روز وصل اپنے کے	عود کیا اولاد نے طرف اصل اپنی کے ۱۲
امة العشق خفی فی الامم	مثل جود حولہ یوم السقم	امة العشق خفی فی الامم	مثل جود حولہ یوم السقم
		گروہ عاشقونکا پوشیدہ ہے آدمیون مین ۱۲	مانند اُس سخی کے کہ گرد اُسکے رنج وملامت ہے
ذلة الارواح من اشباحہا	عزة الاشباح من ارواحہا	ذلة الارواح من اشباحہا	عزة الاشباح من ارواحہا
		خواری جانون کی انکے جسمون سے ہے ۱۲	ارجمندی جسمون کی انکی ارواح سے ہے ۱۲
ایہا العشاق السقیا لکم	انتم الباقون والبقیا لکم	ایہا العشاق السقیا لکم	انتم الباقون والبقیا لکم
		اے عاشقو پینا شراب محبت کا تمھارے لئے ہے ۱۲	تم ہمیشہ رہوگے اور ہمیشگی تمھارے لئے ہے ۱۲
ایہا الشابون قوموا واعشقوا	ذاک ریح یوسف فاستنشقوا	ایہا الشابون قوموا واعشقوا	ذاک ریح یوسف فاستنشقوا
		اے جوانو کھڑے رہو اور عاشق ہو ۱۲	وہ عشق بوے یوسف ہے پس سونگھو اس بو کو ۱۲
منطق الطیر سلیمانی بیا	بانگ ہر مرغے کہ آید می سرا	منطق[۵۲] الطیر سلیمانی تو آ	بانگ مرغون کو کہ جو آئے سُنا
چون بمرغانت فرستادست حق	لحن ہر مرغے بدادستت سبق	بھیجا حق نے پاس مرغونکے تجھے	لحن مرغون کا دیا پہلے سے تجھے
مرغ جبری را زبان جبر گو	مرغ پر اشکستہ را از صبر گو	مرغ جبری کو تو کہہ بس جبر سے	مرغ پر ٹوٹے کو کہہ تو صبر سے

۵۱ کہتا ہون الخ ۲ شعر قصہ سبا کا کہتا ہون مشتاق کے مانند کہ صبا کے مانند آیا طرف لالہ زار کے ترجمہ ملاقات کی بدنون نے بروز وصل اپنے کے عود کیا اولاد نے طرف اصل اپنی کے ترجمہ گروہ عاشقون کا پوشیدہ ہے آدمیون مین مانند اُس سخی کے کہ گرد اُس کے رنج وملامت ہے ترجمہ خواری جانون کی ان کے جسمون سے ہے ارجمندی جسمون کی ارواح انکی سے ہے ترجمہ اسے عاشقو شراب محبت کا پینا تمھارے لئے ہے تم ہمیشہ رہوگے اور ہمیشگی تمھارے لئے ہے ترجمہ لئے جوانو کھڑے ہو اور عاشق ہو وہ عشق بوے یوسف ہے پس سونگھو اس بو کو باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

۵۲ منطق الطیر آہ ۴ شعر اے منطق الطیر سلیمانی تو آ بانگ مرغون کی کہ جو آئے سُنا یعنی وحی الٰہی جو آئے ہم کو سُنا تجھ کو مرغون کے پاس بھیجا اللہ نے اور لحن مرغون کا اول تجھ کو دیا مرغ جبری کو زبان جبری سے کہہ مرغ پر ٹوٹے کو صبر سے کہہ مرغ صابر کو تو خوش رکھ اور معاف مرغ عنقا کو سنا اوصاف قاف سے ہر ایک کی زبان مین یا رسول اللہ تم راز الٰہی سنادو کہ تا تسکین ہووے باقی حال اس کا آگے ہے فافہم ۱۲

مرغ صابر را تو خوش دار و معاف
مرغ عنقا را بخوان اوصاف قاف

مر کبوتر را حذر فرما ز باز
باز را از حلم گو و احتراز

وان خفاشی را که ماند او بینوا
می کنش با نور جفت و آشنا

کبک جنگی را بیاموزان تو صلح
مر خروسان را نما اشراط صبح

همچنین میرو ز هدهد تا عقاب
ره نما والله اعلم بالصواب

مرغ صابر کو تو خوش رکھ اور معاف
مرغ عنقا کو سنا اوصاف قاف

اور کبوتر کو بچا تو باز سے
باز کو رکھ باز حلم و ساز سے

اور چمگادڑ کو جو ہے بینوا
کر موافق نور سے اور آشنا

کبک جنگی کو سکھا دے صلح تو
اور بتا مرغوں کو شرط صبح تو

اسطرح ہدہد سے جا تو تا عقاب
رہ نما واللہ اعلم بالصواب

آزاد شدن بلقیس از ملک و مست شدن او از شوق ایمان و التفات او از ہمہ ملک منقطع شدن الا از تخت

آزاد ہونا بلقیس کا ملک سے اور مست ہونا اسکا شوق ایمان سے اور رجانا اسکے التفات کا سب ملک سے الا تخت سے باقی رہنا

چون سلیمان سوی مرغان سبا
یک صفیری کرد بست آن جمله را

جز مگر مرغی که بیجان بود و پر
یا چو ماهی گنگ بود از اصل کر

نی غلط گفتم که کر گر سر نهد
پیش وحی کبریا سمعش دهد

چونکه بلقیس از دل و جان عزم کرد
بر زمان رفته هم افسوس خورد

ترک مال و ملک کرد او آنچنان
که بترک نام و ننگ آن عاشقان

آن غلامان و کنیزان بناز
پیش چشمش همچو پوسیده پیاز

سوے مرغان سبا کر کے صفیر
اس سلیمان نے کیا سبکا اسیر

ان سوا مرغوں کے جو بیجان تھے
یا تھے بہرے مثل مچھلی اصل سے

نے غلط بولا جو بہرا سر رکھے
وحی کے آگے حق اسے شنوائی دے

عزم دل سے جو کیا بلقیس نے
کھایا افسوس اور گذشتہ عمر پے

چھوڑا ملک و مال اسنے آپ سے
چھوڑتا جون ننگ و نام عشاق ہے

وہ غلام اور لونڈیان با حسن و ناز
آگے اسکے مثل بوسیدہ پیاز

۵۱ اور کبوتر آنکہ شعر کبوتر کو باز سے تو بچا اور باز کو کھلا رکھ علم و ساز سے اور چمگادڑ کو جو بے نوا ہے موافق اور آشنا کر نور سے کبک جنگی کو صلح سکھا دے اور مرغون کو بتا دے شرط صبح کی اس طرح ہدہد سے عقاب تک راہ بتلا اللہ خوب جانتا ہے یعنی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تم عام سے خاص تک سب کو راستی عنایت کرو آگے رجوع بقصہ ہے جانب مرغان سبا کے آواز دے کر اس سلیمان علیہ السلام نے سب کو اسیر کیا ان مرغون کے سوا جو کہ بیجان تھے یا بہرے تھے مانند مچھلی اصل سے ہین نے غلط نہین کہا کہ جو بہرا سر رکھے وحی کے آگے حق اسے شنوائی دے یعنی جو کوئی گوش شنوا نہین رکھتا ہے اگر وہ وحی الٰہی سے آگے سر رکھے حق اس کو گوش شنوا عنایت کرے آگے بلقیس کا حال ہے فافہم ۱۲ ۵۲ عزم آخ ہم شعر جو بلقیس نے از دل و جان دل سے کیا اور گذشتہ عمر پر افسوس کھایا اس نے ملک و مال آپ سے چھوڑا جیسے عاشق ننگ و نام چھوڑتے ہین وہ غلام وہ لونڈی سب سراپا ناز اس کے آگے مانند پیاز بوسیدہ کے تھے باغ اور محل اور آب روان عشق کے سبب سے ایک بھی نظاہر دیکھتے تھے آگے اس کے حقائق ہین فافہم ۱۲

باغہا و قصرہا و آب رود — پیش چشم از عشق گلخن می نمود
عشق در ہنگام استیلا و خشم — زشت گرداند لطیفان را بچشم
مر زمرد را نماید گندنا — غیرت عشق این بود معنی لا
لا الہ الا ہو اینست اے پناہ — کہ نماید مہ ترا دیگ سیاہ
ہیچ آل و ہیچ مخزن ہیچ رخت — مے دریغش آمد الا جز کہ تخت
پس سلیمان از دلش آگاہ شد — کز دل او تا دل او راہ بد
آن کسی کو بانگ مرغان بشنود — از ضمیر ہر یکے واقف بود
نالۂ مخفی موران بشنود — ہم فغان سر دوران بشنود
آنکہ گوید رمز قالت نملۃ — ہم بداند رمز این طاق کہن
دید از دورش کہ آن تسلیم کیش — تلخش آمد فرقت آن تخت خویش
گر بگویم آن سبب گردد دراز — کہ چرا بودش بہ تخت آن عشق ساز
گرچہ این کلک و قلم خود بیحس است — نیست جنس کاتب او را مونس است
ہمچنین ہر آلت پیشہ ورے — ہست بیجان مونس ہر جانورے
این سبب را من معین گفتمی — گر نبودے چشم فہمت را نمی
از بزرگی تخت کز حد میفزود — نقل کردن ہیچ نوع امکان نبود
خردہ کارے بود تفریقش خطر — ہمچو اوصال بدن بایکدگر
پس سلیمان گفت گرچہ فی الاخیر — سرد خواہد شد برو تاج و سریر

باغ اور محلات اور آب وان — عشق سے دکھتے تھے اک گلخن عیان
سلہ عشق وقت جوش اپنے خشم سے — بد دکھاتا نیک کو ہے آنکھ سے
اور زمرد کو دکھائے گندنا — عشق کی غیرت ہے یہ معنی لا
لا الہ الا ہو ہے اے پناہ — کہ دکھے مہ تجکو اک دیگ سیاہ
کچھ خزانہ مال اور کچھ رخت سے — نے تھا افسوس اسکو الا تخت سے
دل سے آگاہی سلیمان کو ہوئی — اُسکے دل سے اُسکے دل تک راہ تھی
سلہ وہ کوئی کہ بانگ مرغونکی سنے — ہر ضمیر دل سے آگاہی رکھے
چونٹیوں کا نالۂ مخفی سنے — شور اسرار زمانہ بھی سنے
جو کہ کہوے رمز قالت نملۃ — پس وہ جانے رمز بھی طاق کہن
سلہ دور سے دیکھا فراق تخت جو — تھا گران اس صاحب تسلیم کو
گر کہوں اسکا سبب ہووے دراز — کس لئے وہ تخت سے تھی عشقباز
گرچہ یہ کلک و قلم نے حس رکھے — جنس نے کاتب کا مونس اسکا ہے
ایسے ہی ہر آلہ اہل کسب کا — مونس اہل جان کا بیجان ہوا
اس سبب کو میں معین کہتا اگر — تمکا چشم فہم نے رکھتی اثر
سلہ تھا بزرگی میں وہ تخت از حد سوا — اور کسی نوع سے وہ جا سکتا نہ تھا
تھا مرصع ڈر بگڑ جانے کا تھا — جیسے باہم عضو ہے اک دوسرا
پس سلیمان بولے گرچہ تخت سے — انتہا میں ہوگی نفرت بس اُسے

چون ز ترک فکر این عاجز شدی / از گنہ آنگاہ ہم عاجز بدی
چون بدی عاجز پشیمانی ز چیست / عاجزی را باز جو کز جذب کیست
عاجزی بے قادری اندر جہان / کس ندیدست و نباشد این بدان

تونے[1] کوشش سے کیا جو کام ہو / عیب اسکا چھپ گیا اور تیرے
اس لئے تو کام مین پڑ سکتا ہو / کہ چھپایا تجھسے عیب اللہ نے
ایسی ہی ہر فکر کہ گرم اس سے تھا / تجھسے عیب اس فکر کا پنہان ہوا
تجھسے ظاہر ہو تا گر وہ عیب و شین / بھاگتی جان تیری بعد المشرقین
حال کے آخر پشیمان اس سے ہو / گر یہ اول حال ہو کب جائے وو
پہلے مخفی جان ہماری پر رکھا / تا کرین وہ کام از روئے قضا
حکم حق ظاہر قضا نے جو کیا / کھل گئین آنکھین ندامت سے بلا
وہ[2] ندامت اک قضا ہی دوسری / پس ندامت چھوڑ پہونچ حق کو تی
گر تو نادم ہونے کی عادت کرے / اس ندامت سے تو نادم تر رہے
تیری عمر آدھی پریشانی مین جائے / دوسری آدھی پشیمانی مین جائے
ترک اس فکر و ندامت کو کرو / ڈھونڈھ حال و کار یار نیک کو
گر نہ تیرے ہاتھ کار نیک ہی / فوت پر تجھکو ندامت کس لئے
پس[3] تو راہ نیک کو ہے جانتا / گر نہ جانے جانے کیونکر ہے برا
بد نہ جانے تا نہ جانے نیک کو / ضد کو ضد سے دیکھ سکتا ہی جو تو
جب تو ترک فکر سے عاجز ہوا / تب گنہ سے اس گھڑی عاجز ہوا
جب ہوا عاجز ندامت کس سے ہی / عاجزی بتلا ہی کس کے جذب سے
عاجزی بے قادری اندر جہان / نہ کسی نے دیکھی نہ ہووے عیان

[1] تونے الخ ۲ شعر جو تونے کوشش سے کام کیا ہو اسکا عیب تجھپر چھپ گیا ہو تو اس لئے کام مین پڑ سکتا ہو کہ عیب اسکا تجھسے اللہ نے چھپایا ہے ایسے ہی ہر ایک فکر کہ اس سے گرم تھا عیب اس فکر کا تجھسے پوشیدہ ہوا تھا اگر تجھپر عیب و رنج ظاہر ہوتا تا تیری جان بھاگتی اس سے بعد المشرقین وہ حال کہ آخر اس سے پشیمان ہو اگر یہ حال اول ہو کب وہ جائے اول ہماری جان پر مخفی رکھا تا وہ کام از روئے قضا کے ہم کرین جبکہ حکم قضا سے ظاہر کیا آنکھین کھل گئین اور ندامت ملی یعنی اللہ نے عیب ہر کام کا پوشیدہ رکھا ہے بعد کام کے اس کے عیب سے انسان نادم ہوتا ہے اگر وہ عیب اول معلوم ہوتا ہر ایک اس کام سے بھاگتا آگے اس کا بیان ہے فافہم !!

[2] وہ ندامت الخ ۵ شعر وہ ندامت اک قضا دوسری ہی پس تو وہ ندامت چھوڑ اور حق کو پہونچ اگر تو نادم ہونیکی عادت کرے اس ندامت سے نادم تر رہے تیری آدھی عمر پریشانی مین گذری آدھی پشیمانی مین جائے پس تو اس فکر و ندامت کو ترک کر اور حال و کام و یار نیک کو ڈھونڈھ اگر تیرے ہاتھ کام نیک نہین ہے تو اس کام کے فوت ہونے پر نادم کسواسطے ہی یعنی اگر کام نیک تیرے اختیار مین نہین ہی تو تجھے اسکے فوت ہو جانے پر ندامت کسواسطے ہوتی ہی اس سے ثابت ہوا کہ کام نیک تیرے اختیار مین ہی اسواسطے تو اسکے فوت ہو جانے سے نادم ہوتا ہی پس تجھکو چاہیے کہ کار نیک مین تو کوشش کر آگے اسکا بیان ہی فافہم !! [3] پس تو الخ ۲ شعر پس تو راہ نیک کو جانتا ہی اگر نہ جانے پھر کیونکر جانے کہ برا ہی بد نہ جانے تو جب تک نہ جانے نیک کو ضد سے ضد کو اے تو دیکھ سکتا ہی جو تو ترک فکر سے عاجز رہا جب عاجز ہوا ندامت کس سے ہی اور بتلا کہ عاجزی کسکے جذب سے ہے عاجزی قادر ہونے کی جہان مین کسی نے نہ دیکھی اور نہ عیان ہووے اسطرح ہر آئندہ جو تو رکھتا ہے اسکے عیب سے تو محجوبون مین ہی یعنی پس تو راہ نیک جانتا ہی ادم

؎ اگر نہین جانتا ہی کیونکہ ضد سے ضد معلوم ہوتی ہی پس عاجزی کو قادر ہونا لازم ہی ثابت ہوا کہ جس چیز پر تو قادر ہی اسواسطے عاجز ہوتا ہی اسطرح ہر آرزو [illegible]

ہمچنین ہر آرزو کہ می بری	تو ز عیب آن محجبی اندری	اس گھڑی ہر آرزو رکھا جو ہے	ہے حجابون مین تو اسکے عیب سے
ور نمودی علت آن آرزو	خود رمیدی جان تو زان جستجو	علتین گر آرزو کی دیکھتا	بھاگتی جان اس سے نے تو ڈھونڈھتا
گر نمودی عیب آن کار او ترا	کس نبودی کش کشان آن سو ترا	گر دکھاتا عیب تجکو کام کا	کوئی نے لیجاتا اس سو کھینچتا
وان دگر کاری کزان کاری نفور	زان بود که عیبش آمد در ظهور	دوسرا وہ کام کہ نفرت تجھے	اسلیے کہ عیب ظاہر اسکا ہے
ای خدای رازدان خوش سخن	عیب کار بد ز ما پنهان مکن	اے خدا ہے خوش کلام راز دان	عیب کار بد نہ کر ہم سے نہان
عیب کار نیک را منما بما	تا نگردیم از روش سرد و هبا	عیب کار نیک مت ہمکو دکھا	تا روش سے ہون نہ ہم اندر بلا
هم بران عادت سلیمان سنی	رفت در مسجد میان روشنی	بھی سلیمان اپنی اعادات سے	جاتے مسجد مین وہ اللہ روز کے
قاعده هر روز را میجست شاه	که ببیند مسجد اندر نو گیاه	قاعدہ ہر روز کا تھا کہ وہ شاہ	دیکھتے مسجد کے اندر نو گیاہ
دل ببیند سر بدان چشم صفی	آن حشایش که شد از عامه خفی	دیکھتا ہو بھید دل اس آنکھ سے	گھانس کا کہ عام سے پنہان وہ ہے

قصۂ صوفی کہ درمیان گلستان سر بزانوی مراقبہ نہادہ بود یارانش گفتند سر برآر و تفرج کن گلستان و ریاحین و مرغان را کہ فانظروا الی آثار رحمۃ اللہ

ببیند سوے آثار رحمۃ اللہ ۱۲

قصہ اُس صوفی کا کہ گلستان مین سر بزانوی مراقبہ تھا یارون نے اُس سے کہا کہ سر اٹھا اور سیر گلستان و ریاحین و مرغون کی کر کہ فانظروا الی آثار رحمۃ اللہ

دیکھو تم طرف نشانیون رحمت اللہ کے ۱۲

صوفی در باغ از بہر کشاد	صوفیانہ روے بر زانو نہاد	باغ مین صوفی نے اک بہر کشود [۲]	صوفیانہ سر رکھا زانو پہ زود

[۱] علتین الخ ۸ شعر اگر علتین آرزو کی دیکھتا جان اُس سے بھاگتی اور تو نہ ڈھونڈھتا اگر کام کا عیب تجکو دکھاتا کوئی نہ لیجاتا اور نہ اُس سو کھینچتا تجکو دوسرا وہ کام کہ تجھ سے نفرت ہے اسواسطے ہے کہ عیب اُسکا ظاہر ہے اگر مناجات ہے اے خداے خوش کلام رازدان عیب کام بد کا ہم سے پوشیدہ مت کر عیب کام نیک کا ہمکو دکھا تا روش سے ہم بلا مین نہون یعنی آرزو کا عیب اگر تو جانتا کبھی اس طرف نہ جاتا آگے رجوع بقصہ ہے سلیمان علیہ السلام عبادتون پر مسجد اقصےٰ مین جاتے دن کو ہر روز کا قاعدہ تھا کہ وہ بادشاہ مسجد مین دیکھتے نئی گھانس دل دیکھتا ہے اُس آنکھ سے بھید گھاس کا کہ عام سے پوشیدہ ہے یعنی دل چشم باطن سے نہ زہر گھانس کا دیکھتا ہے چنانچہ اسکی مثال مین قصہ صوفی کا آگے فرماتے ہین ۱۲

[۲] باغ مین الخ ۵ شعر ایک صوفی نے باغ مین واسطے کشود کے سر زانو پر رکھا صوفیون کے مانند وہ اپنے خیال مین دوڑا اور فضول لوگ اس صورت سے ملول ہو گئے تو سوتا کیا ہے یہ انگور دیکھو اور درختون اور سبزہ زار کو دیکھ امر حق سن کر کہا ہے دیکھو تم اور منہ کر نشانیون رحمت کی طرف صوفی نے کہا کہ وہ آثار دل ہے اور باہر اس آثار کا آثار ہے عین جان مین سبزی اور گلزار مین اور اسکا عکس باہر ہے جیسے آب مین باغ کا عکس ہوتے آب مین لطف آب سے وہ اضطراب کرتا ہے باغ اور میوہ جملہ دل مین ہین اور عکس لطف اسکا آب و گل پر ہے اگر یہ سرور عکس نہ تا اسے حق نہ کہتا گھر غرور کا یعنی سبزہ و باغ جان دل مین ہے اور اسکا عکس لطف ظاہر صورت پر ہے اسواسطے حق تعالیٰ نے دنیا کو گھر غرور کا کہا ہے آگے اس

پس فرو رفت او بخود اندر نغول — شد ملول از صورت خیال فضول
که چه خسپی آخر اندر رز نگر — این درختان بین و آثار خضر
امر حق بشنو که گفت ست انظروا — سوی این آثار رحمت آر رو
گفت آثارش دلست ای بوالہوس — آن برون آثار آثارست و بس
باغہا و سبزہا در عین جان — بر برون عکسش چو در آب روان
آن خیال باغ باشد اندر آب — که کند از لطف آب آن اضطراب
باغہا و میوہا اندر دل است — عکس لطف آن برین آب و گل است
گر نبودی عکس آن سرو سرور — پس نخواندی ایزدش دار الغرور
این غرور آنست یعنی این خیال — هست از عکس دل و جان رجال
جملہ مغروران برین عکس آمده — بر گمان کاین بود جنت کده
میگریزند از اصول باغہا — بر خیالے میکنند آن لاغہا
چونکہ خواب غفلت آید شان بسر — راست بینند و چہ سود است از نظر
پس بگورستان غریو افتاد آه — تا قیامت زین غلط واحسرتاه
ای خنک آنرا کہ پیش از مرگ مرد — یعنی او از اصل این رز بوے برد
ہمچنین روزے سلیمان از قضا — شد بعادت مسجد اندر ای فتا

وہ خیال اپنے مین ڈوبا او فضول — ہوگئے اس سوتی صورت ملول
سونا کیا ہی دیکھو یہ انگور تو — اور درختون اور سبزہ زار کو
امر حق سن کہ کہا ہی انظروا (دیکھو) — منہ کر اس آثار رحمت کی تو سو
بولا وہ آثار دل ہی جان سے — باہر اس آثار کے آثار ہے
عین جان مین سبزے او گلزار ہین — عکس باہر اسکا ہی جون آب مین
باغ کا وہ عکس ہووے اندر آب — کرتا لطف آب سے وہ اضطراب
باغ و میوہ جملہ اندر دل کے ہی — عکس لطف اسکا اس آب و گل پہ ہے
گر نہ ہوتا عکس یہ سرو سرور — پس نہ کہتا حق اسے دار الغرور
یہ غرور[1] یعنی خیال اب جان ہے — جان و دل کا عکس ہے انسان کے
سب ہوئے مغرور ہین اس عکس پے — اس گمان پر کہ یہ جنت گاہ ہے
بھاگتے ہین اس اصول باغ سے — بازی کرتے ہین خیال خام پے
خواب غفلت جبکہ آخر انکے ہو — دیکھین سچ بے فائدہ اس دید کو
شور گورستان میں اور غوغا پڑا — اس غلط سے حشر تک واحسرتا
اے وہ اچھا پہلے مرنے سے مرا — یعنی اصل انگور کی وہ پا گیا
پس سلیمان ایکدن از رہ قضا — اپنی عادت پر وہ مسجد مین گیا

غمگین شدن سلیمان علیہ السلام از خروب رستن در گوشۂ مسجد اقصے چون خروب بسخن در آمد و خاصیت خود گفت

غمگین ہونا سلیمان علیہ السلام کا خروب کے اُگنے سے گوشۂ مسجد اقصے مین کہ خروب نے باتین کین اور خاصیت اپنی کہی

[1] یہ غرور الخ یعنے شعر یہ غرور یعنے خیال ہے کہ انسان کی جان و دل کا عکس ہے سب اس عکس پر مغرور ہوتے ہین اس گمان پر کہ یہ جنت گاہ ہے اس اصول باغ سے بھاگتے ہین اور بازی کرتے ہین خیال خام پر جبکہ خواب غفلت اُن کا آخر ہو سچ دیکھین پھر اس دید سے کیا فائدہ گورستان مین شور و غل پڑا واحسرتا کا اس غلطی سے حشر تک اے وہ شخص اچھا کہ پہلے مرنے سے مرا یعنی انگور کی وہ اصل پا گیا پس سلیمان ع ایک روز از راہ قضا کے اپنی عادت پر مسجد مین گئے یعنی یہ اشیا اسے دنیا عکس دل ہے اور مخلوق اسپر مغرور ہو کر در گور شور واحسرتا کا حشر تک کرین گے وہ اچھا ہے کہ دل مونے مر گیا اور اپنی اصل کو پا گیا آگے رجوع بقصہ ہے فافہم ۱۲

تو گیاہے دید اندر گوشۂ	رستہ بروے دانہ ہمچو خوشۂ	دیکھی گوشہ مین اُگی گھاس اک نئی	مثل خوشہ اُسپہ دانے تھے کئی
دید بس نادر گیاہے سبز و تر	میبر بود آن سبزیش نور از بصر	دیکھی نادر گھاس وہ تھی سبز تر	یعنی سبزی اُسکی تھی نور بصر
پس سلامش کرد در دم آن حشیش	او جوابش گفت وشگفت از خویش	پس سلام اُس گھانس نے انکو کیا	کھل گئی خوش ہو جواب انکا سنا
گفت نامت چیست برگو بیدہان	گفت خروبست ای شاہ جہان	بولے کیا ہے نام کہہ تو بے دہان	بولی ہے خروب اے شاہ جہان
گفت اندر تو چہ خاصیت بود	گفت من رُستم مکان ویران شود	بولے کیا ہے خاصیت تجھمین نہان	بولی مجھسے ہوتا ہے ویران مکان
منکہ خروبم خراب منزلم	ہادم بنیاد این آب و گلم	مین ہون خروب مکان مجھسے خراب	گرتی ہے مجھسے یہ بنیاد گل آب
پس سلیمان آن زمان دانست زود	کہ اجل آمد سفر خواہد نمود	پس سلیمان پر یہ اس ساعت کھلا	کہ اجل آئی سفر میرا ہوا
گفت تا من ہستم این مسجد یقین	در خلل ناید ز آفات زمین	بولے جبتک مین ہون یہ مسجد بھی ہے	نے خلل آفت زمین کی لا سکے
تا کہ من باشم وجود من بود	مسجد اقصےٰ مخلل کے شود	جب تلک مین ہون وجود ہووے مرا	مسجد اقصیٰ پہ نے آسکے بلا
پس خراب مسجد ما بے گمان	نبود الا بعد مرگ ما بدان	نے تبہ ہووے مری مسجد تلے	بعد میرے مرگ کے ہو جانیے
مسجدست این دل کہ جسمش ساجدست	یار بد خروب ہر جا مسجدست	دل ہے مسجد ساجد اسکا جسم ہے	یار بد خروب مسجد ہر جگہے
یار بد چون رست در تو مہر او	ہین ازو بگریز و کم کن گفتگو	یار بد کی حب جو تیرے سین اُگے	بھاگ کم کر گفتگو اس یار سے
برکن از بیخش کہ گر سر بر زند	مر ترا و مسجدت را بر کند	کھود اُسے جڑ سے کہ گر پیدا ہو وہ	کھودے مسجد کو ترے اور تیرے کو
عاشقا خروب تو آمد کژے	ہمچو طفلان سوے کژ چون غژے	عاشقا خروب تیری ہے کجی	مثل لڑکون کے کجا اس سو کبھی
خویش را نادان و مجرم دان بترس	تا نہ دزدد از تو این اُستاد درس	خود کو نادان جان اور مجرم ترس	تا نہ یہ اُستاد چھینے تجھسے درس
چون بگوئی جاہلم تعلیم دہ	این چنین انصاف از ناموس بہ	کہہ کہ تھا جاہل اب مین ہین تعلیم دے	خوب ہے انصاف ایسا ننگ سے
از پدر آموز اے روشن جبین	ربنا گفت و ظلمنا پیش ازین	باپ سے تو سیکھ کہ پہلے کہا	ربنا اور پس ظلمنا بر ملا

سـ۱ دیکھی الخ ۱۴ شعر ایک گھانس نئی گوشے مین اُگی دیکھی کہ مثل خوشہ کے اُسپر کئی دانہ تھے جو وہ گھانس سبز و نادر دیکھی کہ سبزی اسکی تھی نور بصر کا پس اُس گھانس نے اُنکو سلام کیا اور جواب انکا سنا تو خوش ہو کر کھل گئی فرمایا سلیمان علیہ السلام نے کہ تیرا کیا نام ہے تو بغیر دہن کے کہہ بولی میرا نام خروب ہے اے شاہ جہان باقی قصہ آگے ہے فافہم ۱۲ سـ۲ بولے الخ ۶ شعر فرمایا کہ کیا خاصیت تجھ مین ہے پوشیدہ کہا کہ مجھ سے مکان ویران ہوتا ہے مین خروب ہون کہ مجھ سے خراب ہوتا ہے اور مجھ سے گرتی ہے یہ بنیاد آب و گل کی پس سلیمان پر یہ اسدم کھلا کہ اجل آئی اور میرا سفر ہوا فرمایا کہ مین جب تک ہون یہ مسجد بھی ہے آفت زمین کی خلل نہ لا سکے جب تک مین ہون وجود میرا رہ سکے مسجد اقصٰے پر بلا نہین میری مسجد تباہ نہ ہووے ولیکن بعد مرگ میرے کے جان لے آگے اس کے حقائق ہین فافہم ۱۲ سـ۳ دل مسجد اور ساجد اس کا وجود ہے اور یار بد خروب ہے ہر جا جو تجھ مین یار بد کی اُگے بھاگ اور کم گفتگو اس یار سے اس کو جڑ سے کھود اگر وہ پیدا ہو کھودے مسجد کو تیرے خروب تیری کجی ہے لڑکون کے مانند مت جا کبھی اس طرف خود کو نادان و مجرم جان خوف سے تا یہ اُستاد حق تجھ سے درس نہ چھینے تو کہہ اب مین جاہل ہون اور تعلیم دے ایسا انصاف خوب ہے ننگ سے اپنے باپ سے سیکھ کہ اول کہا کہ اے رب میرے ظلم کیا مین نے بر ملا یعنی دل مسجد کو ساجد بدن اور خروب یار بد ہے پس تو یار بد کی محبت سے بھاگ کر تیرے دل کو خروب کر دے آگے اس کا بیان ہے فافہم ۱۲

نی بہانہ کرد نی تزویر ساخت / نی لوای مکر و حیلت برفراخت
نے بہانہ نے فریب اُس نے کیا / نے کیا حیلے کے نیزے کو کھڑا

باز آن ابلیس بحث آغاز کرد / کہ بدم من سرخرو کردیم زرد
پھر شروع ابلیس نے کی بحث کو / زرد رو مجکو کیا تھا سرخ رو

رنگ رنگ تست صباغم توئی / اصل جرم و آفت و داغم توئی
رنگ تیرا رنگریز اب میرا تو / اصل جرم و رنج نالہ میرا تو

ہین بخوان رب بما اغویتنی / تا نگردی جبری و کژ کم تنی
جلد پڑھ تو رب بما اغویتنی / تا نہو جبری و گمراہ اے دنی

بر درخت جبر تا کے بر جہی / اختیار خویش را یکسو نہی
تو درخت جبر پر کب تک چڑھے / اختیار اپنے کو تو اک سو رکھے

ہمچو آن ابلیس ذریات او / با خدا در جنگ و اندر گفتگو
مثل ابلیس اُسکی ذریات سے / گفتگو و جنگ میں اللہ سے

چون بود اکراہ با چندین خوشی / کہ تو در عصیان ہمی دامن کشی
کب کراہت ہے جو اتنا خوش ہے تو / کہ سوئے عصیان جو دامن کش ہے تو

آنچنان خوش کس رود در مکرہی / کس چنان رقصان رود در گمرہی
خوش کراہت میں ہے ایسا جاے کون / ایسا رقصان گمرہی میں آئے کون

بیست مردہ جنگ میکردی در آن / کت ہمی دادند پند آن دیگران
بیس کے مانند انسے لڑتا تو / جو نصیحت دوسرے دیتے تیرے کو

کہ صواب اینست و راہ اینست و بس / کہ زند طعنہ مرا جز ہیچ کس
کہ صواب اب ہے وہ رہ سیدھی ہے یہ / کون طعنہ دے بجز ناکس مجھے

کی چنین گوید کسے کو مکرہ است / چون چنین جنگد کسی کو بیرہ است
کب کہے کوئی کہ وہ گمراہ ہے / کیون لڑے کوئی کہ وہ بیراہ ہے

ہرچہ نفست خواست داری اختیار / ہرچہ عقلت خواست آری اضطرار
نفس جو چاہے تو کرے اختیار / عقل جو چاہے تو لائے اضطرار

داند آن کو نیکبخت و محرم است / زیرکی ز ابلیس و عشق از آدم است
جانے وہ کہ جو ہے محرم راز ہے / زیرکی شیطان سے عشق آدم سے ہے

زیرکی آمد سباحت در بحار / کم رہد غرق است او پایان کار
زیرکی ہے پیرنا دریا کا یار / غرق سے کم چھوٹے وہ انجام کار

ہل سباحت را رہا کن کبر و کین / نیست جیحون نیست جو دریاست این
کبر و کینہ پیرنا تو چھوڑ دے / نہ یہ جیحون اور جو ہے بحر ہے

وانگہان دریای ژرف بی پناہ / در رباید ہفت دریا را چو کاہ
اسطرف دریا ہے گہرا بے پناہ / ساتون دریا کو بہادے مثل کاہ

عشق چون کشتی بود بہر خواص / کم بود آفت بود اغلب خلاص
واسطے خاصون کے کشتی عشق ہے / کم ہے آفت بل نجات اس سے ملے

سلہ نے بہانہ الخ ۵ شعر اس نے نہ بہانہ اور نہ فریب کیا اور نہ نیزہ حیلہ کو استادہ کیا پھر ابلیس نے بحث شروع کی کہ مین سرخرو تھا مجکو زرد رو کیا تیرا رنگ اور تو میرا رنگریز ہے اصل جرم و رنج و نالہ میرا تو ہے جلد پڑھ ترجمہ اے رب میرے ساتھ اس چیز کے کہ بہکایا تونے مجھکو تاکہ جبری و گمراہ نہ ہو تو درخت جبر پر کب تک چڑھے اور اختیار اپنے کو ایک طرف رکھے آگے حقائق ہین فافہم ۱۲ سلہ مثل ابلیس الخ ۸ شعر مثل ابلیس اور اسکی ذریات کی تو گفتگو و جنگ مین اللہ سے ہے تجھے کب کراہت ہے جو تو اتنا خوش ہے کہ طرف عصیان کے دامن کش ہے تو کراہت مین ایسا خوش کون جائے اور ایسا رقصان گمراہی مین کون آئے مانند بیس آدمیون کے تو لڑا کیا انسے لڑتا ہے جو دوسرے نصیحت تجھکو دین کہ اب صواب یہ ہے اور راہ سیدھی ہے کون طعنہ بجز ناکس کے مجھے دیوے کب کوئی کہے کہ وہ گمراہ ہے جو نفس چاہے تو اختیار کرے اور جو عقل چاہے تو اضطرار لائے وہ جانے کہ جو محرم راز ہے زیرکی شیطان سے ہے اور عشق آدم سے ہے یعنی اہل راز اس بات کو جانتے ہین کہ شیطان سے زیرکی اور آدم سے عشق ہے پس تجھکو چاہیے کہ تو حق سے عاجزی کر اور بحث مثل ابلیس نہ کر کہ تا گمراہی مین نہ پڑے آگے اس کا بیان ہے فافہم ۱۲ سلہ زیرکی الخ ۷ شعر زیرکی دریا کا پیرنا ہے کہ انجام کار وہ غرق سے کم چھوٹے کبر و کینہ پیرنا ہے تو چھوڑ دے کہ یہ جیحون جو نہین ہے بلکہ دریا ہے اس طرف دریا گہرا اور بے پناہ ہے کہ ساتون دریا کو بہادے مثل کاہ کے واسطے خاصون کے عشق کشتی ہے اور آفت کم ہے بلکہ نجات اُس سے ملتی ہے زیرکی بیچ او حیرانی خرید کر زیرکی ظن اور حیرانی دید ہے کنعان کے مانند کشتی سے جدا نہو نفس زیرک نے اسکو دھوکا دیا کہ مین کوہ کی بلندی پر جاؤن اور نوح کا احسان کس واسطے لون یعنی تو عشق حاصل کر کہ یار تک رسائی ہو اور آفت دنیا سے نجات ہو آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲

زیرکی بفروش و حیرانی بخر	زیرکی ظن است و حیرانی نظر	زیرکی بیچ اور حیرانی خرید	زیرکی ہے ظن و حیرانی ہے دید
همچو کنعان سر ز کشتی وا مکش	که غرورش داد نفس زیرکش	مثل کنعان مت ہو کشتی سے جدا	نفس زیرک نے اُسے دھوکا دیا
که بر آیم بر سر کوه مشید	منت نوحم چرا باید کشید	کہ بلندی پر میں جاؤں کوہ کے	نوح کا احسان لون میں کس لئے
عقل قربان کن بپیش مصطفےٰ	حسبی اللہ گو کہ اللہ‌ام کفی	عقل قربان کر تو پیش مصطفےٰ	حسبی اللہ کہہ کہ ہے اللہ کفا
چون رہی از منتش ای بی رشد	کہ خدا ہم منت او می کشد	کیسے چھوٹے اسکے تو احسان سے	کہ خدا احسان لیتا اُنکا ہے
چون نباشد منتش بر جان ما	چونکہ شکر و منتش گوید خدا	کیون نہ احسان ہو ہماری جان پے	شکر و احسان جو خدا انکا رکھے
تو چہ دانی اے غرارہ پر حسد	کہ نہادن منت اورا میرسد	اے تو احمق پر حسد اب جانے کیا	پہونچے ہے رکھنا اسے احسان کا
کاشکے او آشنا ناموختی	تا طمع در نوح و کشتی دوختی	پیر نا وہ کاشکے سے سیکھتا	تا طمع کشتی و نوح کی چاہتا
کاش چون طفل از حیل جاہل بدے	تا چو طفلان چنگ در مادر زدی	کاش جاہل ہوتا لڑکوں کے مثال	تا پکڑتا مان کو بچون کی مثال
تا بعلم نقل کم بودی ملے	علم و وحی دل ربودی از ولی	علم منقولی نہ رکھتا مولوی	علم وحی دل کو لیتا از ولی
چون تیمم با وجود آب دان	علم نقلی با دم قطب زمان	آگے پانی کے تیمم جان سے	علم نقلی کو مقابل قطب کے
با چنین نورے چو پیش آری کتاب	جان وحی آسای تو آرد عتاب	آگے ایسے نور کے لائے کتاب	لائے اسکی جان وحی آسا عتاب
خویش ابلہ کن تبع میرو سپس	رستگی زین ابلہی یابی و بس	خود کو ابلہ کر ہو پیرو اسکا تو	تا نجات اس ابلہی سے پائے تو
اکثر اہل الجنت البلہ ای پسر	بہر این گفتست سلطان البشر	اکثر اہل الجنت البلہ ای پسر	اس لئے کہتے ہین سلطان البشر
زیرکی چون کبر باد انگیز تست	ابلہی شو تا بماند دین درست	زیرکی تیری غرور انگیز ہے	ہو تو ابلہ دین تا قائم رہے
ابلہی نے کو بمسخرگی دوتوست	ابلہی نے کز شقاوت مال جوست	ایسا نے ابلہ کہ وہ ہو مسخرہ	ایسا نے ابلہ کہ نہ رہے ہے برہ
ابلہی کو والہ و حیران ہوست	باشد اندر گردن او طوق دوست	ایسا ابلہ کہ وہ بس حیران ہو	رکھے گردن مین وہ طوق یار کو
ابلہان اند آن زنان دست بر	از کف ابلہ و ز رخ یوسف نذر	بس ہیں ابلہ وہ زنان دست گر	ہاتھ سے ابلہ و یوسف سے نذر

سلہ عقل الخ ۶ شعر تو عقل قربان کر آگے مصطفےٰ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے اور کہہ کہ بس ہے مجھ کو اللہ اور اللہ کافی ہے تو اُن کے احسان سے کیسے چھوٹے کہ خدا انکا احسان لیتا ہے ہماری جان پر احسان کیون نہ ہو جبکہ خدا شکر و احسان انکا رکھا اپنے پر لے احمق پر حسد تو کیا جانے کہ اُسے احسان کا رکھنا ہی پہنچتا ہے کاشکے وہ پیر نہ سیکھتا تا طمع کشتی وہ نوح کی چاہتا کاش تو انھوں کے مانند جاہل ہوتا اور بچون کے مانند پکڑتا یعنی تو عقل اپنی جناب رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم پر قربان کرتا تو انکے احسان سے بچنے چھوٹتا ہے بس اس عقل کو تو چھوڑ اور انکا دامن پکڑ کر موجب نجات کا ہووے آگے اسکا بیان ہے کہ علم ہوا

سلہ علم منقولی الخ ۹ شعر اگر علم منقولی مولوی نہ رکھتا تو اولیا سے علم وحی لیتا پانی کے آگے تیمم جان سے علم النقلی کو مقابل قطب کے ایسے جوہر نور کے آگے کتاب لائے تو اسکی جان وحی آسا عتاب کرے تو خود احمق کر اور پیرو اسکا ہو تاکہ نجات پائے کہ اکثر اہل جنت بھولے لوگ ہین جناب رسول مقبول صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم اسواسطے فرماتے ہین تیری زیرکی غرور انگیز ہے تو ابلہ ہو تا دین قائم رہے دیسا ابلہ نہین کہ وہ مسخرہ ہے ایسا ابلہ نہین کہ جو ملاشی رہے ایسا کہ وہ حیران ہو کہ گردن مین رکھے طوق یار کو بس وہ ابلہ ہین زنان دست بر کہ ہاتھ سے ابلہ اور یوسف سے خبردار ہین یعنی تو اولیا اللہ کے احمق ہوتا کہ حیرانی تجھے حاصل ہو اور ایسا احمق مت ہو کہ مسخرہ اور جو بندہ زر ہو آگے

عقل را قربان کن اندر عشق دوست — عقلہا باری از آن سویست کوست
عقلہا آن سو فرستاده عقول — مانده این سو آنکہ گول و فضول
زین سر از حیرت گر این عقلت رود — ہر سر مویت سر و عقلے شود
نیست آن سو رنج و فکرت بر دماغ — کہ دماغ عقل روید دشت باغ
سوی دشت از دشت نکتہ بشنوی — سوی باغ آئی شود نخلت روی
اندرین ره ترک کن طاق طرنب — تا قلاوزت نجنبد تو مجنب
ہر کہ او بے سر بجنبد دم بود — جنبشش چون جنبش کژدم بود
کجرو و شبکور و زشت و زہرناک — پیشۂ او خستن جانہای پاک
سر بکوب او را کہ سرش این بود — خلق و خوی مستمرش این بود
خود صلاح اوست این سر کوفتن — تا رہد جان ریزه اش زین شوم تن
واستان از دست دیوانہ سلاح — تا ز تو راضی شود عدل و صلاح
چون سلاحش ہست و عقلش نے ببند — دست او را ورنہ آرد صد گزند

سلہ عقل کو قربان کر اندر عشق یار — عقل وہ ہے جو ہے سوئے کردگار
بھیجین عقلین اس سو اہل عقل نے — وہ رہے اس سمت جو بے عقل ہے
جائے باحیرت یہان سے عقل جو — ہر سر مو تیرا سر اور عقل ہو
رنج و فکر آن جا نہین لائے دماغ — کہ دماغ و عقل سے ہو دشت و باغ
دشت کی سو دشت سے نکتہ سنے — سوئے باغ آئے شجر راوی بنے
سلہ کرّ و فر اس راہ مین تو چھوڑ دے — تا ملے رہبر ترا تو مت ہلے
جو کہ بے معنی ہلے بس دم ہو وہ — جنبش اُسکی جنبش اک بچھو کی ہو
شب کا اندھا بد کجرو زہرناک — پیشہ اُسکا زخمی کرنا جان پاک
کوٹ سر اُسکا کہ بھید اسکا یہ ہے — خلق اور عادت سدا رکھتا یہ ہے
کوٹنا سر کا درستی اسکی ہے — جان زخمی چھوٹے تا اس جسم سے
چھین دیوانہ سے تو ہتھیار کو — تا صلاح و عدل راضی تجھسے ہو
ہوئے آلہ عقل نے بند کر اُسے — سیکڑون کو ورنہ وہ زخمی کرے

بیان آنکہ حصول علم و مال و جاه مر بدگہر را فضیحت اوست چون شمشیر ست فتاده بدست رہزن

بیان اسکا کہ حصول علم و مال و جاه نالائق کو فضیحت کرتا ہے جیسے تلوار ہاتھ مین رہزن کے

سلہ عقل کو آلخ ۵ شعر عقل کو عشق یار مین قربان کر اور عقل وہ ہے کہ جو طرف حق کے ہے عقلین بھیجین اُس طرف اہل عقل نے احمق وہان رہین کہ معشوق نہین ہے جو عقل کہ یہان سے باحیرت جاے ترا ہر سر مو ایک سر و عقل ہو اُس جا رنج و فکر دماغ نہین لاسے کہ دماغ و عقل سے دشت و باغ ہو دشت کی جانب دشت سے نکتہ سنے جانب باغ کے آئے شجر راوی بنے یعنی تو عقل کو عشق یار مین قربان کر اور عقل وہ ہے جو خدا کی طرف ہے اور یہ عقل ظاہری حجاب یار ہے آگے اس کا بیان ہے فافہم ۱۲ سلہ کرّ و فر آلخ ۷ شعر تو کرّ و فر اس راہ مین چھوڑ دے تا کہ تیرا رہبر ملے تو مت ہلے جو کہ بے معنی ہلے وہ دم ہو اور جنبش اس کی ایک جنبش بچھو کی ہو شب کا اندھا و بد کجرو زہرناک ہے اور پیشہ اُسکا زخمی کرنا جان پاک کو ہے اُسکا سر کوٹ کہ اسکا بھید یہ ہے اور خلق و عادت سدا رکھتا ہے سر کوٹنا اُس کی درستی ہے جان زخمی تا اُس جسم سے چھوٹے تو دیوانے سے ہتھیار چھین تا صلاح و عدل تجھسے راضی ہو آلہ ہووے اور عقل نہین اُسے بند کر ورنہ وہ سیکڑون کو زخمی کرے یعنی وہ کرّ و فر دنیا کو چھوڑ کہ تا مرشد حرکت کرے اور تو حرکت مت کر ورنہ جان و مال نالائق کو زخمی کرے چنانچہ اسکا بیان آگے ہے فافہم ۱۲

بدگہر را علم و فن آموختن　　دادن تیغ ست دست راہزن
علم اور فن سکھنا بد اصل[1] کا　　راہزن کو تیغ دینا ہے بھلا

تیغ دادن در کف زنگی مست　　بہ کہ آید علم نادان را بدست
تیغ دینا زنگی بدمست کو　　خوب کہ نا اہل صاحب علم ہو

علم و مال و منصب و جاہ و قران　　فتنہ آرد در کف بدگوہران
علم و جاہ و مال و منصب ہیں برے　　فتنہ لائیں ہاتھ میں بداصل کے

پس غزا زین فرض شد بر مومنان　　تا ستانند از کف مجنون سنان
مومنوں پر فرض آئی یہ غزا　　چھین لیں ہتھیار دیوانوں سے جا

جان او مجنون تنش شمشیر او　　داستان شمشیر لا زین زشت خو
جان[2] دیوانہ تن اسکا تیغ ہے　　چھین تو تلوار اس بداصل سے

آنچہ منصب می کند با جاہلان　　از فضیحت کی کند صد ارسلان
ساتھ جاہل کے یہ منصب جو کرے　　وہ فضیحت بس نہو سو شیر سے

عیب مخفی ست چون آلت بیافت　　مارش از سوراخ بر صحرا شتافت
عیب مخفی تھا وہ جب سامان ملا　　سانپ اسکا بل سے صحرا کو گیا

جملہ صحرا مار و کژدم پر شود　　چونکہ جاہل شاہ حکم مر شود
جملہ صحرا سانپ بچھو سے بھرے　　شاہ جاہل حکم جو جاری کرے

چون قلم در دست غدارے فتاد　　لاجرم منصور بر دارے فتاد
ہاتھ میں ٹھگ کے قلم جو کہ پڑا　　اسلئے منصور دار اوپر چڑھا

مال و منصب ناکسے کارد بدست　　طالب رسوائی خویش آمدست
مال و منصب جبکہ ناکس کو ملے　　اپنی رسوائی کا وہ طالب بنے

یا کند بخل و عطاہا کم دہد　　یا سخا آرد بنا موضع نہد
یا کرے بخل اور بخشش کم رکھے　　یا سخاوت جود وہ بیجا کرے

شاہ را در خانۂ بیذق نہد　　اینچنین باشد عطا کاحمق دہد
شاہ[3] کو پیدل کے گھر میں وہ رکھے　　اسطرح کی بخشیں احمق کرے

حکم چون در دست گمراہے فتاد　　جاہ پندارید و در چاہے فتاد
ہاتھ آیا حکم جو گمراہ کے　　جانتے ہو جاہ تم وہ چاہ ہے

رہ نمیداند قلاؤزی کند　　جان زشت او جہانسوزی کند
رہ نہ جانے رہنمائی وہ کرے　　جان بد اسکی جہان کو پھونکدے

طفل راہ فقر چون پیری گرفت　　پیروان را غول و پیری گرفت
طفل راہ فقر نے پیری جو لی　　گمرہی پیرو کو غول اسکے نے دی

کہ بیا تا ماہ بنمایم ترا　　ماہ را ہرگز ندید آن مفتری
کہ تو آ تا ماہ بتلاؤں میں تجھے　　ماہ خود دیکھا نہ اس مکار نے

چون نمائی چون ندیدستی بعمر　　عکس مہ در آب ہم ای خام غمر
کس طرح بتلائے جو دیکھا نہیں　　عکس مہ کو آب میں اے خوشہ چین

---

[1] علم آگے ہے شعر بداصل کا علم و فن سیکھنا گویا راہزن کو تیغ دینا ہے زنگی بدمست کو تیغ دینا بہتر ہے کہ نا اہل صاحب علم ہو پس علم و جاہ و مال و منصب بہت برا ہے ہاتھ میں بداصل کے کہ فتنہ لائیں یہ غزا مومنوں پر فرض آئی کہ دیوانوں سے ہتھیار جا کر چھین لیں یعنی نااہل کو علم نہ سکھانا چاہیے کہ وہ گمراہی و کجروی میں لوگوں کو ڈالے پس مومن کو چاہیئے کہ نااہل کو علم باطن نہ سکھائے کہ وہ کجی میں دوسروں کو نہ ڈالے آگے اسکے حقائق ہیں فافہم ۱۲ [2] جان دیوانہ آگے ہے شعر جان دیوانہ اور تن اسکا تیغ ہے تلوار چھین تو اس بداصل سے جاہل کے ساتھ یہ منصب جو کرے وہ فضیحت سو شیر سے بھی نہ ہووے عیب پوشیدہ تھا اور جب سامان ملا اس سانپ کے سوراخ سے صحرا کو گیا تمام صحرا سانپ و بچھو سے پر ہو جو شاہ جاہل حکم جاری کرے آگے مثال ہے جو ٹھگ کے ہاتھ میں قلم پڑا اسواسطے منصور دار پر چڑھا جو مال و منصب ناکس کو ملے وہ اپنی رسوائی کا طالب رہے یا بخل کرے اور بخشش کم رکھے یا سخاوت اور جود وہ بیجا کرے یعنی ناکس کو جو غلبہ ملے تو وہ آزار دہی مخلوق کی کرے باقی مثال آگے ہے فافہم ۱۲ [3] شاہ کو آگے ہے شعر شاہ کو وہ پیدل کے گھر میں رکھے اس طرح کی بخشش احمق کرے جو گمراہ کے حکم ہاتھ آیا تم جاہ جانتے ہو اور وہ چاہ ہے خود راہ نہ جانے اور رہنمائی کرے اسکی جان بد جہان کو پھونکدے طفل نے پیر کے مانند راہ فقر لی گمراہی پیرو کو اسکے غول نے دی کہ تو آ کہ تجکو راہ بتلاؤں اور خود ماہ کو نہ دیکھا اس مکار نے کس طرح بتلائے کہ نہیں دیکھا عکس ماہ کو آب میں عمر بھر احمق سردار ہو گئے اور خوف سے حاقلوں نے کمبل میں کھینچا یعنی احمقان ریاکار نے خود تو عرفان دل میں نہیں دیکھا وہ کس طرح دوسروں کو بتلائیں جبکہ ایسے احمق ریاکار ہادی و مرشد نہیں ہوئے اکثر لباس کمبل میں پوشیدہ ہوئے جیسے حضور رسول مقبول صلعم نے لباس کمبل کو اختیار کیا چنانچہ حضور کا قصہ شمائل میں آگے فرماتے ہیں

حمقان سرکشید سست و زبیم	عاقلان سرہا کشیدہ در گلیم	ہوگئے سردار احمق خوف سے	عاقلوں نے کھینچا سر کمل میں ہے

بیان تفسیر آیۂ شریفہ یا ایہا المزمّل

خواند مزمل نبی را زین سبب	کہ برون آ از گلیم ای بوالہرب	اس[سلہ] لئے مزمل احمد کو کہا	کہ تو اے شہ باہر اس کملی سے آ
سر مکش اندر گلیم و رو مپوش	کہ جہان جسمیست سرگردان تو ہوش	مت چھپا کملی میں اپنا سر و رو	ہے جہان جسم پریشان ہوش تو
ہین مشو پنہان ز ننگ مدعی	کہ تو داری نور وحی شعشعی	مدعی کی ننگ سے مت ہو نہان	کہ تو رکھے نور وحی آسمان
ہین قم اللیل کہ شمعی ای ہمام	شمع دائم شب بود اندر قیام	پس قم اللیل کہ ہے شمع انام	شمع شب کو رکھتے ہیں دائم قیام
بے فروغت روز روشن ہم شب ست	بے پناہت شیر اسیر ارنب ست	دن بغیر از نور تیرے رات ہے	شیر بے تیرے مطیع خرگوش ہے
باش کشتیبان درین بحر صفا	کہ تو نوح ثانی اے مصطفےٰ	ہو[سلہ] تو اس دریا میں کشتیبان سدا	نوح ثانی تو جو ہے اے مصطفےٰ
رہ شناسی می بباید بالباب	ہر رہے را خاصہ اندر راہ آب	رہبر عقلا ہو تو رہ آب میں	خاصہ رہبر ہو تو راہ آب میں
خیز بنگر کاروان رہزدہ	غول کشتیبان این بحر آمدہ	کاروان رہ زدہ کو دیکھ آ	غول کشتیبان ہوا اس بحر کا
خضر وقت و غوث ہر کشتی توی	ہمچو روح اللہ مکن تنہا روی	خضر وقت و غوث ہر کشتی کا تو	مثل عیسیٰ تنہا اب مت راہ تو
پیش این جمعے چو شمع آسمان	انقطاع و خلوت آری را بمان	اس گروہ کے آگے جون شمع سما	ترک اور خلوت پذیری کو ہٹا
وقت خلوت نیست اندر جمع آ	اے ہدی چون کوہ قاف و تو ہمای	وقت[سلہ] خلوت نے جماعت میں تو آ	کوہ قاف اندر ہے تو مثل ہما
بدر بر صدر فلک شد شب روان	سیر را نگذارد از بانگ سگان	آسمان پر بدر شب کو جائے ہے	نے سگوں کے بھونکنے سے وہ رکے
طاعنان ہمچون سگان بر بدر تو	بانگ میدارند سوی صدر تو	طعنہ زن جون سگ تمھارے بدر پے	بھونکتے جانب تمھارے صدر کے
این سگان کرند ز امر انصتوا	از سفہ وعوع کنان بر بدر تو	سگ ہیں بہرے انصتوا کے امر سے	بھونکتے نادان تمھارے بدر پے

سلہ اس لئے الخ ۵ شعر اسواسطے حق نے مزمل یعنی کملی پوش احمد کو کہا کہ تو اے شاہ اس کملی سے باہر آ تو اپنا سر و رو کمل میں مت چھپا جہان جسم پریشان اور تو ہوش ہے ننگ مدعی سے تو پوشیدہ مت ہو کہ تو نور وحی آسمان رکھتا ہے قم اللیل کہ شمع انام ہے شمع شب کو ہمیشہ قیام رکھتی ہے دن بغیر نور تیرے کے رات ہے اور شیر بغیر تیرے مطیع خرگوش کا ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ سلہ ہو تو الخ ۵ شعر تو اس دریا میں ہمیشہ کشتیبان ہو اے مصطفےٰ جو تو نوح ثانی ہے تو راہ پانی میں عقلمندوں کا رہبر ہو اور خاص کر تو رہبر ہو راہ آب میں کاروان رہ زدہ کو تو آکے دیکھ کہ غول کشتیبان اسی بحر کا ہوا ہے خضر وقت اور غوث کشتی کا تو ہے عیسیٰ کے مانند تنہا نہ جا تو اس گروہ کے آگے مانند شمع آسمان کے ہے ترک اور خلوت پذیری کو چھوڑ یعنی یا رسول اللہ صلعم تم نوح ثانی اس دنیا میں ہو اہل عقل کی رہبری اس راہ آب یعنی میں تم کرو اور مانند عیسیٰ کے تنہا مت جاؤ آگے اس کا بیان ہے فافہم ۱۲ سلہ وقت الخ ۵ شعر وقت خلوت کے کا نہیں ہے تو جماعت میں آ کہ تو کوہ قاف میں مانند ہما کے ہے آگے مثال ہے بدر آسمان پر شب کو جاتا ہے کتوں کے بھونکنے سے نہیں ٹھہرتا ہے طعنہ زن مانند سگ کے تمھارے بدر پر بھونکتے ہیں جانب صدر تمھارے کے سگ بہرے ہیں انصتوا کے حکم سے وہ نادان بھونکتے ہیں تمھارے بدر پر اے شفا بیمار کو تو مت چھوڑ بہروں کے خشم سے عصا سے کو یعنی ہدایت کو مت چھوڑ تو نے نہیں کہا کہ اندھے کو راہ پر لانے سے سو ثواب و اجر حق دیگا جو چالیس قدم اندھے کو کھینچے مغفور ہو اور ہدایت پائے یعنی یا رسول اللہ تم شفا ہو اپنے یاران عشاق کو طعنہ زنوں کے کہنے سے مت چھوڑو آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲

هین بگذار ای شفا رنجور را	تو ز خشم کر عصای کور را	اے شفا بیمار کو مت چھوڑ تو	خشم کرے تو عصا بے کور کو
نے تو گفتی قائد اعمیٰ براه	صد ثواب و اجر یابد از اله	نے تو بولا قائد کوران براہ	سو ثواب اور اجر پائے از الہ
هر که او چل گام کوری را کشد	گشت آمرزیده و یابد رشد	جو قدم چالیس کھینچے کور کو	ہووے مغفور اور ہدایت پائے وہ
پس بکش تو زین جهان بیقرار	جوق کوران را قطار اندر قطار	اس[۱] جہان سے تو گروہ کور کو	پس قطار اندر قطار اب کھینچ تو
کار هادی این بود تو هادیی	ماتم آخر زمان را شادیی	کام ہے ہادی کا یہ ہادی ہو تم	ماتم امت کو بس شادی ہو تم
هین روان کن ای امام متقین	این خیال اندیشگان را تا یقین	بس تو لیجا اے امام متقین	ان خیال اندیش کو تو تا یقین
هر که در مکر تو دارد دل گرو	گردنش را من زنم تو شاد شو	مکر میں تیرے جو دل رکھے گرو	ماروں گردن اسکی میں تو شاد ہو
بر سر کوریش کوریها نهم	او شکر پندارد و زهرش دهم	اندھے پن پر اسکے اندھاپن رکھوں	جانے وہ شکر میں اسکو زہر دوں
عقلها از نور من افروختند	مکرها از مکر من آموختند	روشنی عقلوں کو میرے نور سے	مکر سیکھے میرے مکر و زور سے
چیست خود آلاجق آن ترکمان	پیش پای نره پیلان جهان	ان[۲] سپاہیوں کا چھپر کیا ہے شے	پلنے پیلان جہان کے سامنے
آن چراغ او بپیش صرصرم	خود چه باشد ای مهین پیغمبرم	وہ چراغ اک آگے صرصر کے مرے	ای نبی اعلیٰ مرے وہ کیا ہے شے
خیز در دم تو بصور سهمناک	تا هزاران مرده بر روید ز خاک	صور ہیبت کو تو اٹھکر پھونکدے	پیدا مردے تا ہوں صدہا خاک سے
چون تو اسرافیل وقتی راست خیز	رستخیزی ساز پیش از رستخیز	وقت کا اپنے تو اسرافیل ہے	حشر کر قائم تو پہلے حشر سے
هر که گوید کو قیامت ای صنم	خویش بنما که قیامت نک منم	جو کہے کیا حشر ہے اے ذوفنون	آپ کو بتلا کہ میں یہ حشر ہوں
درنگر ای سائل محنت زده	زین قیامت صد جهان قائم شده	دیکھ تو اے سائل محنت بھرے	سو جہان اس حشر سے قائم ہوے
ور نباشد اهل این ذکر و قنوت	پس جواب الاحمق ای سلطان سکوت	گر نہ[۳] لائق ہووے وہ اس ذکر کے	شاہ خاموشی جواب احمق کا ہے
ز آسمان حق سکوت آید جواب	چون بود جانا دعا نامستجاب	چرخ حق سے خامشی آئے جواب	جو کہ ہو جانا دعا نامستجاب

[۱] اس جہان سے آخر ۶ شعر اس جہان سے گروہ اندھے کو قطار اندر قطار کھینچو یہ کام ہادی کا ہے اور تم ہادی ہو ماتم امت کو تم ہی شادی ہو اے امام متقین بس تم لیجاؤ ان خیال اندیش کو یقین تک جو گروہ مکر میں تیرے دل رکھے میں گردن اسکی ماروں اور تم خوش ہو اندھے پن پر اسکے اندھاپن رکھوں وہ شکر جانے اور میں اسکو زہر دوں عقلوں کو روشنی میرے نور سے ہو اور مکر سیکھے میرے مکر سے یعنی حق فرماتا ہے کہ مصطفیٰ صلعم تم ہادی ہو اور تم امت کو تم ہی شادی ہو پس خیال اندیشوں کو تم یقین تک لیجاؤ کہ عقل روشن ہے میرے نور سے اور مکر سیکھے میرے مکر سے آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲ [۲] ان آخر ۵ شعر سپاہیوں کا چھپر کیا شے ہے پیلان جہان کے پاؤں کے سامنے وہ ایک چراغ آگے صرصر کے میرے اے نبی اعلیٰ میرے کیا شے ہے تو اٹھکر صور کو پھونکدے تاکہ مردے پیدا ہوں صدہا تو اپنے وقت کا اسرافیل ہے تو حشر قائم کر اول حشر میں جو کہے کہ حشر کیا ہے تو آپکو بتلا کہ یہ حشر ہوں تو دیکھ اے سائل محنت بھرے سو جہان اس حشر سے قائم ہوے یعنی ذات جناب رسول مقبول صلعم ایک حشر ہے کہ مردہ دلوں کو زندہ کرتی ہے اور موافقوں کو جنت و مخالفوں کو دوزخ میں ڈالتی ہے آگے بیان خاموشی کا ہے فافہم ۱۲

[۳] گر نہ لائق آخر ۸ شعر اگر وہ اس ذکر کے لائق نہوے اے شاہ خاموشی جواب احمق کا ہے چرخ حق سے خاموشی جواب کے آئے جو کہ لائق معنی ہدایت کے کا نہوے تم خاموش ہو اور کچھ نہ کہو کہ حق جسکی دعا قبول نہیں کرتا ہے کچھ اسکا جواب نہیں دیتا ہے افسوس اب وقت خرمن کا آگیا تنگ وقت ہے اور بڑا کلام ہے اسیر عمر دوام تنگ آتی ہے کہ پہلے تنگ کہ نیزہ بازی تنگ کرتی ہے نیزہ بازوں کو وقت تنگ ہے اور خاطر و فہم عوام تنگ ہے سو وقت سے ہے خاموشی جو احمق کا جواب ہے کیسے بات کو درازی کی تاب ہے بحر رحمت جود سے خدا بارش کرتا ہے ہر زمین شور پر یعنی جو کہ خاموشی جواب احمق کی ہوئی پھر میں بجز خاموشی کے کیسے بات دراز کروں

جو بقول سعدی علیہ الرحمۃ مصرع جواب جاہلان باشد خموشی ؛ آگے جواب الجواب کے ترک کرنے اور خاموش رہنے کے بیان میں فافہم ۱۲

اے دریغا وقت خرمنگاہ شد	لیک روزا ز بخت ما بیگاہ شد
وقت تنگ ست و فضاے این کلام	تنگ مے آید برو عمر دوام
نیزہ بازی اندرین کوہہاے تنگ	نیزہ بازان را ہمی آرد بہ تنگ
وقت تنگ و خاطر و فہم عوام	تنگ تر صد رہ ز وقت ست اے غلام
چون جواب احمق آمد خامشی	این درازی در سخن چون میکشی
حق ز بحر رحمت و موج کرم	مید ہد ہر شورہ را باران نم

ہاے وقت اب خرمنون کا آگیا	روز بیوقت اب ہمارا ہوگیا
وقت ہے تنگ اور بڑا ہے یہ کلام	تنگ آتی اس پہ ہے عمر دوام
نیزہ بازی کو ہماے تنگ سے	نیزہ بازون کو کرے بس تنگ ہے
وقت تنگ اور خاطر و فہم عوام	تنگ تر تو وقت سے ہے اے غلام
آئی خاموشی جو احمق کا جواب	بات کو کیسے درازی کی ہے تاب
بحر رحمت سے خدا از جود سے	کرتا بارش ہر زمین شور پے

در بیان ترک الجواب جواب باآن سخن کہ جواب الاحمق سکوت و شرح این ہر دو درین قصہ گفتہ شد

بیان ترک الجواب جواب مین اس سخن کے کہ جواب الاحمق سکوت اور شرح ان دونون کی اس قصہ مین کی گئی

پادشاہے بود او را بندۂ	مردہ عقلے بود شہوت زندۂ
خردہاے خدمتش بگذاشتی	بد سگالیدی نکو پنداشتی
گفت شاہنشہ جرایش کم کنید	ور بجنگد نامش از خط بر زنید
عقل او کم بود حرص او فزون	چون جرا کم دید شد تند و حرون
عقل بودی گرد خود کردی طواف	تا بدیدی جرم خود گشتی معاف
چون خرے پابستہ تندد از خرے	ہر دو پایش بستہ گردد بر سرے
پس بگوید خر کہ یک بندم بس ست	خود بدان کان ہر دو ز فعل آن خس ست

تھا غلام[1] اک شاہ والا جاہ کا	زندہ شہوت اور مردہ عقل تھا
وہ دقیقے خدمتون کے چھوڑتا	اور برائی کو بھلائی جانتا
بولا شہ اسکا وظیفہ کم کرو	گر لڑے تو نام اسکا کاٹ دو
عقل کم تھی اسکو زیادہ حرص تھی	جو وظیفہ دیکھا کم کی سرکشی
عقل ہوتی کرتا اپنا وہ طواف	دیکھتا جرم اپنا ہوتا معاف
جو خر پابستہ سرکش ہوے ہے	سر پہ دونون پانؤن کو بندھواتا ہے
خر کہے[2] کہ جدا اک بس کرتی ہے	جان دونون فعل اس سے ہے

[1] تھا غلام الخ ۱ شعر ایک غلام شاہ والا جاہ کا تھا زندہ شہوت سے اور مردہ عقل سے تھا پس وہ دقیقہ خدمتون کا چھوڑتا و برائی کو بھلائی جانتا شاہ نے کہا کہ اسکا وظیفہ کم کردو اور لڑے تو نام کاٹ دو اس کو عقل کم اور حرص سوا تھی جو وظیفہ کم دیکھا شرارت شروع کی آگے اس کے حقائق ہین اگر عقل ہوتی تو وہ اپنا طواف کرتا اپنا جرم دیکھتا تا معاف ہوتا آگے اس کی مثال ہے جو خر پابستہ سرکش ہوتا ہے سر پر دونون پاؤن کو بندھواتا ہے یعنی عاقل جو اپنے وظیفۂ مقررہ مین کمی دیکھتے ہین معافی چاہتے ہین اور نادان اس کے برعکس شرارت کرتے ہین اور زیادہ بلا مین پھنستے ہین باقی مثال آگے ہے فافہم ۱۲

[2] خر کہے الخ ۲ شعر خر کہے کہ ایک بند بس کرتی ہے جان تو دونون فعل اُس سے ہوئے اگر اندھا یعنی بند سے دیکھتا جبر سے باندھا اُس کے نہ باندھتے اگر جرم بند پا کو وہ جانتا اپنے ہاتھ پاؤن کو نہ بندھاتا اگر وہ بند و سختی نہ دیکھتا وہ خر نہ ہوتا ایک شیر نر ہوتا یعنی احمق اپنی بے عقلی سے قید پر قید اُٹھاتے ہین اور برائی اپنی اسے چھوڑ سکتے نہین ہین پس عقل کو نفس پر غالب رکھنا چاہیئے کہ دلیتی عقل چنانچہ غلبۂ عقل و نفس کا بیان آگے مثال مین حدیث نبوی سے فرماتے ہین فافہم ۱۲

گر بدیدی سر بندان چشم کور	بند بر دستش نہ بستندے بزور	دیکھتا گر بھید اندھا بند سے	جبر سے نے ہاتھ اسکا باندھتے
ورز جرم بند پا آگہ بدے	خود ز بند دست و پا این شدے	جانتا گر جرم بند پا کو وہ	نے بندھاتا اپنے ہاتھ اور پاؤں
ورنہ تندیدی نہ بندان بو الفضول	او نہ خر بودے شدے شیر فحول	دیکھتا نے بند و سختی وہ اگر	وہ نہ خر ہوتا وہ ہوتا شیر نر

در تفسیر این حدیث نبوی کہ ان اللہ تعالےٰ

خلق الملائکۃ ورکب فیہم العقل وخلق البہائم ورکب فیہا الشہوۃ وخلق بنی آدم ورکب فیہم العقل والشہوۃ فمن غلب عقلہ علی شہوتہ فہو اعلیٰ من الملائکۃ ومن غلبت شہوتہ علی عقلہ فہو ادنیٰ من البہائم صدق رسولہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

تفسیر اس حدیث کی ان اللہ تعالیٰ خلق الملائکۃ

تحقیق اللہ تعالیٰ نے پیدا کیا فرشتوں کو

ورکب فیہم العقل وخلق البہائم ورکب فیہا

اور سوار کیا اُنپر عقل کو اور پیدا کیا چارپایوں کو اور سوار کیا اُنپر

الشہوۃ وخلق بنی آدم ورکب فیہم العقل

خواہش کو اور پیدا کیا بنی آدم کو اور سوار کیا اُن پر عقل

والشہوۃ فمن غلب عقلہ علےٰ شہوتہ

اور خواہش کو پس اُس کسی کی کہ غالب ہوئی عقل اُسکی اوپر خواہش اسکی کے

فہو اعلیٰ من الملائکۃ ومن غلبت شہوتہ

پس وہ اعلیٰ فرشتوں سے ہے اور اُس کسی کی کہ غالب ہوئی خواہش

علی عقلہ فہو ادنیٰ من البہائم صدق رسولہ

اوپر عقل اسکی کے پس وہ ادنیٰ چوپایوں سے ہے سچا ہے قول رسول

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کا

در حدیث آمد کہ یزدان مجید	خلق عالم را سہ گونہ آفرید	ہے حدیثوں میں[1] کہ خلق اللہ نے	بس کری پیدا ہے تین اقسام کے
یک گروہ را جملہ علم و عقل و جود	او فرشتاست و نداند جز سجود	اک گروہ کو جملہ علم و عقل و جود	وہ فرشتہ ہے نہ جانے بز سجود
نیست اندر عنصرش حرص و ہوا	نور مطلق زندہ از عشق خدا	اُسکے عنصر میں نہیں حرص و ہوا	نور مطلق زندہ با عشق خدا
یک گروہ دیگر از دانش تہی	ہمچو حیوان از علف در فربہی	عقل سے خالی گروہ ہے دوسرا	مثل حیوان گھانس سے فربہ ہوا

[1] ہے حدیثوں میں الخ ۸ شعر حدیثوں میں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے خلق تین قسم پر پیدا کی ہے ایک گروہ کو بالکل عقل وجود دیا ہے وہ فرشتے ہیں کہ بجز سجدے کے نہیں جانتے ہیں اُنکے عنصر میں حرص و ہوا نہیں ہے نور مطلق ہیں اور عشق خدا سے زندہ ہیں دوسرا گروہ وہ عقل سے خالی ہے مثل حیوان کے گھانس سے فربہ ہوا اور وہ سوا اصطبل و گھانس کے نہیں دیکھتا ہے اور شقاوت و سعادت سے غافل ہے تیسرا وہ آدمی و بشر ہے کہ آدھا فرشتہ اور آدھا خر ہے خر تو مائل سفلی کا ہے اور آدھا ثانی مائل علوی کا رہتا ہے لڑنے میں کونسا غالب رہتا ہے اور کونسا دونوں میں زد جیتا ہے آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲

او نہ بیند جز کہ اصطبل و علف　　از شقاوت غافل است از شرف
وہ نہ دیکھے بس سوا اصطبل کہ　　ہے شقاوت اور شرف سے غافل کہ

زان سوم ہست آدمی زاد و بشر　　از فرشتہ نیمی و نیمش ز خر
تیسرا وہ آدمی ہے اور بشر　　ہو فرشتہ آدھا اور آدھا ہی خر

نیم خر خود مائل سفلی بود　　نیمۂ دیگر مائلِ علوی بود
آدھا خر تو مائل سفلی رہے　　آدھا ثانی مائل علوی رہے

تا کدامین غالب آید در نبرد　　زین دوگانہ تا کدامین برد نرد
کونسا لڑنے مین بس غالب ہے　　کون ان دونون مین جیتے نرد ہے

عقل اگر غالب شود شد پر فزون　　از ملائک این بشر در آزمون
عقل اگر غالب ہو وہ اعلیٰ ہو تو　　امتحان مین یہ فرشتے سے بشر

شہوت ار غالب شود پس کمتر است　　از بہائم این بشر زان کابتر است
علیہ گر شہوت کو ہو کمتر یہ ہے　　چارپایون سے بشر ابتر یہ ہے

آن دو قوم آسودہ از جنگ و حراب　　زین بشر با دو مخالف در عذاب
قوم وہ دونون لڑائی سے جدا　　وہ مخالف سے بشر یہ در بلا

وین بشر ہم ز امتحان قسمت شدند　　آدمی شکل اند و سہ امت شدند
آدمی بھی امتحان سے بٹ گئے　　آدمی صورت ہین تین اقسام ہے

یک گروہ مستغرق مطلق شدہ　　ہمچو عیسیٰ با ملک مطلق شدہ
اک گروہ مستغرق مطلق ہوا　　مثل عیسیٰ کے فرشتون سے ملا

نقش آدم لیک معنی جبرئیل　　رستہ از خشم و ہوا و قال و قیل
شکل آدم پر معنی جبرئیل　　نے رکھین خشم و ہوا و قال و قیل

از ریاضت رستہ و ز زہد و جہاد　　گوئیا کز آدمی او خود نزاد
کوشش و زہد و ریاضت سے چھٹے　　گویا وہ انسان سے نہ پیدا ہوئے

قسم دیگر با خران ملحق شدند　　خشم محض و شہوت مطلق شدند
دوسرا خر سے گروہ ملحق ہوا　　محض خشم و شہوت مطلق ہوا

وصف جبریلی در ایشان بود رفت　　تنگ بود آن خانہ و آن وصف زفت
وصف جبریلی تھا انمین بس بڑا　　تنگ گھر تھا وصف وہ انسے گیا

مردہ گردد شخص چون بیجان شود　　خر شود چون جان او بے آن شود
مردہ ہووے شخص جو بیجان ہو　　اس کی جان ہو خر جو ہو بے یار دو

زاغ گردد چون پے زاغان دود　　جسم گردد جان چو او بے جان شود
زاغ ہو جو پیچھے جائے زاغ کے　　جسم ہو جو جان بے اُس یار کے

زانکہ جانے کان ندارد ہست پست　　این سخن حق است صوفی گفتہ است
یار کو جو جان نہ رکھے پست ہی　　بات یہ حق ہے کہی درویش نے

او ز حیوانہا فزون تر جان کند　　در جہان باریک کاریہا کند
جان مارین وہ فزون حیوان سے　　کہ جہان مین سعی تدبیرین کرین

مکر و تلبیسے کہ او تاند تنید　　آن ز حیوانے دگر ناید پدید
وہ فریب و مکر جو کہ کر سکے　　ہو نہ ظاہر دوسرے حیوان سے

سلہ عقل الخ ، شعر اگر عقل غالب ہو وہ بشر اعلیٰ تر ہو امتحان مین فرشتہ سے اور اگر غلبہ شہوت کو ہو یہ بشر کمتر ہے چارپایون سے اور ابتر ہے وہ دونون قوم لڑائی سے جدا اور یہ بشر دو مخالف سے در بلا آدمی بھی امتحان سے ہٹ گئے اور آدمی صورت مین تین قسم پر ایک گروہ مستغرق مطلق ہوا مثل عیسیٰ علیہ السلام کے فرشتون سے ملا شکل آدم کی ولیکن معنی مین جبرئیل نہین رکھتے ہین خشم و ہوا اور قال و قیل کوشش و زہد و ریاضت سے چھٹے گویا وہ انسان نہین پیدا ہوئے یعنی وہ گروہ اولیاء اللہ کا ہے کہ بسبب استغراق غالب ہونے کے فرشتون سے ملا دوسرے گروہ کا حال آگے ہے فافہم ۱۲ سلہ دوسرا الخ ، شعر دوسرا گروہ خر سے ملحق ہوا محض خشم و شہوت مطلق ہوا اس مین وصف جبریلی بڑا تھا تنگ گھر تھا وہ وصف اُن سے گیا وہ شخص مردہ ہووے جو بیجان ہو اس کی جان خر ہو کہ جو بے یار ہو وہ زاغ ہو کہ جو پیچھے زاغ کے جائے جسم ہو کہ جو جان بے یار ہے وہ جان کہ یار کو نہ رکھے پست ہی بات یہ حق ہے کہ درویش نے کہی وہ جان مارین زیادہ حیوان سے کہ جو جہان مین سعی و تدبیرین کریں جو کہ وہ مکر و فریب کر سکے دوسرے حیوان سے ظاہر نہ ہو یعنی دوسرا گروہ کہ حیوانوں سے زیادہ جان مارے کہ وہ جہان مین سعی و تدبیرین کرتا ہے آگے اس تدبیر کا بیان ہے فافہم ۱۲

جامہ ہائے زرکشی را بافتن ... دُرّ ہا از قعر دریا یافتن
خردہ کاریہائے علم ہندسہ ... یا نجوم و طب و علم فلسفہ
کان تعلق با ہمی دنیستش ... رہ بہفتم آسمان بر نیستش
این ہمہ علم بنائے آخر ست ... کہ عماد بود گاؤ اشتر ست
بہر استبقائے حیوان چند روز ... نام آن کردند این گیجان رموز
علم راہ حق و علم منزلش ... صاحب دل داند آنرا باد لش
پس درین ترکیب حیوان لطیف ... آفرید و کرد با دانش الیف
نام کالانعام کرد آن قوم را ... زانکہ نسبت کو بہ یقظہ نوم را
روح حیوانی ندارد غیر نوم ... حسہائے منعکس دارند قوم
یقظہ آمد نوم حیوانے نماند ... انعکاس حس خود از لوح خواند
ہمچو حس آنکہ خواب او را ربود ... چون شد او بیدار عکس او نمود
لاجرم اسفل بود السافلین ... ترک او کن لا احب الآفلین

[۱] زرکشی کا جامہ بنتا ہے ... اور لانا قعر دریا سے گہر
اور حاصل کرنا علم ہندسہ ... یا نجوم اور علم طب اور فلسفہ
کہ تعلق انکو وہ دنیا سے ہے ... رہ نہ انکو ساتوین افلاک پے
علم یہ سب جڑ ہے کھانے گھانس کی ... اونٹ و خر کا ہے ستون زندگی
تھوڑے دن حیوان کے جینے کیلئے ... نام رمز اسکا رکھا احمق نے ہے
علم راہ حق و منزل گاہ سے ... اہل دل یا اسکا دل جانے اسے
[۲] پیدا اس ترکیب مین حیوان کیا ... بس لطیف اور یار دانش کا رکھا
نام کالانعام رکھا قوم کا ... خواب کو جگنے سے کیا نسبت بھلا
روح حیوانی کو نہ جز خواب کے ... پس حسون کو الٹی رکھتی قوم ہے
خواب حیوانی گئی جگنا ملا ... اپنی حس کا الٹا پن لوح سے پڑھا
مثل حس اُس شخص کے جو سو گیا ... جو ہوا بیدار اُسے اُلٹا دکھا
اسلئے اسفل ہوا ساقلین ... چھوڑ اسکو لا یحب[۱] الآفلین

تفسیر آیہ واما الذین فی قلوبہم مرض فزادتہم رجسًا الی رجسہم

تفسیر آیہ شریف واما الذین فی قلوبہم مرض فزادتہم رجسًا الی رجسہم

اور وہ لوگ کہ اُن کے دلون مین مرض ہے پس زیادہ کی اُنھون نے گندگی پر گندگی ۱۲

زانکہ استعداد تبدیل و نبرد ... بودش از پستی و آنرا فوت کرد

[۳] جو تھی استعداد انھین تبدیل کی ... سمت پستی سے اُسے ضایع کری

[۱] زرکشی الخ ۶ شعر ہنر سے زرکشی کا جامہ بُننا اور قعر دریا سے گوہر لانا اور حاصل کرنا علم ہندسہ یا نجوم و علم طب و فلسفہ کا کہ وہ تعلق انکو دنیا سے ہو اور راہ نہیں انکو ساتون افلاک پر یہ علم سب جڑ ہے گھانس کے کھانے کا اور ستون زندگی اونٹ و خر کا ہو تھوڑے دن حیوان کے جینے کے لئے نام اسکا رمز احمق نے رکھا ہو علم راہ حق و منزل گاہ سے اہل دل اُسے جانتا ہو باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ [۲] پیدا الخ ۶ شعر اس ترکیب مین حیوان کو پیدا کیا بس لطیف اور یار دانش کا رکھا اُس قوم کا نام کالانعام رکھا خواب کو بیداری سے بھلا کیا نسبت ہے روح حیوانی کو بجز خواب کے پس قوم حسون کو اُلٹی رکھتی ہے خواب حیوانی گئی جگنا ملا اپنی حس کا لوح سے اُلٹا پن پڑھا مثل حس اُس شخص کے جو سو گیا اور جو بیدار ہوا اُسے اُلٹا دکھا اسواسطے اسفل ہوا ساتھ سافلین کے اسکو چھوڑ لا احب الآفلین یعنی نہیں دوست رکھتا ہو ڈوبنے والے کو یعنی اللہ تعالےٰ نے اس قوم کو کالانعام کہا ہو کہ یہ مثل حیوانون کے جیتے ہین پس دوسری قسم کے لوگ حیوان ہین آگے تیسری قسم کا بیان ہو فافہم ۱۲ [۳] جو تھی الخ ۶ شعر جو انھین استعداد تبدیل کی تھی پستی سے اسکو ضایع کرے جو حیوان کو استعداد نہیں ہو جو لتی مین وہ عذر اسکو روشنی ہو جو انکی استعداد رہبر گئی جو غذا کھائی وہ مغز خر بنی اگر بلادر کھاتے تو افیون ہو سکتہ و بیہوشی اسکو زیادہ ہو یعنی بلادر ایک دوا ہے کہ اس سے رطوبت دماغ مین بڑھتی ہو اور افیون سے یبوست آگے تیسری قسم کا بیان ہو تیسری قسم کہ کوشش میں رہتی نصف حیوان و نصف نیکی ہو عقل سے دن رات تکرار اور جھگڑے مین رہے اُسکا اول آخر سے لڑے یعنی تیسری قسم کا گروہ نصف حیوان بنصف نیک ہے کہ رات دن جھگڑے مین رہتا ہو چنانچہ آگے اسکا بیان ہو

باز حیوان را چو استعداد نیست ۔ عذر او اندر بہیمی روشنی است
زد چو استعداد شد کان رہبر است ۔ ہر غذائے کو خورد مغز خر است
گر پلا در خورد او افیون شود ۔ سکتہ و بی عقلیش افزون شود
ماند یک قسم دگر در اجتہاد ۔ نیم حیوان نیم حے با رشاد
روز و شب در جنگ اندر کشمکش ۔ کردہ چالش اولش با آخرش

روشنی وہ عذر حیوانی میں ہے ۔ جو نہ حیوان کو ہی استعداد ہے
جو غذا کھائے وہ مغز خر بنی ۔ اسکی استعداد رہبر جو گئی
سکتہ اور بیہوشی افزون ہوا ہے ۔ گر پلا در کھائے وہ افیون بنے
نصف حیوان نصف نیکی سے وہ بچا ۔ تیسری قسم ایک کوشش میں ہی
اور اسکا آخر اسکے سے لڑے ۔ رات دن تکرار او جھگڑے میں ہے

چالیش عقل با نفس ہمچون تنازع مجنون با ناقہ و میل مجنون سوے حرہ و میل ناقہ سوے کرہ چنانچہ خود گفتہ است

تکرار عقل کی نفس سے مثل تنازع مجنون کے ناقہ سے کہ رغبت مجنون کی طرف لیلی کے اور رغبت ناقہ کی طرف بچے کے جیسے کہ خود کہا ہے

ہوی ناقتی خلفی و قدامی الہوے ۔ وانی وایا ہا لمختلفان
ہوئ ناقتی خلفی و قدامی الہوے ۔ وانی وایا ہا لمختلفان

ہمچو مجنون در تنازع با شتر ۔ گہ شتر چربید و گہ مجنون حر
ہمچو مجنون شد و چون ناقہ اش یقین ۔ میکشید آن پیش و این واپس بکین
میل مجنون پیش آن لیلی روان ۔ میل ناقہ پس پے کرہ دوان
یکدم ار مجنون زخود غافل شدی ۔ ناقہ گردیدے و واپس آمدی
عشق و سودا چونکہ پر بودش بدن ۔ می نبودش چارہ از بیخود شدن
آنکہ او باشد مراقب عقل بود ۔ عقل را سودائے لیلی در ربود
لیک ناقہ بس مراقب بود و چست ۔ چون بدیدے او مہار خویش سست
فہم کردی زو کہ غافل گشت و دنگ ۔ رو سپس کردی بکرہ بیدرنگ

گاہ غالب اونٹ گہ مجنون رہے ۔ جیسے مجنون کا تنازع اونٹ سے
کھینچے وہ آگے یہ اور پیچھے پھرے ۔ مثل مجنون اور اسکے اونٹ کے
میل ناقہ پیچھے بچے کے پھرے ۔ میل مجنون آگے لیلی کے چلے
پھرتا ناقہ کرتا وہ واپس قدم ۔ ہوتا غافل جبکہ مجنون ایکدم
نے علاج اسکا تھا جز بیخود ہو ۔ لیگیا تھا عشق بیخود سے اسے
عقل کو لیلی کی خواہش لیگئی ۔ رکھتا جو امید تھا وہ عقل تھی
جب مہار اپنی وہ ڈھیلی دیکھتا ۔ لیک بس ناقہ وہ پر امید تھا
جلد منہ بچے کی جانب دیکھتا ۔ جانتا اسکو کہ غافل ہوگیا

سلہ جیسے آلخ ہم شعر جیسے مجنون کا تنازع ناقہ سے کہ کبھی غالب ناقہ اور کبھی مجنون رہے مثل مجنون اور اس کے ناقہ کے کہ وہ آگے کھینچے اور یہ پیچھے پھرے میل مجنون کا آگے لیلے کے چلے اور میل ناقے کا پیچھے بچے کے پھرے جبکہ مجنون ایک دم غافل ہوتا ناقہ پھرتا اور واپس قدم کرتا باقی حال اسکا آگے ہے فافہم ۱۲ سلہ ۔ لے گیا آلخ ۴ شعر جو اسے عشق خود سے لیگیا نہ علاج اس بجز بیخودی ہونے کے تھا جو امید رکھتا تھا وہ عقل تھی کہ عقل کو لیلی کی خواہش لے گئی ولیکن وہ ناقہ بس پر امید تھا اور جب مہار اپنی وہ ڈھیلی دیکھتا تھا اس کو جانتا کہ غافل ہوگیا جلد منہ بچے کی جانب پھیرتا وہ ہوش میں آتا تو دیکھتا کہ کوسون واپس اس جگہ سے ہوگیا تین دن کی راہ میں مجنون رہا اس تردد کے سبب سے برسون آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲ عسہ رغبت ناقہ میری کی پیچھے ہے اور خواہش میری آگے ہے فافہم ۱۲ عسہ یعنی میں اور وہ ناقہ دونوں اختلاف کرنے والے ہیں ۱۲

چون بخود باز آمدی دیدی کجا | کز سپس رفته است بس فرسنگها
در سه روزه ره بدین احوالها | ماند مجنون در تردد سالها
گفت اے ناقه چو هر دو عاشقیم | ما دو ضد پس همره نالائقیم
نیستت بر وفق من مهر و مهار | کرد باید از تو عزلت اختیار
این دو همره یکدگر را راهزن | گمره آن جان کو فرو ناید ز تن
جان ز هجر عرش اندر فاقه | تن ز عشق خاربن چون ناقه
جان گشاید سوے بالا بالها | در زده تن بر زمین چنگالها
تا تو با من باشی اے مرده وطن | پس ز لیلی دور ماند جان من
روزگارم رفت زین گون حالها | همچو تیه و قوم موسیٰ سالها
خطوتینی بود این ره تا وصال | مانده ام در ره ز مستی چند سال
راه نزدیک و بماندم سخت دیر | سیر گشتم زین سواری سخت سیر
سرنگون خود را ز اشتر در فگند | گفت سوزیدم ز غم تا چند چند
تنگ شد بروی بیابان فراخ | خویشتن افگند اندر سنگلاخ
آنچنان افگند خود را سخت سیر | که مخلخل گشت جسم آن دلیر
چون چنان افگند خود را زیر پست | از قضا آن لحظه پایش هم شکست
پاے را بر بست و گفتا گو شوم | در خم چوگانش غلطان میروم
زین کند نفرین حکیم خوش دهن | بر سوارے کو فرو ناید ز تن

ہوش میں آتا تو وہ بس دیکھتا | کوسون واپس اُس جگہ سے ہو گیا
تین دن کی راہ میں مجنون تھا | اس تردد کے سبب سے سالہا
[51] بولا اے ناقہ جو دو عاشق ہیں ہم | دونوں ضد ہمراہ کیسے ہوئیں ہم
نے موافق ہے مرے تیری مہار | پس تجھسے میں عزلت کروں اب اختیار
یہ دو ہمرہ راہزن آپس میں ہیں | وہ ہے گمرہ جان رہے جو جسم میں
جان ہجر عرش سے فاقہ میں ہے | تن جو ناقہ خوش ہے عشق خار سے
جان کھولے سوئے اعلیٰ اپنے پر | جسم چنگل مارے اپنا خاک پر
[52] تو ہو جبتک ساتھ اے مردہ وطن | دور لیلیٰ سے رہے یہ جان من
عمر گذری ایسے حالوں میں مری | جیسے قوم موسیٰ تیہ میں تھی پھنسی
دو قدم بیرہ رہی تھی راہ وصال | میں رہا مستی سے رہ میں چند سال
راہ نزدیک اور ہوئی پس مجکو دیر | اس سواری سے ہوا میں بسکہ سیر
سرنگون اپنے کو پھینکا اونٹ سے | بولا غم سے میں جلوں کب تک ترے
تنگ اُس پر وہ بڑا میدان ہوا | پتھروں میں خود کو پھینکا پُر جفا
ایسا پھینکا خود کو نیچے زور سے | کہ ہوئے بے چین اعضا جسم کے
خود کو پھینکا ایسا نیچے برملا | کہ قضا سے پانون ٹوٹ اسکا گیا
پانون باندھا اور کہا میں گیند ہوں | اُسکے چوگان میں لڑھکتا ہی چلوں
[53] اس لئے لعنت حکیم اسپر کرے | جو سوار اُترتا نہیں ہے جسم سے

۵۱ بولا الخ ۵ شعر مجنون نے کہا کہ اے ناقہ جو ہم دونوں ضد ہمراہ رہیں تیری مہار میرے موافق نہیں ہے میں تجھ سے اب عزلت اختیار کروں آگے اس کے حقائق ہیں یہ دونوں راہزن آپس میں ہمراہ ہیں وہ جان گمراہ ہے کہ جو جسم میں رہے جان ہجر عرش سے تلقے میں ہے اور تن عشق خار سے خوش شل ناقے کے ہے جان اعلیٰ کی طرف اپنے پر کھولے اور جسم خاک پر اپنا چنگل مارے یعنی جسم ناقہ و جان مجنون ہے پس جان بسبب ہجر کے عرش کی جانب کھینچے اور جسم خاک کی جانب پھرے آگے رجوع بقصہ ہے فافہم ۱۲ ۵۲ تو ہو جبتک الخ ۵ شعر توجبتک اے مردہ وطن ساتھ ہو لیلیٰ سے دور رہے جان میری ایسے حالات میں عمر میری گذری جیسے قوم موسیٰ کی تیہ میں پھنسی یہ راہ وصال تک دو قدم رہی تھی کہ میں مستی سے چند سال راہ میں رہا راہ نزدیک اور مجکو دیر ہوئی اس سواری سے مجکو سیری ہوئی پس خود کو سرنگون ناقہ سے پھینکا کہا کہ غم سے تیرے کب تک جلوں وہ بڑا میدان اُسپر تنگ ہوا اور خود کو پتھروں میں پھینکا پُر جفا خود کو ایسا زور سے نیچے پھینکا کہ اعضا جسم کے بےچین ہوئے خود کو ایسا نیچے پھینکا برملا کہ قضا سے اسکا پاؤں ٹوٹ گیا پس پاؤں کو باندھا اور کہا کہ میں گیند ہوں اُسکے چوگان میں لڑھکتا چلوں آگے اس کے حقائق ہیں فافہم ۱۲ ۵۳ اسلئے الخ ۷ شعر اسواسطے حکیم سنائی اُسپر لعنت کرے کہ جو سوار اُترا نہیں ہے جسم سے کب عشق مولیٰ کا لیلےٰ سے کم ہے گیند ہونا خوب ہے اسکے واسطے اگر گیند ہو کر صدق کے پہلو پر چوگان عشق کے خم میں پھرے کہ اس سفر کے بعد جذب خدا ہے کہ وہ سفر ناقہ کا اپنی سیر ہے ایسی سیر کشش بے جنس سے یا زیادہ ہے کوشش جن و انس سے اسطرح جذب نہیں ہے ہر جذب عام کا جیسا افضل احمد نے لکھا ہو والسلام نعمہ کو لہ کر تو اسواسطے غلام ہے کہ اسنے شاہ کو پیام لکھا ہے یعنی عشق مولا کا لیلیٰ سے کم نہیں ہے کہ مجنوں تو لیلیٰ کے واسطے اپنے ناقے کو چھوڑے اور جان

تو مولا کے واسطے اس جسم کو نہ چھوڑے پس ترک خودی کے بعد جذب الٰہی ہے کہ حق اُس کو خود کھینچے آگے قصہ جذب حقیقی کے بیان میں ہے فافہم ۱۲

عشق مولا کے کم از لیلیٰ بود ❊ گوے گشتن بہر او اولےٰ بود
گوے شو میگرد بر پہلوے صدق ❊ غلط غلطان در خم چوگان عشق
کاین سفر زین پس بود جذب خدا ❊ وان سفر بر ناقہ باشد سیر ما
اینچنین سیریست مستثنیٰ ز جنس ❊ کاین فزود از اجتہاد جن و انس
اینچنین جذبیست نے ہر جذب عام ❊ کہ نہادش فضل احمد والسلام
قصہ کوتہ کن براے آن غلام ❊ کہ سوے شہ بر نبشتہ است او پیام

عشق کب مولا کا کم لیلیٰ سے ہے ❊ گیند ہونا خوب ہے اسکے لئے
گیند ہو کر صدق کے پہلو پہ گر ❊ عشق کے چوگان کے خم میں تو پھر
اس سفر کے بعد ہے جذب خدا ❊ وہ سفر ناقہ کا سیر اپنی بنا
سیر مستثنیٰ ہے ایسی جنس سے ❊ ہے یہ افزون جہد جن و انس سے
اسطرح کا جذب ہے ہر جذب عام ❊ فضل احمد جیسے رکھا والسلام
قصہ کوتہ کر تو اب بہر غلام ❊ کہ لکھا ہے شاہ کو اُسنے پیام

نبشتن آن غلام قصہ شکایت نقصان اجرے سوے بادشاہ

لکھنا اُس غلام کا بادشاہ کو قصہ شکایت نقصان وظیفہ اپنے کا

رقعۂ پر جنگ و پر مستی و کین ❊ میفرستد پیش شاہ نازنین
کالبد نامہ است اندرو نگر ❊ ہست لائق شاہ را آنگہ ببر
گوشۂ رو نامہ را بکشا بخوان ❊ بین کہ حرفش ہست در خورد شہان
گر نباشد در خور او را پارہ کن ❊ نامۂ دیگر نویس و چارہ کن
لیک فتح نامۂ تن زپ مدان ❊ ورنہ ہر کس سر دل دیدے عیان
نامہ بکشادن چہ دشوار است صعب ❊ کار مردان است نے طفلان تعب
جملہ بر فہرست قانع گشتہ ایم ❊ زانکہ در حرص و ہوا آغشتہ ایم
باشد آن فہرست دامے عامہ را ❊ تا چنان دانند متن نامہ را
باز کن سر نامہ را گردن متاب ❊ زین سخن واللہ اعلم بالصواب

خط پُر از مستی و کینہ جنگ کو ❊ بھیجتا ہے پاس شاہنشہ کے وہ
جسم خط ہے اُسکے اندر دیکھ تو ❊ گر ہے لائق لیجا اسدم شاہ کو
کھول تنہائی میں نامہ پڑھ لے ❊ دیکھ شہ کے لائق اسمیں حرف ہے
گر نہ لائق ہووے اسکو پارہ کر ❊ دوسرا نامہ تو لکھ اور چارہ کر
کھولنا نامہ کا لیک آسان نہ جان ❊ ورنہ ہوتا راز دل سب پر عیان
کھولنا نامے کا دشواری رکھے ❊ کام مردون کا ہے لڑکون کا ہے
جملہ ہم فہرست پر قانع ہوئے ❊ کہ ہوا و حرص سے ہم ہیں بھرے
سر کے بل ہر دم گرے جون اسپ لنگ — کہ ہو بوجھا بھاری اور رہ مین ہو سنگ

سلہ ایک دن آخر ے شعر ایک روز خچر نے اونٹ کو دیکھا جو اصطبل مین وہ دونون شامل ہوے کہا کہ مین منہ کے بل گرتا ہون ٹھوکر سے کوہ و صحرا و کوچہ و بازار مین اگرچہ مین منہ کے بل گرون از بس اونچی نیچی برابر راہ مین خاص کر جبکہ کوہ سے اترتا ہون سر کے بل گرتا ہون ہر دم کیا کرون کیا سبب ہے کہ تو نہین گرتا ہے شاید تیری جان پاک نیک ہے مین سر کے بل گرتا ہون اور ٹھوکر کھاتا ہون منہ زانو سے میرے خون نکلتا ہے اگر پالان و سامان مجھپر بار ہووے تو کرایہ دار سے مار کھاتا ہون آگے اسکے حقائق ہین فافہم ۱۲ سلہ جیسے آخر ۶ شعر جیسے وہ کم عقل نقصان عقل سے معصیت مین ہر دم توبہ توڑدے مسخرہ شیطان کا اندر زمانہ کے ہو ضعف عقل سے وہ توبہ شکن سر کے بل ہر دم گرے مانند اسپ لنگڑے کے کہ بوجھا بھاری و راہ مین سنگ ہے زخم سر پر مول لیتا ہے عیب سے توبہ توڑ کر وہ بدبخت پھر کم عقلی سے جو وہ توبہ کرے دو پھر توبہ اُس دم توڑدے ضعف اندر ضعف کے اور غرہ اسقدر کہ وہ واصلون کو خوار تر دیکھے یعنی بسبب کم عقلی کے توبہ شکنی کرے اور باوجود اس قدر ضعف کے غرہ رکھے آگے رجوع بقصہ ہے فافہم ۱۲

می خورد از غیب بر سر زخم او — از شکست توبہ آن ادبیر جو
باز توبہ میکند با رای سست — دیو در دم باز توبہ را شکست
ضعف اندر ضعف و کبرش آنچنان — کہ بخواری بنگرد در واصلان
ای شتر کہ تو مثال مومنی — کم فتی در رو و کم بینی زنی
تو چہ داری کہ چنین بے آفتی — بے عثاری و کم اندر اوفتی
گفت گرچہ ہر سعادت از خداست — درمیان ما و تو بس فرقہاست
سر بلندم من دو چشم من بلند — بینشش عالی امان ست از گزند
از سر کہ من ببینم پای کوہ — ہر گو و ہموار را من توہ توہ
ہمچنان کہ دید او صدر اجل — پیش کار خویش تا روز اجل
آنچہ خواہد بود بعد شصت سال — داند اندر حال آن نیکو خصال
حال خود تنہا ندید آن متقی — بلکہ حال مغربی و مشرقی
نور در چشم و دلش سازد سکن — بہر چہ سازد پے حب الوطن
ہمچو یوسف کو بدید اول بخواب — کہ سجودش کرد ماہ و آفتاب
از پس دہ سال بلکہ بیشتر — آنچہ یوسف دیدہ بد بر کرد سر
نیست آن ینظر بنور اللہ گزاف — نور ربانی بود گردون شگاف
نیست اندر چشم تو آن نور رو — ہستی اندر حس حیوانی گرو
تو ز ضعف چشم بینی پیش پا — تو ضعیفی و ہم ضعیفت پیشوا

زخم لیتا ہوں سر پر غیب سے — توڑ کر توبہ کو وہ بدبخت ہے
پھر وہ کم عقلی سے جو توبہ کرے — دیو پھر توبہ کو اُس دم توڑ دے
ضعف اندر ضعف غرہ اس قدر — کہ وہ دیکھے واصلوں کو خوار تر
[1] ای شتر تو مثل مومن آشکار — کم گرے تو منہ کے بل کم کھائے ٹکر
کیا تو رکھتا ہے کہ بے آفت تجھے — نے تو گرتا ہے نہ ٹھوکر کھائے ہے
بولا اگرچہ ہر سعادت حق سے ہے — فرق بس ہے درمیان میرے ترے
سر بلند اور چشم میری ہے بلند — اور نظر عالی مری ای ہوشمند
دیکھتا ہوں کوہ پر سے چڑھ کر میں — ہر گڑھے کو اونچا نیچا راہ میں
دیکھتا ہے جیسے وہ صدر اجل — پہلے کام اپنے سے تا روز اجل
ہوئیگا [2] جو کچھ کہ بعد از ساٹھ سال — جانتا اس دم ہے وہ نیکو خصال
حال خود تنہا نہیں وہ دیکھتا — بلکہ دیکھے حال شرق و غرب کا
نور اسکی چشم باطن میں ہے ہے — کس لئے حب الوطن کیواسطے
جیسے پہلے دیکھا یوسف نے خواب — کہ کریں سجدہ مجھے مہ و آفتاب
دس برس کے بعد بلکہ اور سوا — دیکھا جو یوسف نے وہ ظاہر ہوا
وہ خفا ینظر بنور اللہ خلاف — نور حق ہوتا ہے بس گردوں شگاف
آنکھ میں تیرے نہیں وہ نور ہے — حس حیوانی نے پھانسا ہے تجھے
دیکھے [3] ضعف چشم سے تو پیش پا — تو بھی تیرا ضعیف اسے پیشوا

سله اسی سے آگے شعر ای شتر تو مانند مومن کے بظاہر کم گرے منہ کے بل و کم مار کھائے تو کیا رکھتا ہے کہ تجھے آفت نہیں ہے کہ نہ تو گرتا ہے اور نہ ٹھوکر کھاتا ہے شتر نے کہا کہ اگرچہ ہر ایک سعادت حق سے ہے ولیکن درمیان میرے و تیرے بس فرق ہے سر و چشم میری بلند ہے اور نظر عالی ہے میری اسے ہوشمند میں کوہ پر سے چڑھ کر دیکھتا ہوں ہر ایک گڑھے کو اونچا نیچا راہ میں آگے اس کے حقائق ہیں جیسے وہ دیکھتا ہے صدر اجل پہلے اپنے کام سے روز اجل تک یعنی جیسے حضرت رسول مقبول صلعم کام سے اول اجل تک کا حال معائنہ فرماتے تھے آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲ سله ہوئیگا آگے شعر جو کچھ ہوئیگا بعد ساٹھ برس کے وہ نیک خصال اسدم جانتا ہے وہ حال اپنا تنہا نہیں دیکھتا تھا بلکہ حال مشرق و مغرب کا دیکھتا تھا اُسکی چشم باطن میں نور ہے کسواسطے حب الوطن کے واسطے آگے اسکی مثال ہے جیسے یوسف علیہ السلام نے اول خواب میں دیکھا کہ مجھے سجدہ کرتے ہیں مہر و ماہ دس برس کے بعد بلکہ اور سوا جو یوسف علیہ السلام نے دیکھا تھا وہ ظاہر ہوا وہ ینظر بنور اللہ خلاف نہ تھا کہ نور حق گردون شگاف ہوتا ہے تیری آنکھ میں وہ نور نہیں ہے تجھکو حس حیوانی نے پھانسا ہے یعنی جو نور اللہ کے ساتھ دیکھتا ہے خلاف نہیں ہوتا ہے بلکہ وہ انجام میں ہے آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲ سله دیکھے آگے شعر ضعف چشم سے تو پیش پا دیکھے تو اور تیرا پیشوا ضعیف ہے جو چشم دست و پا کی پیشوا ہے وہ جاوے بیچارہ پیشتر دیکھتی ہے دوسری یہ بات ہے کہ چشم روشن تر ہے میری تیری بہ کہ خلقت میری کا ظہور ہوئی ہے کسواسطے کہ میں اولاد حلال ہوں نہ حرامی و نہ زنائی و نہ گمراہ تو اولاد زنائی بے شبہہ ہے تیر کج جاوے جو کمان کج ہووے یعنی اولیاء اللہ کی چشم باطن روشن ہوتی ہے وہ پیش و پس کو دیکھتی ہے کیونکہ وہ اولاد حلال سے ہوتے ہیں پس شتر سے مراد انبیا ہیں اور خچر سے مرتاب آگے معقول ہونا خچر کا بیان ہے فافہم ۱۲

پیشوا چشم است دست و پاے را	کو ببیند جاے را ناجاے را	چشم ہے جو دست و پائی پیشوا	دیکھے ہے جا اور بیجا کو سدا
دیگر آنکہ چشم من روشن تر است	دیگر آن کہ خلقت من اظہر است	دوسرے یہ آنکھ روشن ہے مری	تیسرے خلقت ہوئی اظہر مری
زانکہ من ہستم ز اولاد حلال	نے ز اولاد زنا و اہل ضلال	کس لئے کہ میں ہوں اولاد حلال	نے حرامی نے زنائی نے ضلال
تو ز اولاد زنائی بے گمان	تیر کژ پرد چو کژ باشد کمان	تو ہے اولاد زنائی بے گمان	تیر کج جائے جو ہووے کج کمان

تصدیق کردن استر جواب اشتر را واقرار آوردن بہ فضل او برخود واستعانت خواستن وپناہ گرفتن ونواختن شتر او را وراہ نمودن باو

سچا جاننا خچر کا جواب شتر کو اور اقرار کرنا اُس کی بڑائی کا اپنے پر اور مدد چاہنا اور پناہ لینا اور نفع پہونچانا اور راہ بتانا شتر کا اُسکو

گفت استر راست گفتی اے شتر	این بگفت و چشم کرد از اشک تر	بولا[۵۱] خچر کہتا سچ ہے اے شترا	یہ کہا اور اشک سے کی چشم تر
ساعتے بگریست و در پایش فتاد	گفت اے بگزیدۂ رب العباد	رویا اور پس اُسکے قدموں پر گرا	اور کہا کہ اے تو مقبول خدا
چہ زیان دارد کہ از فرخندگی	در پذیری تو مرا در بندگی	ہووے کیا نقصان اگر تو اب مجھے	بندگی میں بس قبول اپنی کرے
فضل تو بر من فزون است از شمار	ہم بفضل خود مرا معذور دار	فضل تیرا مجھسے زیادہ حد سے ہی	رکھ مجھے معذور اپنے فضل سے
گفت چون اقرار کردی پیش من	رو کہ رستی تو ز آفات زمن	بولا جو اقرار مجھسے بس کیا	جا کہ آفت سے زمانے کی بچا
دادی انصاف و رہیدی از بلا	تو عدو بودی شدی اہل ولا	جو ہو منصف بلا سے تو چھٹا	تھا تو دشمن دوست میرا ہو گیا
خوی بد در ذات تو اصلی نبود	کز بد اصلی نیاید جز جحود	خو سے بد نے اصل میں تھی کچھ ترے	اصل بد سے ہو نہ جز انکار کے
آن بد عاریتے باشد کہ او	آرد اقرار و شود او توبہ جو	وہ[۵۲] بدی بس عارضی ہووے کہ وہ	لائے اقرار اور ہووے توبہ جو

۵۱ بولا خچر الخ شعر خچر نے کہا کہ اے شتر تو سچ کہتا ہے پس یہ کہا اور چشم اشک سے ترکی رویا اور اس کے قدموں پر گرا اور کہا کہ اے مقبول خدا کیا نقصان ہووے کہ اگر تو اب مجھے بندگی میں اپنی قبول کرے تیرا فضل مجھپر زیادہ حد سے ہے تو مجھے معذور رکھ اپنے فضل سے کہا کہ جو تو نے اقرار مجھسے کیا جا کہ زمانہ کی آفت سے بچا یعنی جو تو مقر اور پر وحدانیت کے ہوا بلا سے بچا جو تو منصف ہوا بلا سے چھوٹا تو دشمن تھا اب میرا دوست ہوا تیری خوئے بد اصل میں کچ نہ تھی کیونکہ اصل بد سے بجز انکار کے نہیں ہوتا ہی آگے اسکے حقائق میں قلتم ۱۲

۵۲ وہ بدی الخ ۵ شعر وہ بدی عارضی ہووے کہ وہ اقرار لائے اور توبہ جو ہووے آگے اسکی مثال ہی جیسے آدم کی ذات عارضی تھی اسواسطے کہ توبہ اُسنے اُسی دم کی اس ابلیس کی جو کہ اصل بد تھی توبہ کی جانب اُسنے کوشش نہ کی آگے قول شتر کا ہے جو تو خودے وخوے بد سے چھوٹا شعلۂ نار وو دندون سے بچا جو تجکو اب دولت حاصل ہوئی پس تو نے یا بخت سر مدی یعنی جناب رسول مقبول صلعم کے جو کفار علیم پر سے تھے تو یہی معاملہ اُنکے ساتھ ہوتا تھا باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

ہمچو آدم زلتش عاریہ بود / لاجرم اندر زمان توبہ نمود
چونکہ اصلی بود جرم آن بلیس / رہ نبودش جانب توبہ نفیس
رو کہ رستی از خود و از خوے بد / وز زبانہ نار و از دندان دد
رو کہ اکنون دست در دولت زدی / در فگندی خود بہ بخت سرمدی
ادخلی تو در عبادی یافتی[1] / وادخلی فی جنتی دریافتی
در عبادش راہ کردی خویش را / رفتی اندر خلد از راہ خفا
اہدنا گفتی صراط المستقیم / دست تو بگرفت و بردت تا نعیم
نار بودے نور گشتی اے عزیز / غورہ بودے گشتی انگور و مویز
اخترے بودی شدی تو آفتاب / شاد باش اللہ اعلم بالصواب
اے ضیاء الحق حسام الدین بگیر[2] / شہد خویش اندر فگن در حوض شیر
تا رہد آن شیر از تغییر طعم / یابد از بحر مزہ تکثیر طعم
متصل گردد بدان بحر الست / چونکہ شد دریا ز ہر تغییر رست
منفذے یابد دران بحر عسل / آفتے را نبود اندر وے عمل
غرہ کن شیر وار اے شیر حق / تا رود آن غرہ بر ہفتم طبق
چہ خبر جانِ ملولِ سیر را / کے شناسد موش غرہ شیر را
برنویس احوال خود با آب زر / بہر ہر دریا دلی غرقہ گہر
آب نیل ست این حدیث جانفزا / یا ربش در چشم قبطی خون نما

جیسے تھی آدم کی لغزش عارضی / اسلئے توبہ اُسی دم اُسنے کی
اصل بد تھی جو کہ اُس ابلیس کی / جانب توبہ نہ کوشش اُسنے کی
جا کہ خود سے خوی بد سے تو چھٹا / شعلۂ نار و درندوں سے بچا
جا کہ دولت تجکو اب حاصل ہوئی / اور پایا تو نے بخت سرمدی
ادخلی اندر عبادی بس ملے / وادخلی فی جنتی کی رہ چلے
خود کو داخل اُسکے بندوں میں کیا / راہ پوشیدہ سے جنت میں گیا
اہدنا الصراط المستقیم / لے گیا وہ تجکو تا باغ نعیم
نار تھا بس نور اب تو ہوگیا / غورہ تھا انگور اب تو ہو گیا
تھا تو اختر ہو گیا تو آفتاب / خوش رہو واللہ اعلم بالصواب
اے ضیاء الحق حسام الدین نکال / میری جوئے شیر میں شہد اپنا ڈال
تا نہووے شیر میرا بدمزا / اور مزہ جیسے پائے وہ از حد مزا
متصل بحر الستی سے ہوا / جو ہوا دریا تغیر سے چھٹا
شہد کے دریا میں پائے راہ وہ / اور نہ اُسمیں دخل کچھ آفت کو ہو
نعرہ مثل شیر کر شیر خدا / تا وہ نعرہ آسمان پر ہو رسا
کیا خبر ہو بھوکی جان کی سیر کو / موش کیا پہچانے نعرہ شیر کو
آب زر سے لکھ تو حال اپنا ئے / گوہروں دریا دلوں کے واسطے
آب نیل اب یہ سخن ہی جانفزا / چشم قبطی میں تو خون کر دے خدا

سلہ[1] ادخلی الخ ۵ شعر ترجمہ داخل ہو تو میرے بندوں میں اور داخل ہو تو میری جنت میں پس تو نے خود کو داخل کیا بندوں میں راہ پوشیدہ سے جنت میں گیا کہا کہ ہدایت کر مجھ کو راہ سیدھی پردہ لے گیا تجھ کو باغ نعیم تک تو نار تھا اب نور ہو گیا تو غورہ تھا اب انگور ہو گیا تو اختر تھا آفتاب ہو گیا خوش رہو اللہ خوب جانتا ہے آگے اس کے حقائق ہیں فافہم ۱۲

سلہ[2] اے ضیاء الحق الخ ۸ شعر اے ضیاء الحق حسام الدین شہد اپنا نکال اور میری جوے شیر میں ڈال تا میرا شیر بدمزہ نہ ہووے اور مزہ بے از حد مزہ پائے بحر الستی کے متصل ہوا جو دریا ہوا تغیر سے چھوٹا وہ شہد کے دریا میں راہ پائے اور اس میں نہ کچھ آفت کو دخل ہووے شیر کے مانند نعرہ مارے اے شیر خدا تاکہ وہ نعرہ آسمان پر پہونچے بھوکی جان کی خبر کیا سیر جان ہوا اور موش کیا پہچانے نعرۂ شیر کو تو آب زر سے حال اپنا لکھ ولیکن دریا دلوں کے گوہر کے واسطے یہ سخن جانفزا آب نیل ہے اے خدا چشم قبطی میں خون کر دے یعنی رسول اللہ آپ میرے کلام میں ذوق بخشو کہ بامزہ ہووے اور مثل آب رود نیل کے چشم منکروں میں خون ہووے آگے قصہ قبطی و سبطی کا مثال میں فرماتے ہیں فافہم ۱۲ عہ داخل ہو تو میری جنت میں ۱۲ عہ ہدایت کر مجکو راستہ مضبوط ۱۲

لابہ کردن قبطی سبطی را کہ یک ظرف بہ نیت خویشش از نیل پر کن و بر لب من نہ تا بخورم بحق دوستی و برادری کہ شما چون برمیدارید آب صاف است و چون ما برمیداریم خون صاف ست

خوشامد کرنا قبطی کا سبطی سے کہ ایک برتن مین آب نیل کو بہ نیت اپنی بھر کر میرے لب پر رکھ کہ تا مین پیون کہ میرا حق دوستی و برادری کا تجھپر ہے کیونکہ جو تم بھرتے ہو آب صاف ہے اور جو ہم بھرتے ہین خون صاف ہے

می شنیدم کہ درآمد قبطیی / از عطش اندر وثاق سبطیی
گفت هستم یار و خویشاوند تو / گشتہ ام امروز حاجتمند تو
زانکہ موسیٰ جادوئی کرد و فسون / تا کہ آب نیل ما را کرد خون
سبطیان زان آب صافی میخورند / پیش قبطی خون شد آب از چشم بند
قبطیان تک میمرند از تشنگی / از پی ادبیر خود یا بد رگی
بہر خود یک طاس را پر آب کن / تا خورد از آبت این یار کہن
چون برای خود کنی این طاس پر / خون نباشد آب باشد پاک و حر
من طفیل تو بنوشم آب ہم / کہ طفیلی در طبع بجہد ز غم
گفت ای جان جہان خدمت کنم / پاس دارم ای دو چشم روشنم

یہ سنا[۱] مین نے کہ اک قبطی گیا / پاس سبطی کے جو بس تشنہ ہوا
بولا مین تیرا عزیز اور یار ہون / پر مین تجھسے آج اک حاجت کہون
کیونکہ ایسا سحر موسیٰ نے کیا / خون آب نیل ہمپر ہو گیا
صاف پانی پیتے سبطی نیل سے / قبطیون پر خون نظر بندی سے ہے
قبطی اب مرتے ہین مارے پیاس کے / اپنی بدبختی سے یا بدنسل سے
اک[۲] پیالہ پانی لا اپنے لیے / تا پیے یہ یار تیرے آب سے
جو پیالہ تو بھرے اپنے لئے / خون نہووے پاک پانی ہو تجھے
تا پیون پانی طفیل اب مین ترے / کہ طفیلے غم سے طاعت مین چھٹے
بولا ای جان جہان خدمت کرون / اے مرے دیدہ رعایت مین رکھون

سلہ ۱ یہ سنا الخ ۵ شعر یہ مین نے سنا کہ ایک قبطی گیا پاس سبطی کے جو بہت تشنہ ہوا کہا کہ مین تیرا عزیز اور یار ہون ولیکن تجھسے آج ایک حاجت رکھتا ہون کیونکہ موسیٰ نے ایسا سحر کیا ہے کہ آب نیل ہمپر خون ہوگیا ہے کہ سبطی صاف پانی نیل سے پیتے ہین اور قبطیون پر نظر بندی سے خون ہے اب قبطی مارے پیاس کے مرتے ہین اپنی بدبختی یا اصل بد سے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲
سلہ ۲ اک پیالہ الخ ۵ شعر ایک پیالہ پانی اپنے واسطے لا تاکہ یار تیرے آب سے پیئے جو پیالہ اپنے واسطے بھرے خون نہ ہووے تجھے پاک پانی ہو تاکہ تیرے طفیل مین پانی پیون کہ طفیلے طاعت مین غم سے چھوٹے کہا کہ ای جان جہان خدمت کرون ای میرے دیدہ مین رعایت رکھون تیری راے پرچلون اور عشرت کرون اور تجکو چھڑاؤن تیرا تابع ہون باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

بر مراد تو روم شادی کنم
بندۂ تو باشم آزادی کنم

طاس را از نیل او پر آب کرد
بر دہان بنہاد نیمی را بخورد

طاس را کژ کرد سوی آب خواہ
کہ بخور تو ہم شد آن خون سیاہ

باز از آن سو کرد کژ خون آب شد
قبطی اندر خشم و اندر تاب شد

ساعتی بنشست تا خشمش برفت
بعد از آن گفتش کہ ای صمصام زفت

ای برادر این گرہ را چارہ چیست
گفت این را آن خورد کو متقی است

متقی آنست کو بیزار شد
از رہ فرعون و موسیٰ وار شد

قوم موسیٰ شو بخور این آب را
صلح کن با مہ ببین مہتاب را

صد ہزاران ظلمت است از خشم تو
بر عباد اللہ اندر چشم تو

خشم بنشان چشم بگشا شاد شو
عبرت از یاران بگیر استاد شو

کی طفیل من شوی در اعتراف
چون ترا کفریست ہمچون کوہ قاف

کوہ در سوراخ سوزن کی رود
جز مگر آن کوہ برگ کہ شود

کوہ را کہ کن باستغفار خوش
جام مغفوران بگیر و خوش بکش

تو بدین تزویر چون نوشی ازان
چون حرامش کرد حق بر کافران

خالق تزویر تزویر ترا
کے خرد ای مفتری مفتری

آل موسیٰ شو کہ حیلت سود نیست
حیلہ ات باد تہی پیمود نیست

زہرہ دارد آب کز امر صمد
گردد او با کافران آبی کند

اے بمہ تیری چلوں عشرت کروں
اور پھراؤں تجکو تابع تیرا ہوں

نیل سے ۵۱ پانی پیالے میں بھرا
منہ لگا کر اُس سے بس آدھا پیا

بس جھکایا جام سوے آب خواہ
کہ تو پی وہ ہوگیا خون سیاہ

جب ادھر پھیرا تو خون پانی ہوا
قبطی اس غصہ سے آتش میں جلا

ٹھہرا تھوڑی دیر تا غصہ گیا
بعدہٗ بولا کہ اے سیف خدا

اے برادر کیا دوا اس رنج کی
بولا یہ وہ کھائے جو ہے متقی

متقی ۵۲ وہ ہے کہ جو بیزار ہے
راہ فرعون سے و موسیٰ سے ملے

قوم موسیٰ ہو و کھا اس آب کو
صلح کر مہ سے و پا مہتاب کو

سیکڑوں ظلمت ہی تیرے خشم سے
بندۂ حق پر ہے اندر چشم کے

خشم کھو اور چشم کھول اور شاد ہو
عبرتیں یاروں سے لے استاد ہو

کب طفیلی ہو مرا با اعتراف
جو ہے تیرا کفر مثل کوہ قاف

کوہ ناکے میں سوئی کے کب گھسے
اُس سوا کہ کے جو برگ کہ بنے

کوہ کو کہ کر تو استغفار سے
جام مغفوروں کا پی تو یار سے

کب تو اسکو پی سکے اس مکر سے
کہ حرام اسکو کیا کفار پے

مکر ۵۳ کا خلاق تیرے مکر کو
کب خریدے ای فریبی مکر جو

آل موسیٰ ہو و حیلہ مت کرے
فعل عبث ہی حیلہ کرنا بس تجھے

آب کو طاقت کہ حکم اللہ سے
بس پھرے اور کافروں کو آب دے

۵۱ نیل سے آخ ۵ شعر پانی نیل سے پیالہ میں بھرا اور اُس سے منہ لگا کر آدھا پیا اور پیالہ جھکایا طرف اُس آب خواہ کے کہ تو پی اور وہ خون سیاہ ہوگیا اور جب ادھر پھیرا تو خون پانی ہوا قبطی اس غصہ سے آگ میں جلا تھوڑی دیر ٹھہرا تا غصہ گیا بعدہٗ کہا کہ اے سیف خدا اے برادر اس رنج کی دوا کیا ہے کہا کہ یہ وہ شخص کھائے کہ جو متقی ہے آگے اس کے حقائق ہیں فافہم ۱۲ ۵۲ متقی آخ ۸ شعر وہ متقی ہے کہ جو بیزار ہوا راہ فرعون سے اور موسیٰ سے ملے قوم موسیٰ ہو اور اس آب کو کھا ماہ سے صلح کر ماہتاب کو پا تیرے خشم سے سیکڑوں ظلمت ہے بندۂ حق پر اندر چشم کے خشم کھو اور چشم کھول اور شاد ہو یاروں سے عبرتیں لے تا استاد ہو تو کب طفیلی میرا با اعتراف ہوگا جو بھر پانی میں جو تیرا کفر مانند کوہ قاف کے ہے تنکے میں سوئی کے کب گھسے سوا اُس کوہ کے کہ جو برگ کاہ بنے پس تو کوہ کو کاہ کر استغفار سے اور جام مغفوروں کا پی تو یار سے تو اسکو کب پی سکے اس مکر سے کہ اسکو حرام کیا ہے کفار پر یعنی وہ متقی ہے کہ جو نفس سے بیزار ہوا اور روح سے اپنی ملا پس تو نفس کو کھو اور بینا ہو اور یاروں سے عبرت پکڑ اور اپنے نفس کو لاغر کر استغفار سے آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲ ۵۳ مکر کا آخ ۸ شعر خالق مکر کا تیرے مکر کو کب خریدے ای فریبی مکار آل موسیٰ ہو حیلہ مت کر حیلہ کرنا تجکو اے فعل عبث ہے آب کو طاقت ہے کہ اللہ کے حکم سے پھرے اور کافروں کو آب دے یا تو جانے کہ تو روٹی کھاتا ہے زہر مار اور آگ جان کی کھاتا ہے وہ روٹی اصلاح جان کہاں کرتی ہے حکم حق سے وہ کہاں دل کو پھیرتی ہے یا تو جانے کہ حرف مثنوی جو تو پڑھے رائگان سبھی ہو وے یا کلام رمز اور حکمت بھرے ہوئے سہل کان میں آگئے نااہل کے سہل ہوئے ولیکن کہانی کی مثال پوست کھلائے مغز و کمال نہیں یعنی کلام اہل کے کان میں ہر نااہل کے کب آتے ہیں اور اگر کان میں آئیں

م تو مثل کہانی کے پوست ہوں باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

یا تو پنداری که تو نان میخوری — زهر مار و کاهش جان میخوری
نان کجا اصلاح آن جانی کند — کو دل از فرمان جان ده برکند
یا تو پنداری که حرف مثنوی — چون بخوانی رایگانش بشنوی
یا کلام حکمت و سر نهان — اندر آید سهل در گوش کهان
اندر آید لیک چون افسانها — پوست بنماید نه مغز و دانها
در سر و در رو کشیده چادری — رو نهان کرده ز چشمت دلبری
شاهنامه یا کلیله پیش تو — همچنان باشد که قرآن از عتو
فرق آنگه باشد از حق و مجاز — که کند کحل عنایت چشم باز
ورنه پشک و مشک پیش اخشمی — هر دو یکسان است چون نبود شمی
خویشتن مشغول کردن از ملال — باشدش قصد از کلام ذوالجلال
کآتش وسواس را و غصه را — زان سخن بنشاند و سازد دوا
بهر این مقدار آتش شاندن — آب پاک و بول یکسان شد یقین
آتش وسواس را این بول و آب — هر دو بنشانند همچو خمر و خواب
لیک گر واقف شوی زین آب پاک — که کلام ایزدست و روحناک
نیست گردد وسوسه کلی ز جان — دل بیابد ره بسوی گلستان
زانکه در باغی و در جوئی پرد — هر که از سر صحف بوئی برد
یا تو پنداری که روی انبیا — آنچنان که هست می بینیم ما

یا تو جانے کہ تو روٹی کھائے ہے — زہر مار اور آگ جان کی کھائے ہے
وہ کہاں روٹی کرے اصلاح جان — حکم حق سے دل کو پھیرے وہ کہاں
یا تو جانے کہ حروف مثنوی — جو پڑھے تو رائگان ہووے سبھی
یا کلام رمز اور حکمت بھرے — سہل آئے کان میں نااہل کے
سہل آئے پر کہانی کی مثال — پوست دکھلائے نہیں مغز و کمال
سلہ ڈالا برقع سر پے اور رخسار پے — اور چھپایا تجھ سے منہ دلدار نے
شاہنامہ اور کلیلہ ہیں تجھے — سرکشی سے ہووے جیون قرآن کی
حق و باطل سے ہو فرق اُس دم تجھے — چشم جو سرمہ عنایت سے کھلے
ورنہ مشک و مینگنی کو اخشمی — ایک سان جانے جو نے بوئیدگی
خود کو شاغل رفع وحشت کیلئے — ہو تو کرتا ہے کلام اللہ سے
سلہ کہ بجھائے وسوسہ غصہ کی نار — اس کلام حق سے تا ہووے بہار
اس طرح آتش بجھانے میں ولا — آب پاک اور بول اک سان ہی گیا
آتش وسواس کو یہ بول و آب — بس بجھائے جس طرح خواب و شراب
گر تو واقف ہو اس آب پاک سے — کہ خدا کا یہ کلام اک پاک ہے
دور بالکل وسوسہ ہو جان سے — گلستان کی راہ بس دل کو ملے
کیونکہ ہر گلستان میں وہ اڑے — بھید سے قرآن کے جسکو بو ملے
سلہ یا تو جانے ہے کہ روئے انبیا — جیسا ہے ویسا ہوں اسکو دیکھتا

سلہ ڈالا برقع الخ ۵ شعر برقع ڈالا سر پہ اور رخسار پہ دلدار نے اور تجھسے منہ چھپایا یا تجھ کو شاہنامہ اور کلیلہ سرکشی سے قرآن کے مانند معلوم ہووے اسدم تجکو حق و باطل سے فرق ہو کہ جو سرمہ عنایت سے چشم کھلے ورنہ مشک و مینگنی کو بھینڈا یکسان جانے جو بوئیدگی نہو رفع وحشت کے لئے جو تو خود کو شاغل کرتا ہے کلام اللہ سے یعنی سرمۂ عنایت سے جسدم تیری آنکھ کھلے اُس وقت کلام مثنوی و کلیلہ و شاہنامہ مین تجکو فرق معلوم ہو کہ یہ حق ہین اور وہ کہانی قصہ ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ سلہ کہ بجھائے الخ ۶ شعر کہ وسوسہ و غصہ کی نار بجھائے اس کلام حق سے تا بہار ہووے اس طرح آگ بجھانے مین آب پاک و بول یکسان ہے آتش وسواس کو یہ پیشاب و آب بجھائے جس طرح خواب و شراب بجھاتی ہے اگر تو آب پاک سے واقف ہو کہ یہ خدا کا کلام پاک ہے وسوسہ دور بالکل جان سے ہو اور گلستان کی راہ دل کو ملے کیونکہ ہر گلستان مین وہ اڑتا ہے جس کو قرآن کے بھید سے بو ملتی ہے یعنی کلام حق مثل آب پاک کے ہے اگرچہ اک وحشت دل کی بجھائی ہے ولیکن وسواس جان کو دور کرتا ہے و معنی مین راہ دیتا ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ سلہ یا تو الخ ۷ شعر یا تو جانتا ہے کہ روئے انبیا جیسا کہ ہے ویسا مین دیکھتا ہون پس مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم تعجب مین رہتے ہمیشہ مومن میرا منہ کیون نہین دیکھتے ہین نور منہ کا کیون نہین دیکھتے ہین کہ وہ روشن زیادہ ہے خورشید سے اور دیکھتے ہین تو یہ حیرت کسواسطے ہے اُسدم وحی آئی کہ وہ منہ حجاب رکھتا ہے کہ تیری جانب ماہ ہے اور خلق کی جانب ابر ہے کہ تا کوئی کافر وہ تیرا منہ نہ دیکھے تیری جانب دانہ اور خلق کی جانب دام ہے تا خاص کو کوئی عام نہ پہنچے حق نے کہا ترجمہ کہ دیکھتا ہے تو انکو جو دیکھتے ہین تجھکو نقش حمامی ہین ترجمہ وہ نہین دیکھتے ہین یعنی منہ انبیا علیہم السلام کا جو اہل معنی دیکھتے تھے وہ عام نہین دیکھ سکتے تھے کہ اہل ظاہر کو پوست دکھتا ہے اور اہل معنی کو مغز مشاہدہ معلوم ہوتا ہے آگے اسکی مثال ہے فافہم ۱۲

در تعجب مانده پیغمبر از آن	چون نمی بینند رویم مومنان	پس تعجب میں تھے پیغمبر سدا	کیون نہیں منہ دیکھتے مومن مرا
چون نمی بینند نور روم خلق	که سبق برده است بر خورشید شرق	نور منہ کا کیون نہیں ہین دیکھتے	کہ ہے روشن زیادہ وہ خورشید سے
ور ہمی بینند این حیرت چرا ست	تا که وحی آمد که این رو در خفاست	دیکھتے ہین پھر یہ حسرت کس لئے	وحی آئی کہ وہ منہ پردہ [illegible]
سوئے تو ماہ ست و سوئے خلق ابر	تا نہ بیند رایگان روئے تو گبر	تیری سو ہی ماہ سوئے خلق ابر	تا وہ منہ تیرا نہ دیکھے کوئی گبر
سوئے تو دانہ است سوئے خلق دام	تا نہ نوشد زین شراب خاص عام	تیری سو دانہ ہی سوئے خلق دام	تا پیئے نے خاص [illegible]
گفت یزدان که تراہم ینظرون	نقش حمام اند ہم لا یبصرون	بولا یزدان کہ تراہم ینظرون	نقش جامی ہین ہم لا یبصرون
می نماید صورت اے صورت پرست	کان دو چشم مرده او ناظر ست	کہ سمجھے اے بت پرست اک بت کبھی	کہ دو چشم مردہ وہ ناظر رکھے
پیش چشم نقش می آری ادب	که چرا پاسم نمی دارد عجب	تو ادب اُس چشم کے آگے کرے	کہ مرا تو پاس اب کیون نہیں رکھے
از چہ پس بے پاسخ ست این نقش ما	که نمی گوید سلامم را علیک	کس لئے یہ نقش ہے اب بے جواب	کہ سلاموں کا نہیں دیتا ہے جواب
می نہ جنباند سر و سبلت ز جود	پاس آنکه کردمش من صد سجود	نے ہلاتا ہے وہ سر از راہ جود	اسکی خاطر سو کئے ہین نے سجود
حق اگرچہ سر نجنباند برون	پاس آن ذوقی دہد در اندرون	گرچہ حق نے سر ہلائے ظاہرا	اسکی خاطر ذوق دے ہے باطنا
کہ دو صد جنبانیدن سر ارزد آن	سر چنین جنباند آخر عقل و جان	سجدے کرنا دو سو لائق ہے اسے	کہ ہلاتا سر ہے عقل و جان کے
عقل را خدمت کنی در اجتہاد	پاس عقل آن ست کافزاید رشاد	عقل کی تو جہد میں خدمت کرے	تجھکو خوبی دے یہ پاس عقل سے
حق نجنباند بظاہر سر ترا	لیک سازد بر سران سرور ترا	ظاہرا حق گو نہ جنبش سر کو دے	تجھکو حاکم وہ کئے سب سر پہ کرے
مر ترا چیزے دہد یزدان نہان	کہ سجودت کنند اہل جہان	خاص تجکو چیز اک دے حق نہان	کہ کرین سجدہ سب تجھے اہل جہان
آن چنان که داد سنگی را ہنر	تا عزیز خلق شد یعنی که زر	جیسے پتھر کو دیا ہے اک ہنر	جو عزیز خلق ہے یعنی کہ زر
قطرهٔ آبے بیابد لطف حق	گوہرے گردد برد از زر سبق	لطف حق کو پائے قطرہ آب کا	ہووے گوہر زر سے قیمت میں سوا

سہ ۵۱ کہ سمجھے آه ۷ **شعر** اسے بت پرست اگر سمجھ کر ایک بت دیکھے کہ دو چشم مردہ ناظر رکھے تو ادب اُس چشم کے آگے کرے گا تو یہ پاس اب کیون نہیں رکھتا ہے کس واسطے یہ نقش بے جواب ہے کہ میرے سلاموں کا جواب نہیں دیتا ہے نہ سر ہلاتا ہے از راہ جود کے کہ اُس کی خاطر مین نے دو سو سجدے کئے آگے جواب مومن کا ہے اگرچہ حق بھی ظاہرا سر نہیں ہلاتا ہے لیکن اُس کی خاطر باطنا ذوق دیتا ہے اُسے مومن سجدے کرنا لائق ہے کہ عقل جان کا سر ہلاتا ہے تو عقل کی جہد مین خدمت کرے تجکو خوبی دے یہ پاس عقل کا ہے یعنی تو بتان دنیا کے روبرو سر جھکاتا ہے کہ وہ جواب تک تجکو نہیں دیتے ہین اور خدا کے روبرو سر نہیں جھکاتا ہے کہ وہ عقل و دین کو تیرے رونق دیتا ہے آگے اس کا بیان ہے فافہم ۱۲ سہ ۵۲ ظاہرا حق الخ ۷ **شعر** حق بظاہر سر کو جنبش نہیں دیتا ہے دنیا و تجکو سر پر سردار کرتا ہے حق تجکو ایک چیز خاص پوشیدہ دے کہ اہل جہان تجھے سجدہ کرین جیسے پتھر کو ایک ہنر دیا ہے کہ عزیز خلق کا ہو گیا ہے یعنی وہ زر ہے قطرۂ آب اگر لطف حق کو پائے گوہر ہو وے قیمت مین زر سے سوا حق نے چمک جسم خاکی کو دی [illegible] عالم کی تسخیر کی یہ طلسم و نقش مردہ ہے لیکن احمقوں کو اس کی آنکھ نے پھیرا ہے جس نے خود کر دکھلائے اور آنکھ مارے [illegible] اس کو سند جانتے ہین یعنی یہ جسم عنصری مردہ ہے مگر اس مین حق تعالیٰ نے ایک چمک دی ہے کہ وہ عالم کو تسخیر کرتا ہے اور احمق اس جسم کی گردش چشم کو دیکھ کر جسم کو بہتر جانتے ہین اور اسیر مرتے ہین اور اس چمک کو نہیں پہچانتے ہین پس اس پہچانت کو دید و مشاہدہ کہتے ہین فافہم ۱۲

جسم خاک ست و چو حق تابیش داد — در جهانگیری چو مه شد اوستاد
این طلسم ست این نقش مرده است — احمقان را چشمش اندر ره برده است
می نماید آن کہ چشمے میزند — ابلهان سانیده انداز استاد

جسم خاکی کو چمک جو حق نے دی — مثل مہ تسخیر اک عالم کی کی
یہ طلسم و نقش مردہ ہووے — احمقون کو پھیرا اُسکی آنکھ نے
آنکھ مارے خود کو دکھلائے جب — بیوقوف اُس کو سند ہین جانتے

درخواستن قبطی دعاے خیر و ہدایت از سبطی و دعا کردن سبطی قبطی را بخیر و مستجاب شدن آن دعا از اکرم الاکرمین حق تعالیٰ

چاہنا قبطی کا دعاے خیر اور ہدایت سبطی سے اور مانگنا دعاے خیر سبطی کا قبطی کیلئے اور مستجاب ہونا اُس دعا کا بدرگاہ مجیب الدعوات

گفت قبطی تو دعاے کن کہ من — از سیاہی دل ندارم آن دہن
تا بود کہ قفل این در وا شود — زشت را در بزم خوبان جا شود
از تو مسخی صاحب خوبی شود — یا بلیسی باز کرد بی شود
تا بفر دست مریم بوی مشک — یابد و تری و میوہ شاخ خشک
سبطے آندم در سجود افتاد و گفت — کاے خداے عالم سر نهفت
سبطی و قبطی ہمہ بندہ توانا — عاجز امر تواند و ممتحن
جز تو پیش کہ برآرد بندہ دست — ہم دعا و ہم اجابت از تو است
ہم ز اول تو دہی میل دعا — تو دہی آخر دعاہا را جزا
اول و آخر توئی ما در میان — ہیچ ہیچے کہ نیاید در بیان
ہمچنین میگفت تا افتاد لخت — از سر بام و دلش بیہوش گشت
باز آمد او بہوش اندر دعا — لیس للانسان الا ما سعی

بولا قبطی تو دعا کر مہربان[1] — مین سیہ دل سے نرکھون وہ دہن
ایسا ہو کہ قفل اس در کا کھلے — زشت کو جا بزم خوبان مین ملے
تجھسے مسخی صاحب خوبی بنے — یا کہ پھر ابلیس کروبی بنے
یا طفیل دست مریم بوے مشک — اور تری اور میوہ پاے شاخ خشک
پس گرا سجدے مین سبطی اور کہا — اے علیم راز پنہان اے خدا
سبطی و قبطی ہین سب بندے ترے — عاجز و ناچار تیرے حکم سے
کس[2] سے حاجت چاہے بندہ تجھ بنا — ہے تجھی سے ہم اجابت ہم دعا
تو ہی دیتا پہلے ہی میل دعا — اور تو ہی آخر دعا کی دے جزا
اول و آخر تو ہی ہم درمیان — کچھ نہین کیا کچھ نہین کا ہو بیان
یہ ہی کہتا تھا کہ راز اک کھل گیا — اور بیہوش اُس کا دل ہو گیا
آیا پھر وہ ہوش مین اندر دعا — لیس للانسان الا ما سعی

سلہ بولا قبطی آلخ ۶ شعر قبطی نے کہا کہ تو دعا کر اے مہربان کہ مین تیرہ دلی سے وہ دہان نہین رکھتا ہون ایسا ہو کہ اس در کا قفل کھلے اور زشت کو بزم خوبان مین جا ملے مسخی تجھسے صاحب خوبی بنے یا بطفیل دست مریم کے بوے مشک اور تری میوے کی شاخ خشک پائے پس سبطی سجدے مین گرا اور کہا کہ اے علیم راز پنہان و اے خدا سبطی قبطی سب تیرے بندے ہین اور عاجز و ناچار ہین تیرے حکم سے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ سلہ کس سے آلخ ۵ شعر بجز سوا بندہ حاجت کس سے چاہے کہ تجھی سے ہم اجابت و ہم دعا ہے تو ہی اول میل دعا دیتا ہے اور تو ہی آخر دعا کی جزا دیتا ہے اول آخر تو ہے اور ہم بیچ درمیان کچھ نہین ہین اور کچھ نہین کا کیا بیان ہو یہ ہی کہتا تھا کہ راز کھل گیا اور اسکا دل بیہوش ہو گیا پھر وہ ہوش مین آیا اندر دعا کے ترجمہ نہین ہے واسطے انسان کے مگر وہ جو کہ کوشش کرے یعنی خوش اعتقادی سے راز کھلتا ہے طالب پر کہ وہ جویندہ اسرار کا ہی مگر حق کی جانب سے اس کی توفیق ہو کہ وہی میل دعا دیتا ہو اور وہی دعا قبول کرتا ہے آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲

در دعا بود او کہ ناگہ نعرهٔ / از دل قبطی بجست و غرهٔ
کہ ہلا بشتاب و ایمان عرضہ کن / تا ببرم زود زنار کہن
آتشے در جان من انداختند / مر بلیسے را بجان بنواختند
دوستی تو ز حب ناشگفت / حمد للہ عاقبت دستم گرفت
کیمیاے بود صحبت ہاے تو / کم مباد از خانۂ دل پاے تو
تو یکے شاخے بدی از نخل خلد / چون گرفتم او مرا تا خلد برد
سیل بود آنکہ تنم را در ربود / برد سیلم تا لب دریاے جود
من بہوے آب رفتم سوے سیل / بحر دیدم در گرفتم کیل کیل
طاس آوردش کہ اکنون آب گیر / گفت روشد آبہا پیشم حقیر
شربتے خوردم ز اللہ اشتری / تا بہ محشر تشنگی ناید مرا
آنکہ جوے و چشمہا را آب داد / چشمۂ اندر درون من کشاد
این جگر کہ بود گرم و آبخوار / گشت پیش ہمتش آب خوار
کاف کافی آمد او بہر عباد / صدق وعدہ کہیعص
کافیم بدہم ترا من جملہ خیر / بے سبب بے واسطہ یاری غیر
کافیم بے نان ترا سیری دہم / بے سپاہ و لشکرت میری دہم
کافیم بے داروت درمان کنم / کوہ را و چاہ را میدان کنم
بے کتاب و اوستا تلقین دہم / بے بہارت نرگس و نسرین دہم

[۱] وہ دعا مین تھا کہ ناگہ اک بڑا / نعرہ اس قبطی نے بس دل سے کیا
اور کہا ایمان بتادے مجھکو تو / تاکہ کاٹون جلد مین زنار کو
کہ لگائی جان مین آتش مرے / اور بلیسی کو نوازا جان سے
دوستی تجھسے تھی میری سرسری / حمد للہ دستگیری کی مری
کیمیا تھین صحبتین تیری ولے / کم نہو تیرا قدم دل سے مرے
ایک تھا تو شاخ نخل خلد سے / لے گئی تا خلد جو پکڑا اُسے
[۲] سیل تھا وہ تن کہ میری لیگیا / لیگیا مجھکو وہ تا بحر سخا
لینے پانی سیل کی جانب گیا / بحر پایا بس بہت میٹھے پیا
جام بھر لایا کہ پی تو اے امیر / بولا ہے پانی مرے آگے حقیر
کھایا شربت مین نے اللہ سے بری / حشر تک نے تشنگی ہووے ذرا
جس نے چشمے نہر کو پانی دیا / جاری چشمہ میرے اندر کردیا
یہ جگر کہ چاہتا تھا آب نیل / اسکے آگے اب ہوا پانی ذلیل
[۳] کاف کافی ہوگیا بہر عباد / صدق وعدہ کہیعص
مین ہون کافی خیر دون ہر طرح تجھے / بے سبب اور بے مدد بس غیر کے
مین ہون کافی سیر بے روٹی کردون / بے سپہ کے تجکو سرداری دون
مین ہون کافی بے دوا دارو کرون / کوہ کو اور چاہ کو میدان کرون
بے کتاب استاد کی تلقین کرون / بے بہار اب نرگس و نسرین دون

ف۱ وہ دعا مین الخ ۶ شعر وہ سبطی دعا مین تھا کہ ناگاہ ایک بڑا نعرہ اُس قبطی نے دل سے کیا اور کہا کہ تو مجکو ایمان بتادے تاکہ مین زنار کو جلدی کاٹون کہ میری جان مین آگ لگائی اور ابلیسی کو جان سے نوازا تجھ سے دوستی میری سرسری تھی الحمد للہ کہ میری دستگیری کری تیری ہم صحبتی کیمیا تھی ولیکن تیرا قدم خانۂ دل سے میرے گم نہو ایک تو شاخ تھا نخل خلد سے جو اُس کو پکڑو خلد تک لے گئی باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ف۲ سیل تھا الخ ۶ شعر سیل تھا کہ وہ میرے تن کو لے گیا اور لے گیا مجکو بحر سخا تک مین سیل کی جانب پانی لینے گیا دریا پایا اور بہت مین نے پیا وہ جام بھر کے لایا کہ تو نوش کر کہا کہ میرے آگے پانی حقیر ہے کہ مین نے کھایا شربت اللہ خرید ا ہے حشر تک تشنگی ذرا نہ ہووے جس نے نہر و چشمہ کو پانی دیا اور میرے اندر چشمہ جاری کیا آگے حقائق ہین یہ جگہ آب نیل چاہتا تھا آگے اُس کے پانی ذلیل ہوا یعنی مین تو پانی چاہتا تھا کہ مجکو دریاے معنی مل گیا کہ میرے دل مین اُس سے چشمہ جاری ہے آگے قول حق تعالے کا بطور حقائق کے ہے فافہم ۱۲ ف۳ کاف کافی الخ ۷ شعر کاف واسطے بندون کے کافی ہوگیا کہ سچا وعدہ ہے کہیعص مین کافی ہون بے روٹی کے سیر کردون اور بغیر سپاہ کے مین تجکو سرداری دون مین کافی ہون بغیر دوا کے معالجہ کردون کوہ و چاہ کو میدان کردون بغیر کتاب و اُستاد کے تلقین کردون اور بغیر بہار کے نرگس و نسرین دون جو ایک عصا سے موسیٰ کو دل دون وہ ایک عالم پر شمشیر کو مارے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

موسیی را دل دہم با یک عصا	تا زند بر عالمی شمشیر ہا	اک عصا نے من دل موسیٰ کو جو	مارے اک عالم پہ وہ شمشیر کو
دست موسیٰ را دہم یک نور و تاب	کہ طپانچہ می زند بر آفتاب	دست[1] موسیٰ کو میں دون اک نور تب	کہ طپانچہ مارے وہ خورشید پہ
چوب را مارے کنم من ہفت سر	کہ نزاید مادہ مار او را نر	سات سر کا سانپ کردوں چوب کو	کہ نہ پیدا مادہ اور نر سے ہو وہ
خون نیامیزم در آب نیل من	خود کنم خون عین آبش را بفن	نہ ملاؤں خون آب نیل میں	خون کروں خود میں آب اسکی کو میں
شادیت را غم کنم چون آب نیل	کہ نیابی سوے شادیہا دلیل	میں کروں شادی کو غم من آب نیل	کہ سو شادی نہ پائے تو دلیل
باز چون تجدید ایمان بر تنی	باز از فرعون بیزاری کنی	پھر کرے تجدید ایمان کی جو تو	اور پھر بیزار فرعون سے ہو تو
موسیٰ رحمت ببینی آمدہ	نیل خون بینی ازو آبے شدہ	دیکھ موسیٰ رحمت آئی آپ سے	دیکھ نیل خون کہ اس سے آب ہی
چون سر رشتہ نگہداری درون	نیل ذوقی تو نگردد ہیچ خون	جو خیال اسکا تو رکھے اندرون	نیل ذوق ہوئے تیرا مثل خون
من گمان بردم کہ ایمان آورم	تا ازین طوفان خود آبی خورم	تھا[5] گمان مجکو کہ ایمان لاؤں میں	پانی اس طوفان خوں سے پاؤں میں
من چہ دانستم کہ تبدیلی کند	در نہادم من مرا نیلی کند	کب یقین تھا کہ بدل دیگا مجھے	نیل باطن میں مرے جاری کرے
سوے چشم من بخود نیلم روان	برقرارم پیش چشم دیگران	نیل اک جاری ہو میرے سامنے	میں ہوں قائم دوسروں کے سامنے
ہمچنانکہ این جہان پیش نبی	غرق تسبیح ست و پیش ما غبی	جیسے یہ عالم نبی کے سامنے	غرق تسبیح ساکت اپنے سامنے
پیش پیغمبر جہان پر عشق و داد	پیش چشم دیگران مردہ جماد	پیش پیغمبر جہان پر عشق ہے	اور مردہ دوسروں کے سامنے
پست و بالا پیش چشمش تیز رو	از کلوخ و سنگ او نکتہ شنو	پست و بالا اُن کے آگے تیز رو	نکتے سنتے ڈھیلے پتھر سے ہیں وہ
با عوام این جملہ بستہ و مردہ گو	زین عجب تر من ندیدم پردۂ	عام[3] کے نزدیک یہ مردہ جہان	اس سوا پردہ نہ دیکھا میں نے ہاں
گورہا یکسان بہ پیش چشم ما	روضہ و حفرہ بہ چشم انبیا	گور سب اک سان ہمارے سامنے	روضہ حفرہ انبیا کے سامنے
عام گفتندے کہ پیغمبر ترش	از چہ گشتہ ست و شدست او ذوق‌کش	عام کہتے تھے نبی ہے ترش رو	کس سبب سے اور چھوڑا ذوق کو

[1] دست موسیٰ آلخ ۲ شعر دست موسیٰ کو ایک نور ایسا میں دون کہ وہ طپانچہ خورشید پر مارے عصا کو سات سر کا سانپ کردون کہ وہ نہ پیدا نر مادہ سے ہو خون نہ ملاؤں آب نیل میں عین آب اسکو میں خون کردون میں شادی کو غم کردون مانند آب نیل کے کہ جانب شادی کے تو دلیل نہ پاوے تو جو پھر تجدید ایمان کی کرے اور تو پھر بیزار فرعون سے ہووے موسیٰ دیکھ رحمت آئی آپ کو دیکھ نیل خون کو کہ اس سے آب ہو جو اسکا خیال تو اندر رکھے نیل ذوق تیرا مثل خون کے ہووے یعنی جو دل میں خیال یار کا رکھے اسکا ذوق نہ زائل ہووے کیونکہ یار ہر حال میں مددگار ہے آگے رجوع بقصہ ہے فافہم ۱۲ [5] تھا گمان آلخ ۲ شعر مجکو گمان تھا کہ میں ایمان لاؤں اور پانی اس طوفان خون سے پاؤں مجکو کب یقین تھا کہ وہ بدل دیگا اور نیل باطن میں جاری کردیگا میرے روبرو ایک نیل جاری ہے اور میں دوسروں کے روبرو قائم ہوں آگے اس کی مثال ہے جیسے یہ عالم نبی کے روبرو غرق تسبیح ہے اور اپنے روبرو ساکت ہے پیغمبر کے روبرو جہان پر عشق ہے اور دوسروں کے روبرو مردہ ہے پست بالا انکے روبرو تیز رو اور ڈھیلے پتھر سے وہ نکتے سنتے ہیں یعنی انبیا کے روبرو جہان اور ہی ایک حال رکھتا ہے کہ وہ حال عوام نہیں دیکھ سکتے ہیں باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ [3] عام کے آلخ ۲ شعر عام کے نزدیک یہ جہان مردہ ہے اسکے سوا میں نے پردہ نہیں دیکھا ہے آگے مثال ہے ہمارے روبرو سب گور اک سان ہیں اور روضہ حفرہ انبیا کے سامنے ہیں عام کہتے تھے کہ نبی ترش رو ہے کس سبب ذوق کو چھوڑا خاص یہ کہتے تھے کہ تمہارے روبرو ترش دکھتا ہے ایک دم ہماری آنکھوں میں آؤ بل باقی ہے انکی خدمت تم پاؤ جو نخل امرود الٹے دکھتی ہے صورت الٹی تو نخل سے اتر آ تیری ہستی درخت امرود کا ہے تو جبتک اس پہ ہے تجکو الٹا دکھتا ہے یعنی جب تک تو خود کو دیکھتا ہے دوسرون کو برا جانتا ہے اور جبکہ تو بیخود ہوا سب تیری نظر میں بہتر معلوم ہوں گے باقی حقائق آگے ہیں فافہم ۱۲

خاص می‌گفتند کز پیش چشم تان / می نماید او ترش اے اُمتان
یک نی مان در چشم ما آئید تا / خندہ ہا بینید اندر ہل اتی
ز سر امرود بن بنماید آن / منعکس صورت بزیر آی جوان
آن درخت ہستیت امرود بن / تا در آنجائے نماید نو کہن
تا در ان جائے ببینی خارزار / پر ز کژدم ہائے خشم و پُر زمار
چون فرود آئی ببینی رائگان / یک جہان پر گلرخان و دائگان
چون فرود آئی فرود آید ترا / در درون اسرار فیض کبریا

خاص کہتے تھے تمہارے روبرو / ترش دکھتا ہی وہ اے امتنکو
دم بھر آنکھون مین ہماری آکر تم / ہل اتی سے اُنکی فرحت پاؤ تم
دکھتی ہے جو تخیل سے امرود کے / صورت اُلٹی تو اتر آ تخیل سے
تیری ہستی ہی درخت امرود کا / تو ہی جبتک وہان دیکھے کہنہ نیا
جبتک اُس جا ہی تو دیکھے خارزار / اور پر غصہ کے بچھو اور مار
جو تو اُترے نیچے دیکھے رائگان / گلرخون اور دائیون سے پُر جہان
جو تو نیچے اُترے تو اُتریں ترے / دل مین بس اسرار فیض اللہ کے

حکایت آن زن پلید کار کہ شوہر را گفت این خیالات از سر امرودبن می نماید فرود آ تا آن خیالات برود و اگر کسے گوید کہ انچہ مرد میدید خیال نبود جواب آنست کہ این مثال است نہ مثل و ہمین کافی است

حکایت اُس زن فاحشہ کی کہ خاوند سے کہا کہ یہ خیالات تاثیر درخت امرود سے دکھتے ہین تو نیچے اُترا کہ یہ خیالات جاتے رہین اگر کوئی کہے کہ جو مرد دیکھتا تھا وہ خیال نہ تھا جواب اُسکا یہ مثال ہے مثل نہین ہے پس یہی کفایت کرتی ہے

آن زنی میخواست تا با مول خود / بر زند در پیش شوہے گول خود
پس بشوہر گفت زن کای نیکبخت / من برآیم میوہ چینیم اندر درخت

چاہا اک عورت نے اپنے یار سے / سامنے خاوند کی صحبت کرے
پس کہا عورت نے یہ خاوند سے / کہ مین چڑھ کر میوہ توڑون نخل سے

سلہ جب تک الخ ۳ شعر تو جب تک اُس جا ہے خارزار دیکھے اور غصہ کے بچھو و مار پُر دیکھے جو تو اوپر سے نیچے اُترے رائگان دیکھے گلرخون اور دائیون سے جہان بھرا ہو جو تو نیچے اُترے تو تیرے دل مین اُتریں فیض اللہ کے یعنی تو اپنی ہستی کو چھوڑ دے کہ فیضان الٰہی تیرے دل مین نزول کرین آگے حکایت زن فاحشہ کی اس کی مثال مین فرماتے ہین فافہم ۱۲

سلہ چاہا الخ ۲ شعر ایک عورت نے اپنے یار سے چاہا کہ روبرو خاوند کے صحبت کرے پس عورت نے یہ خاوند سے کہا کہ مین درخت پر چڑھکر میوہ توڑون جب کہ درخت پر چڑھی رونے لگی آپ ہی شوہر کی جانب دیکھکر اور شوہر سے کہا کہ اے ماہون بھلا لوطی تجھپر چڑھا ہے تو اُس کے نیچے مثل عورت کے پڑا ہے اسے بھڑوے اب تو مخنث ہوگیا شوہر نے کہا کہ کیا تیرا سر گھومتا ہے ورنہ یہان پر میرے سوا کوئی نہین ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

چون برآمد بر درخت آن زن گریست — چون ز بالا سوی شوہر بنگریست
جب درخت اوپر چڑھی رونے لگی — دیکھکر شوہر کی جانب آ ابھی

گفت شوہر را کہ ای مابون رد — کیست آن لوطی کہ بر تو می فتد
اور کہا شوہر سے ای مابون بھلا — کون ہی لوطی یہ تیرے پر چڑھا

تو بزیر آن چو زن بغنودهٔ — ای بغا تو خود مخنث بودهٔ
اُسکے نیچے مثل عورت کے پڑا — اے تو بھڑوے اب مخنث ہو گیا

گفت شوہر نی سرت گوئی بگشت — ورنہ اینجا نیست غیر من بدشت
بولا شوہر کیا یہ گھوما سر ترا — ورنہ یان پہ نے کوئی میرے سوا

زن مکرر کرد کاین با برطلہ — کیست بر پشتت فرو خفتہ ہلا
پھر کہا[سلہ] عورت نے اسکا نب بھلا — کون ہی یہ پشت پر تیری چڑھا

گفت ای زن ہین فرود آ از درخت — کہ سرت گشت و خرف گشتی تو سخت
بولا اے عورت اُتر آ تو ابھی — کہ ترا سر گھوما دیوانی ہوئی

چون فرود آمد برآمد شوہرش — زن کشید آن مول را اندر برش
جب وہ اُتری اور شوہر پھر چڑھا — یار کو آغوش مین زن نے لیا

گفت شوہر کیست این ای روسپی — کہ ببالای تو آمد چون کپی
بولا شوہر کون ہے یہ فاحشہ — کہ یہ تجھپر مثل بندر کے چڑھا

گفت زن نی نیست اینجا غیر من — ہین سرت برگشتہ شد ہرزہ متن
بولی عورت مے نے کوئی یان مجھ سوا — تیرا سر گھوما نہ ہذیان بک ذرا

او مکرر کرد بر زن آن سخن — گفت زن این ہست از امرودبن
اُسنے پھر یہ بات عورت سے کہی — بولی یہ تاثیر ہے اس نخل کی

از سر امرودبن من ہمچنان — کژ ہمی دیدم کہ تو ای قلتبان
نخل پر سے[سلہ] مجکو بھی اسطور سے — تھا دکھا بر عکس جو تجکو دکھے

پس فرود آ تا ببینی ہیچ نیست — این ہمہ تخییل از امرودبیست
پس اُتر کے دیکھ تو یان کچھ نہین — یہ خیال اس نخل کے ہین بالیقین

ہزل تعلیم است آن را جد شنو — تو مشو بر ظاہر ہزلش گرو
ہزل کی تعلیم ہی نیک اسکو جان — ہزل کی ظاہر پہ مت کر میل جان

ہر جدی ہزل است پیش ہازلان — ہزلہا جد است پیش عاقلان
ہزل جانین نیک کے پس ہازلان — نیک جانین ہزل کو پس عاقلان

کاہلان امرودبن جویند لیک — تا بدان امرودبن راہیست نیک
ڈھونڈھتے کاہل ہین نخل مرود کا — لیک اس امرود تک فرق ہی بڑا

نقل کن ز امرودبن اکنون برو — گشتهٔ تو خیرہ چشم و خیرہ رو
نخل سے امرود کے تو نقل کر — کہ ہوا تو خیرہ چشم و خیرہ سر

این منی و ہستی اول بود — کہ ازو دیدہ کژ و احول بود
یہ غرور و ہستی سب اول مین ہی — چشم تیری احول و کج اُس سے ہی

سلہ پھر کہا آہ آخ ۲ شعر پھر عورت نے اسکو کہا کہ یہ کون تیری پشت پر چڑھا ہے کہا کہ اے عورت اب تو اُتر آ کہ تیرا سر گھوما اور تو دیوانی ہوئی ہے جب وہ اُتری اور پھر شوہر چڑھا زن نے یار کو آغوش مین لیا شوہر نے کہا یہ کون ہے اے فاحشہ کہ تجھپر مثل بندر کے چڑھا ہے عورت نے کہا کہ یہان مجھ سوا کوئی نہین ہے تیرا سر گھوما ہے ہذیان تو مت بک اُسنے عورت سے پھر یہ بات کہی عورت نے کہا کہ یہ تاثیر اس درخت کی ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

سلہ نخل پر سے آخ ۷ شعر درخت پر سے مجکو بھی اسی طور سے دکھائی دیا تھا بر عکس کہ جو تجکو دکھا ہے پس اُتر کر دیکھ یہان کچھ نہین ہے یہ خیال اس درخت کے ہین بالیقین یہ تعلیم ہزل کی ہے اس کو نیک جان اور ہزل کے ظاہر پہ میل مت کر نیک کو ہزل جانتے ہین ہازل اور ہزل کو نیک جانتے ہین عاقل کاہل اُس نخل امرود کا ڈھونڈھتے ہین لیکن اس امرود تک بڑا فرق ہے آگے اسکے حقائق ہین تو نخل امرود سے نقل کر کہ تو خیرہ چشم اور خیرہ سر ہوا ہے یہ غرور و ہستی اول مین ہے چشم احول اور کج اُس سے بنتی ہے یعنی وجود نخل امرود ہے تو اس سے اُتر کہ تو خیرہ چشم وغیرہ سر ہے کیونکہ غرور ہستی چشم کو احول و کج بین کرتی ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

چون فرود آیی ازین امرود بن — کژ نماید خاطرت چشم و سخن
یک درخت سخت بینی گشته این — شاخ او بر آسمان هفتمین
چون فرود آیی ازو گردی جدا — مبدلش گرداند از رحمت خدا
راست بینی گر بدی آسان چنین — مصطفی کی خواستی از رب دین
گفت بنما جزو جزو از فوق و پست — آنچنانکه پیش تو آن جزو هست
زین تواضع گر فرود آیی خدا — راست بینی بخشد آن چشم ترا
بعد ازان بر رو بران امرود بن — که مبدل گشت و سبز از امر کن
چون درخت موسوی شد آن درخت — چون سوی موسی کشانیدی تو رخت
آتشش او را سبز و خرم میکند — شاخ او انی انا الله میزند
زیر ظلش جمله حاجاتت روا — این چنین باشد الهی کیمیا
آن منی و هستیت باشد حلال — که درو بینی صفات ذو الجلال

(۱) جو تو اترے نخل سے امرود کے — چشم و فکر و بات سب ٹیڑھی ہے
نخل سخت اس عزہ کا تجکو دکھے — شاخ اسکی ساتوین افلاک پے
جو تو اترے اور ہو اُس سے جدا — پس بدل دے تجکو رحمت سے خدا
راست بینی ہوتی گر آسان اُسے — مصطفیٰ کب چاہتے اللہ سے
(۲) بول بتلا جزو جزو آفاق سے — تیرے آگے جس طرح وہ جزو ہے
گر تو اترے اس تواضع سے خدا — راست بینی تجکو بخشے ظاہرا
بعدہ چڑھ نخل پر امرود کے — کہ ہوا تبدیل کن کے امر سے
سوئے موسیٰ لایا تو اسباب کو — نخل موسیٰ ہو گیا پس تجکو وہ
آتش اسکو سبز و خرم کرتی ہے — اسکی شاخ انی انا اللہ کہتی ہے
جملہ حاجت اُسکے سائے مین روا — ایسی ہوتی ہے الٰہی کیمیا
ہو غرور ہستی وہ تجکو حلال — اسمین تو دیکھے صفات ذوالجلال

باقی قصہ موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام

شد درخت کج مقوم حق نما — اصله ثابت و فرعه فی السما
آمدش پیغام از وحی مهم — که کژی بگذار اکنون فاستقم
این درخت تن عصای موسی است — کامرش آمد که بیندازش ز دست
تا ببینی خیر او هم شر او — بعد ازان برگیر او را ز امر هو
پیش زافگندن نبود او غیر چوب — چون بامرش برگرفتی گشت خوب

باقی قصہ موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کا

(۳) نخل کج سیدھا ہوا اور حق نما — اصلہا ثابت و فرعہا فی السما
آیا پیغام اُن کو با وحی مہم — اس کجی کو چھوڑ اب ہو فاستقم
(۴) یہ درخت تن عصا موسیٰ کا ہے — حکم آیا اسکو ڈال اب ہاتھ سے
تا کہ دیکھے اسمین خیر و شر کو تو — بعدہ اسکو اٹھا یا حکم ہو
ڈالنے سے پہلے تھا وہ ایک چوب — جو اٹھایا حکم سے پایا وہ خوب

(۱) جو تو اترے الخ ۴ شعر جو تو نخل امرود سے اُترے چشم و فکر و بات سب ٹیڑھی دیکھے تجکو نخل سخت اس غرور کا دکھے اور شاخ اسکی ساتوین آسمان پر ہے جو تو اُترے اور اُس سے جدا ہووے پس رحمت سے حق تجکو بدل دیوے اگر راست بینی آسان ہوتی اسکو مصطفیٰ صلعم کب اللہ سے چاہتے یعنی راست بینی اگر آسان ہوتی بموجب حدیث شریف کے اللھم ارنا الاشیاء کما ھی باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ (۲) بول الخ ۲ شعر فرمایا کہ بتلا جزو جزو آفاق سے تیرے آگے جس طور سے وہ جزو ہے تو اترے اس تواضع سے تجکو خدا راست بینی بخشے ظاہر بعدہ نخل امرود پر چڑھ کہ تبدیل ہوا امر کن سے موسیٰ کی طرف تو لایا اسباب کو نخل موسیٰ ہو گیا وہ نخل یعنی مرشد کی جانب جو یہ بات لایا تجلی جگہ مثل نخل ایمن موسیٰ علیہ السلام کے اُس کو آتش سبز و خرم کرتی ہے اسکی شاخ انی انا اللہ کہتی ہے اسکے سائے مین جملہ حاجت روا ہے الٰہی کیمیا ایسی ہوتی ہے وہ غرور ہستی تجکو حلال ہو کہ تو اس مین دیکھے صفات ذوالجلال کی یعنی وہ درخت وجود تیرا صحبت مرشد سے تجلی ہو کر انی انا اللہ مثل نخل ایمن سے کہے آگے قصہ موسیٰ علیہ السلام کا ہے فافہم ۱۲ (۳) نخل کج الخ ۲ شعر نخل کج سیدھا ہوا اور حق نما ترجمہ کہ جڑ اسکی زمین مین اور شاخ اسکی آسمان پر انکو پیغام آیا وحی خدا سے کہ اس کجی کو چھوڑ اور مستقیم ہو باقی حال اسکا آگے ہے فافہم ۱۲ (۴) یہ درخت الخ ۶ شعر درخت بدن موسیٰ کا عصا ہے اُس کو حکم آیا کہ اب ہاتھ سے ڈالدے تا اُسکے خیر و شر کو تو دیکھے بعدہ اسکو اٹھا حکم موسیٰ سے وہ ڈالنے سے ایک چوب تھا جو حکم سے اٹھایا اسکو خوب پایا وہ پہلے آلہ تھے جھاڑنے بکری کا تھا پھر وہ معجزہ کفار کا ہوا فرعون پر عکس انکے پانی کو ظاہر خون کر دیا ان کے کھیتوں سے قحط و مرگ اُگا کہ جو ٹڈیوں نے ان کے برگ کھائے تھے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

روز او بد برگ افشان بره را	گشت معجز آن گروه غره را	پہلے تھے جھاڑتا بکری کو تھا	پھر ہوا وہ معجزہ کفار کا
گشت حاکم بر سر فرعونیان	آب شان خون کرد کف عمران	ہو گیا فرعونیون پہ حکمران	کر دیا خون اُنکے پانی کو عیان
از مزارع شان بر آمد قحط و مرگ	از ملخ ہاے کہ میخوردند برگ	اُنکے کھیتون سے اُگا بس قحط و مرگ	ٹیڑیون نے جو کھا لئے اُنکے برگ
تا بر آمد بیخود از موسیٰ دعا	چون نظر افتادش اندر منتہی	نکلی تا موسیٰ سے بیخود بد دعا	جو انھون نے اُنکی دیکھی انتہا
کاین ہمہ اعجاز و کوشیدن چہ است	چون نخواہند این جماعت گشت راست	کیون ہے یہ اعجاز اور کوشش بھی	جو نہ چاہے یہ جماعت راستی
امرش آمد کا تباع نوح کن	ترک پایان بینی و مشروح کن	حکم ہونچا پیروی نوح کر	انتہا کی شرح مت پوچھ اے بشر
منگر آخر را کہ تو داعی رہی	امر بلغ ہست آن نبود تہی	انتہا کو دیکھ مت تو داعی ہی	حکم ہونچانا نہ خالی بھید سے
کمترین حکمت کزین الحاح تو	جلوہ گردد آن لجاج و آن عتو	ادنی حکمت تیرے اس الحاح کی	ہوگی ظاہر اور عجز و سرکشی
تا کہ رہ بنمودن و اضلال حق	فاش گردد بر ہمہ اہل فرق	تا ہدایت اور ضلالت حق کی سب	عاقل و دانا پہ کھل جائیگی اب
چونکہ مقصود از وجود اظہار بود	بایدش از پند و اغوا آزمود	جو غرض تخلیق سے اظہار تھا	امتحان بس پند و اغوا سے کیا
دیو الحاح غوایت می کند	شیخ الحاح ہدایت می کند	دیو کرتا ہے ضلالت کی دعا	شیخ کرتا ہے ہدایت کی دعا
باز گرد و قصۂ قبطی بگو	گرد کفر از باطن خود زود شو	لوٹ تو اور قصہ قبطی کا کہو	اپنے باطن سے غبار کفر دھو

سخت شدن کار بر قبطیان و شفاعت کردن فرعون

مشکل ہونا کام کا قبطیون پر اور شفاعت چاہنا فرعون کی

چون پیاپے گشت آن امر شجون	نیل می آمد سراسر جملہ خون	جو وہ پے در پے ہوا امر عظیم	خون ہوا سب نیل بارے اے حکیم

سلہ ۵۱ نکلی الخ ۶ شعر تا موسیٰ سے بد دعا بیخود نکلی جو اُن کی انتہا انھون نے دیکھی یہ سب اعجاز اور کوشش کس واسطے ہیں جو جماعت راستی نہ چاہے حکم ہونچا کہ پیروی نوح کی کر اور انتہا کی شرح مت پوچھ اے بشر انتہا کو مت دیکھ کہ تو دعوت کرنے والا ہے حکم ہونچانا خالی بھید سے نہین ہے ادنی حکمت اس دعا سے تیری ظاہر ہوگی و عجز و سرکشی تا ہدایت و ضلالت حق کی سب عاقل و دانا پر اب کھل جائے گی یعنی تو ہدایت مخلوق کی کر او ما انتہا راز کی دریافت نہ کر بھید اس کا خود کھل جائے گا باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

سلہ ۵۲ جو غرض الخ ۳ شعر جو کہ غرض تخلیق سے اظہار تھا امتحان پند و اغوا سے کیا دیو ضلالت کی دعا کرتا ہے اور شیخ ہدایت کی دعا کرتا ہے تو لوٹ اور قصہ قبطی کا کہہ اور اپنے باطن سے غبار کفر کا دھو آگے قبطیون کا بیان ہے فافہم ۱۲

سلہ ۵۳ جو وہ الخ ۹ شعر جو وہ پے در پے امر عظیم ہوا نیل سب خون ہوا اے حکیم اللہ پر جب فرعون اپنی ذات سے آیا خوشامد کی اور اس بات سے جھکا مین ستیجہ کچھ کیا تو اے سلطان مت کر میرا کیا منہ ہے کہ حجت بات پر لاؤن مین نے تیرے حکم میں رخنے ڈالے تو سخت مت پکڑ کہ مین باعزت ہون تو اب قسم بالا رحمت سے ہانکہ یہ دہان آتشین بند ہو دست عرض کی کہ یارب وہ مجھ کو فریب دیتا ہے اس فریبندہ تیرے کو فریب دیتا ہے مین سنون یا مین بھی اسکو فریب دون تا وہ ظاہر شاخ جانے اصل غیب کو ہر حیلہ کی اصل میرے پاس ہے جو خاک پر ہے تو جڑ اُس کی چرخ پر ہے حق نے فرمایا کہ وہ سگ اسکے لائق نہین ہے آگے سگ کے ہڈی دور سے پھینک یعنی تو اس کو فریب مت دے وہ کتا ہے آگے اس کا بیان ہے فافہم ۱۲

تا بعکس خویش فرعون آمدش | لابه میگردد و تا گشته قدش
کانچه ما کردیم اے سلطان مکن | نیست ما را روی ایراد سخن
پاره پاره کردمت فرمان پذیر | من بعزت خو گرم سختم مگیر
هین بجنبان لب بحجت الامین | تا به بندد این دهان آتشین
گفت یارب می فریبد او مرا | می فریبد او فریبیده ترا
بشنوم یا من دهم هم خدعه اش | تا بداند اصل را آن فرع کش
کاصل هر مکری و حیلت پیش ماست | هر چه بر خاک است اصلش بر سماست
گفت حق آن سگ نیرزد هم بدان | پیش سگ انداز از دور استخوان
هین بجنبان آن عصا تا خاکها | وا دهد هر چه ملخ کردش هبا
وین ملخها در زمان گردد سیاه | تا ببیند خلق تبدیل اله
که سببها نیست حاجت مر مرا | آن سبب بهر حجاب است و غطا
تا طبیعی خویش بر دارو زند | تا منجم رو به استاره کند
تا منافق از حریصی بامداد | سوی بازار آید از بیم کساد
بندگی ناکرده و ناشسته رو | لقمهٔ دوزخ بگشته لقمه جو
آکل و ماکول آمد جان عام | همچو آن بره چرنده از حطام
می چرد آن بره و قصاب شاد | کو برای ما چرد برگ مراد
کار دوزخ می کنی در خوردنی | بهر او خود را تو فربه می کنی
کار خود کن روزی حکمت بجو | تا شود فربه دل با کر و فر
خوردن تن مانع این خورد نیست | جان چو بازرگان و تن چون رہزن است

آیا تب فرعون اپنی ذات سے | کی خوشامد اور جھکا اس بات سے
جو کیا میں نے تو اے سلطان نکر | کیا مرا منہ لائق حجت بات پر
میں نے رخنے ڈالے تیرے حکم میں | سخت مت پکڑے کہ باعزت ہوں میں
لب ہلا حجت سے اپنے اے امین | تا کہ بند ہووے یہ دہان آتشین
بولے یارب وہ مجھے دیوے فریب | اس فریبیدہ کو تیرے دے فریب
میں سنوں یا میں بھی دوں اسکو فریب | تا وہ ظاہر شاخ جانے اصل عجیب
اصل ہر حیلے کی میرے پاس ہے | خاک پر جو ہے جڑ اسکی چرخ پہ ہے
بولا حق وہ سگ نہیں لائق اسکے ہے | آگے سگ کے پھینک کچھ ہڈی دور سے
تو ہلا اپنا عصا تا خاک سے | پھر اُگے ٹیڑی نے کھایا جو کہ ہے
ٹیڑیاں ہوں مر کے اسدم سیاہ | تا کہ جانے خلق تبدیل الٰہ
کہ نہیں حاجت سبب کی کچھ مجھے | وہ سبب ہیں محض پردہ کے لئے
تا طبیعت اپنی دارو پر رکھے | تا منجم رو ستارہ پر کرے
تا منافق حرص سے ہر صبح کو | سوے بازار آئے تا نقصان نہو
بے کئے وہ بندگی بے دھوئے رو | لقمۂ دوزخ کا ہوا وہ لقمہ جو
آکل و ماکول آئی جان عام | جیسے بکس کھائے وہ بکری صبح و شام
چرتی ہے بکری و خوش قصاب ہے | کہ وہ چرتی خوب ہے میرے لئے
کار دوزخ کرتا تو کھانے میں ہے | خود کو فربہ کرتا ہے اسکے لئے
کام اپنا کر غذا حکمت کی کھا | تا کہ فربہ ہووے دل اس سے ترا
اس غذا کی مانع ہے تن کی غذا | جان تاجر تن ہے رہزن با جفا

سلہ تو ہلا الخ ۶ شعر تو اپنا عصا ہلا تا خاک سے پھر اُگے جو ٹیڑی نے کھایا ہے اسدم سب ٹیڑیاں مر کر سیاہ ہوں تا کہ مخلوق جانے تبدیل خدا کی مجھے کچھ حاجت سبب کی نہیں ہے وہ سبب محض پردے کے واسطے ہیں یا طبیعت خود کو دارو پر رکھے و تا منجم رو ستارہ پر کرے تا منافق حرص سے ہر ایک صبح کو جانب بازار کے آئے تا کہ نقصان نہ ہووے بے بندگی کئے و بے منہ دھوئے لقمہ دوزخ کا ہوا وہ لقمہ جو آگے اسکے حقائق ہیں یعنی فعل حق کو حاجت سبب کی نہیں اور یہ سب محض پردے کے واسطے ہیں آگے اس کے حقائق ہیں فافہم ۱۲ سلہ آکل و ماکول الخ ۷ شعر جان عام کی اکل و ماکول آئی جیسے بکری بکس کھائے صبح و شام بکری چرتی ہے اور قصاب خوش ہے کہ وہ میرے واسطے خوب چرتی ہے کام دوزخ کا تو کھانے میں کرتا ہے کہ خود کو فربہ کرتا ہے اسکے واسطے اپنا کام کر اور غذا حکمت کی کھا تا کہ دل تیرا اس سے فربہ ہووے اس غذا کی مانع تن کی غذا ہے کہ جان تاجر ہے اور یہ تن رہزن باطن ہیں ہر شمع تاجر کی جو روشن ہوئی جان رہزن کی مثل ہیزم کے جلی خود کو گم نہ کر کہ تو ایک ہوش ہے اور باقی ہوش سب پردہ پوش ہیں یعنی جان میں جتنی شے پیدا ہوئی ہیں سب آپس میں آکل و ماکول ہیں پس تو غذا تن کی کم کر کہ غذا جان کی زیادہ ہووے باقی حال اس کا آگے ہے فافہم ۱۲

شمع تاجر آن کہ ہست افروختہ / کہ بود رہزن چو ہیزم سوختہ
خویشتن را گم مکن یاوہ مکوش / کہ تو آن ہوشی و باقی ہوش پوش
دانکہ ہر شہوت چو خمرست و چو بنگ / پردۂ ہوش ست و عاقل زوست دنگ
خمر تنہا نیست سرمستی ہوش / ہرچہ شہوانیست بندد چشم و گوش
ترک شہوت کن اگر خواہی تو ہوش / دانکہ شہوت باز بندد چشم و گوش
آن بلیس از خمر خوردن دور بود / مست بود او از تکبر و ز جحود
مست آن باشد کہ آن بیند کہ نیست / زر نماید آنچہ مس و آہنی ست
این سخن پایان ندارد موسیا / لب بجنبان تا برون آید گیا

شمع تاجر کی جو وہ روشن ہوئی / جان رہزن مثل ہیزم کے جلی
گم نہ کر خود کو کہ تو ہی ایک ہوش / ور باقی ہوش ہین سب پردہ پوش
جان ہر خواہش ہے مثل خمر و بنگ / ہوش کا پردہ و عاقل اس سے دنگ
مے نہین ہے صرف مستی اور ہوش / جو ہے خواہش ہے حجاب چشم و گوش
چھوڑ خواہش کو اگر چاہے تو ہوش / بند کرتین خواہشین ہین چشم و گو
تھا وہ میخواری سے بس ابلیس دور / تھا تکبر سے وہ مست اور پر غرور
مست وہ ہے کہ وہ دیکھے نیست کو / مثل تانبا لوہا دیکھے زر کو وہ
بات یہ بے انتہا ہے موسیا / لب ہلا تو تاکہ پیدا ہو گیا

دعا کردن موسیٰ علیہ السلام و سبز شدن کشت

دعا کرنا موسیٰ علیہ السلام کا اور سبز ہونا کھیتون کا اور برسنا پانی کا

ہمچنان کرد و ہم اندر دم زمین / سبز گشت از سنبل و حب ثمین
اندر افتادند در لوت آن نفر / قحط دیدہ مردہ از جوع البقر
چند روزے سیر خوردند از عطا / آن دمی و آدمی و چارپا
چون شکم پر گشت و بر نعمت زدند / وان ضرورت رفت و طاغی آمدند
نفس فرعونیست ہان سیرش مکن / تا نیارد یاد زان کفر کہن
بے تف آتش نگردد نفس خوب / تا نشد آہن چو اخگر ہین مکوب

پس کیا ویسا زمین بھی اس گھڑی / سنبل و سبزہ سے تازہ تر ہوئی
پڑ گئے کھانے کے اندر وہ نفر / قحط سے جنکو کہ تھی جوع البقر
تھوڑے دن بخشش سے کھایا پیٹ بھر / ہو گئے سب سیر مردم جانور
جب بھرا پیٹ اور آسودہ ہوئے / اور ضرورت وہ گئی باغی بنے
نفس ہے فرعون پیٹ اسکا نہ بھر / تا نہ کفر اپنا کرے یاد اسے بشر
نفس بے تیز آگ کے نہ ہو نکو / تا نہ لوہا سرخ ہو مت کوٹ تو

سلہ جان آخ ۶ شعر جان سے ہر ایک خواہش سے ہے مثل خمر و بنگ کے ہوش کا پردہ ہے اور عاقل اس سے دنگ ہے کچھ شے ہی سرور مستی و ہوش کی نہین ہے جو خواہش وہ چشم گوش کی حجاب ہے خواہش کو چھوڑ اگر تو ہوش چاہتا ہے کہ خواہشین چشم و گوش بند کرتی ہین اس میخواری سے ابلیس دور تھا بلکہ تکبر سے وہ مست و پر غرور تھا وہ مست ہے کہ وہ نیست کو دیکھے اور مثل تانبا و لوہا دیکھے زر کو بات یہ بے انتہا ہے موسیا تو لب ہلا تاکہ گیاہ پیدا ہو یعنی تو اپنی خواہشات کو چھوڑ کہ با ہوش ہو کیونکہ خواہشات اندھا و بہرا کرتی ہین آگے دعا موسیٰ علیہ السلام کا بیان ہے فافہم ۱۲

سلہ پس کیا آخ ۶ شعر یعنی ویسا کیا زمین بھی اس گھڑی پر سنبل و سبزہ سے تازہ تر ہوئی کھانے کے اندر پڑ گئے وہ نفر جن کو قحط کے مارے جوع البقر تھی تھوڑے دن بخشش سے پیٹ بھر کے کھایا سب جانور و مردم سیر ہو گئے جب پیٹ بھرا اور آسودہ ہوئے وہ ضرورت گئی اور باغی ہوئے آگے اس کے حقائق ہین نفس فرعون ہے اس کا پیٹ مت بھر تا کہ اپنا کفر یاد نہ کرے نفس بغیر آتش تیز کے خشک نہ ہووے جب تک لوہا سرخ نہ ہووے اسے مت کوٹ یعنی نفس بغیر آتش عشق کے راستی پر نہین آتا ہے پس تو آتش عشق پیدا کر کہ کبھی نفس سے تجکو نجات ہووے باقی حال اس کا آگے ہے فافہم ۱۲

بیمجاعت نیست تن جنبش کنان　　آهن سردست میکوبی ازان
ور بنالد ور بگرید زار زار　　او نخواهد شد مسلمان هوشدار
او چو فرعونست در قحط آنچنان　　پیش موسی سر نهد لابه کنان
چونکه مستغنی شد او طاغی شود　　خر چو بار انداخت اسکیزه زند
پس فراموشش شود چون رفت پیش　　کار او زان آه و زاریهای خویش
سالها مرد که در شهری بود　　یک زمان که چشم در خوابی رود
شهر دیگر بیند او پر نیک و بد　　هیچ در یادش نیاید شهر خود
که من آنجا بوده ام این شهر نو　　نیست آن من درین جایم گرو
بل چنان داند که خود پیوسته او　　هم درین شهرش بد ابداع و خو
چه عجب گر روح موطنهای خویش　　که بدستش مسکن و میلاد پیش
می نیارد یاد کاین دنیا چو خواب　　می فرو پوشد چو اختر را سحاب
چند نوبت آزمودی خواب را　　خواب دنیا را همان بین ای بتا
خاصه چندین شهرها را کوفته　　گردها از درگه او ناروفته
